विज्ञातव्याः क्रमशः प्राच्यादीनां दिशांपतयः ॥ ३ ॥ * ॥

۳- اِندر اگنی جم نرِت بارُن بایو سوم اور ایشان یے آٹھ دیوتا کرم سے پُورب آد آٹھ دِشاؤنکے سوامی ہین

दिक्पतिसंज्ञाश्चशिरानवमी मध्येमहाशिरानाम्नी । ए-
ताभ्योऽन्याः शतशो विनिस्सृतानामभिःप्रथिताः ॥ ४ ॥

۴- اِن آٹھ دِشاؤن کے سوامیون کے نام سے آٹھ شِرا پرسدّھ ہین جیسا آیندری آگنیی جامیا آد اور بیچ مین ایک بڑی شِرا مہاشِرا کے نام سے پرسدّھ ہے اِن سے اَدھک اور بھی سیکڑون شِرا (نسین) نکلی ہین وے اپنے اپنے نام سے پرسدّھ ہین -

पातालादूर्ध्वशिराःशुभाश्चतुर्दिक्षुसंस्थितायाश्च । को-
णदिगुत्थानशुभाःशिरानिमित्तान्यतोवक्ष्ये ॥ ५ ॥ * ॥

۵- پاتال سے جو شِرا سیدھی اُوپر کو نکلتی ہو وہ اور پُورب آد چارون دِشاؤن مین جو شِرا ہون وے شُبھ ہوتی ہین اور اگنی کون آد چارون کونون مین جو شِرا ہون وے شُبھ نہین ہوتی ہین - اب شِرا گیان ہونے کا چِنّھ کہتے ہین -

यदिवेतसोऽम्बुरहितेदेशेहस्तैस्त्रिभिस्ततःपश्चात् ।
सार्धेपुरुषेतोयंवहतिशिरापश्चिमातत्र ॥ ६ ॥ * ॥

۶- جو جل سے رہت دیش (جانگل) مین بینتس (بید مجنون) کا برچھ ہو تو اُس برچھ سے پچھم تین ہاتھ پر ڈیڑھ پُرش نیچے جل ہوتا ہے اور وہان پچھم کی شِرا بہتی ہے - منگھ اپنی بھجا اوپر کو کھڑی کرے اُتنی لمبائی کو ایک پُرش کہتے ہین وہ ایکسو بیس(۱۲۰) انگل ہوتی ہے -

चिह्नमरिचार्धपुरुषेमण्डूकःपाण्डुरोऽथमृत्पीता । पुट
भेदकश्चतस्मिन्पाषाणोभवति.तोयमधः ॥ ७ ॥

۷- وہان یہ چِنّھ ہوتا ہی کہ آدھا پُرش کھودنے پر پانڈر (کچھ سفید) رنگ کا مینڈھک نکلتا ہے پھر پیلے رنگ کی مٹّی نکلتی ہے پیچھے پرت دار پتھر نکلتا ہے اُسکے نیچے جل ہوتا ہے -

जम्ब्वाश्चोदग्घस्तैस्त्रिभिःशिराधोनरद्वयेपूर्वा । मृ-
ल्लोहगन्धिकापाण्डुराऽथपुरुषेत्रमण्डूकः ॥ ८ ॥

۸- نرجل دیش مین جو جامن کا برچھ ہو تو اُس سے تین ہاتھ اُتّر دو پُرش نیچے پُورب شِرا ہوتی ہے وہان کھودنے سے لوہے کے گندھ والی مٹّی نکلتی ہے - پیچھے پانڈر (کچھ سفیدی مایل) رنگ

کی مٹی نکلتی ہے اور ایک پرش نیچے کھودنے سے مینڈھک نکلتا ہے -

जम्बूवृक्षस्य प्राक् वल्मीको यदि भवेत्समीपस्थः । त-
स्माद्दक्षिणपार्श्वे सलिलं पुरुषद्वये स्वादु ॥ ९ ॥ ० ॥
अर्धपुरुषे च मत्स्यः पारावतसन्निभश्च पाषाणः । मृ-
द्भवति चात्र नीला दीर्घं कालं च बहु तोयम् ॥ १० ॥

۹- جامن کے پیڑ سے پورب دشا مین پاس ہی سانپ کی بانبی ہو تو اُس پیڑ سے تین ہاتھ دکھن دو پرش نیچے میٹھا جل ہوتا ہے - ۱۰- آدھا پرش کھودنے سے مچھلی نکلتی ہے - پاراوت پنچھی (کبوتر) کے رنگ کا پتھر نکلتا ہے - نیلی مٹی یہان ہوتی ہے اور جل بھی بہت ہوتا ہے اور بہت دنون تک رہتا ہے - جہان ہاتھ کا پرمان آیا جنہ کیے وہان اوپر کہا ہوا پرمان جانو جیسا یہان پرمان نہین کہا اسلیے اوپر کہا ہوا تین ہاتھ سمجھنا چاہیے -

पश्चादुदुम्बरस्य त्रिभिरेव करैर्नरद्वये सार्धे । पुरुषे
सितो हिरश्मा ऽञ्जनोपमो ऽधः शिरा सुजला ॥ ११ ॥

۱۱- ہر جل دیش مین گولر کا پیڑ (برچھ درخت) دیکھ پڑے تو اُس سے تین ہاتھ پچھم اڑھائی پرش نیچے شرا ہوتی ہے - ایک پرش نیچے سفید سانپ نکلتا ہے پھر انجن کے سمان کی اُت بہت کرشن برن (نہایت سیہ فام) پتھر نکلتا ہے اُسکے نیچے سُندر جل بھگت شرا ہوتی ہے -

उदगर्जुनस्य दृश्यो वल्मीको यदि ततोऽर्जुनाद्धस्तैः । त्रि-
भिरम्बु भवति पुरुषैस्त्रिभिरर्धसमन्वितैः पश्चात् ॥ १२ ॥
श्वेता गोधाऽर्धनरे पुरुषे मृद्धूसरा ततः कृष्णा । पीता
सिताससिकता ततो जलं निर्दिशेदमितम् ॥ १३ ॥

۱۲- ارجن برچھ سے جو اُتر بلمیک (بانبی) دیکھ پڑے تو اُس ارجن برچھ سے تین ہاتھ پچھم ساڑھے تین پرش نیچے جل ہوتا ہے - ۱۳- آدھا پرش کھودنے پر سفید رنگ کی گودھا (گوہ) نکلتی ہے ایک پرش نیچے دھوسر رنگ کی مٹی نکلتی ہے پھر کالی پیلی اور اجلی مٹی بالو ریت سے ملی ہوئی نکلتی ہے اُسکے نیچے بہت جل کہنا چاہیے -

वल्मीकपरिवृतायां निर्गुण्ड्यां दक्षिणेन कथितकरैः ।
पुरुषद्वये सपादे स्वादु जलं भवति चाशोष्यम् ॥ १४ ॥
रोहितमत्स्योऽर्धनरे मृत्कपिला पाण्डुरा ततः परतः । सि-
कता सशर्करा ऽथ क्रमेण परतो भवत्यम्भः ॥ १५ ॥

۱۴- بانبی جُکت نرگنڈی برچھ ارتھات سنڈھوار برچھ ہو تو اُس سے تین ہاتھ دکھن کو سوا دو پُرش نیچے میٹھا اور کبھی نہ سُوکھنے والا جل ہوتا ہے - ۱۵- آدھا پُرش کھودنے پر رُوہت منتس (رُوہو مچھلی) نکلتی ہے پھر کرم سے کپل رنگ کی مٹی پانڈر رنگ کی مٹی اور پتھر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں سے ملا ہوا بالو رنیت نکلتا ہے اُسکے نیچے جل ہوتا ہے -

पूर्वेणायदि वदर्या बल्मीको दृश्यते जलं पश्चात् । पुरु-
षैस्त्रिभिरादेश्यं श्वेता गृहगोधिकाऽर्धनरे. ॥ १६ ॥

۱۶- بدری برچھ (بیر) کے پُورب جو بانبی ہو تو اُس برچھ کے تین ہاتھ پچھم تین پُرش نیچے جل کہنا چاہیے - آدھا پُرش کھودنے سے سفید رنگ کی چھپکلی نکلتی ہے -

सपलाशा वदरी चेद्दिश्यपरस्यां ततो जलं भवति । पुरु
षत्रये सपादे पुरुषेऽत्र च डुण्डुभश्चिह्नम् ॥ १७ ॥+॥

۱۷- نرجل دیش مین پلاس برچھ سہت بدری برچھ ہو تو اُس سے پچھم تین ہاتھ پر سوا تین پُرش نیچے جل ہوتا ہی یہان ایک پُرش کھودنے پر ڈُنڈبھ ارتھات ایکطرحکا بغیر زہر کا سانپ نکلتا ہے یہی پہچان ہی -

बिल्वोदुम्बरयोगे विहाय हस्तत्रयं तु याम्येन । पुरुषै-
स्त्रिभिरम्बु भवेत् कृष्णोऽर्धनरे च मण्डूकः ॥ १८ ॥

۱۸- بیل کا پیڑ اور گُولر کا پیڑ جہان دونوں اکٹھے ہوں اُنسے تین ہاتھ دکھن چھوڑ کر تین پُرش نیچے جل ہوتا ہے اور آدھا پُرش کھودنے سے کالے رنگ کا مینڈھک نکلتا ہے -

काकोदुम्बरिकायां बल्मीको दृश्यते शिरा तस्मिन् ।
पुरुषत्रये सपादे पश्चिमदिक्स्था वहति सा च ॥ १६ ॥
आपाण्डुपीतिका मृद्गोरसवर्णश्च भवति पाषाणः । पु-
रुषार्धे कुमुदनिभो दृष्टिपथं मूषको याति ॥ २० ॥+॥

۱۹- کاکودُمبر کا برچھ (کٹھ گُولر) کے بہت ہی پاس مین بانبی ہو تو اُس بانبی کے نیچے ہی سوا تین پُرش کھودنے سے پچھم بہنے والی شِرا نکلتی ہے - ۲۰- پانڈُ اور پیلے رنگ کی مٹی نکلتی ہے گورس (گئو کا مٹھا) کے سمان اُجلے رنگ کا پتھر نکلتا ہے اور آدھا پُرش نیچے کھودنے سے کمد پُشپ (گل نیلوفر) کے سمان اُجلے رنگ کا مُوشک (چُوہا) دیکھ پڑتا ہے -

जलपरिहीने देशे वृक्षः कम्पिल्लको यदा दृश्यः । प्रा-
च्यां हस्तत्रितये वहति शिरा दक्षिणा प्रथमम् ॥ २१ ॥

मृन्नीलोत्पलवर्णा कापोता चैव दृश्यते तस्मिन् । हस्ते
ऽजगन्धिमत्स्यो भवति पयोऽल्पं च सक्षारम् ॥ २२ ॥

۲۱ - نرجل دیش مین کمپلک برچھ دیکھ پڑے تو اس برچھ کے تین ہاتھ پورب سوا تین پرش نیچے دکھن شرا بہتی ہے - ۲۲ - پہلے نیلے کمل کے رنگ کی مٹی نکلتی ہے پھر کپوت (کبوتر) کے رنگ کی مٹی دیکھ پڑتی ہے - ایک نیچے مچھلی نکلتی ہے جسمین بکرے کی سی دُرگندھ آتی ہے - وہان تھوڑا اور کھاری جل نکلتا ہے -

श्योणाकतरोरपरोत्तरे शिरा द्वौ करावतिक्रम्य । कुमु
दा नाम शिरा सा पुरुषत्रयवाहिनी भवति ॥ २३ ॥

۲۳ - نرجل دیش مین شیوناک (ارلو) برچھ دیکھ پڑے تو اس سے دو ہاتھ بائیں کون مین جاکر کھودنے سے تین پرش نیچے شرا ملتی ہے اسکا نام کمدا ہے -

आसन्नो वल्मीके दक्षिणपार्श्वे विभीतकस्य यदि ।
अध्यर्धे तस्य शिरा पुरुषे ज्ञेया दिशि प्राच्याम् ॥२४॥

۲۴ - بھیتک برچھ (بہیڑا) کے پاس دکھن طرف بلمیک (سانپ کی بانبی) ہو تو اس برچھ سے دو ہاتھ پورب ڈیڑھ پرش نیچے شرا ہوتی ہے -

तस्यैव पश्चिमायां दिशि वल्मीको यदा भवेद्धस्ते । तत्रो
दग्भवति शिरा चतुर्भिरर्धाधिकैः पुरुषैः ॥ २५ ॥
श्वेतो विश्वम्भरकः प्रथमे पुरुषे तु कुंकुमाभोऽश्मा । अप
[illegible] शचा शिरा नश्यति वर्षत्रये ऽतीते ॥ २६ ॥

۲۵ - بہیڑے کے برچھ کے ہی پچھم دشا مین بانبی ہو تو اس برچھ سے ایک ہاتھ اُتر ساڑھے چار پرش نیچے شرا ہوتی ہے - ۲۶ - پہلے ایک پرش کھودنے پر اُجلے رنگ کا بشومبھرک (ایک پرکار کا جیو) دیکھ پڑتا ہے - پھر کیسری رنگ کا پتھر نکلتا ہے اسکے نیچے پچھم دشا کی شرا نکلتی ہے پرنت تین برس کے بعد وہ شرا نشٹ ہو جاتی ہے ارتھات جل سوکھ جاتا ہے -

सकुशः सितऐशान्यां वल्मीको यत्र कोविदारस्य । म
ध्ये तयोर्नरैरर्धपंचमैस्तोयमक्षोभ्यम् ॥ २७ ॥ प्रथ
मे पुरुषे भुजगः कमलोदरसन्निभो महीरक्ता । कुरु
विन्दः पाषाणश्चिह्नान्येतानि वाच्यानि ॥ २८ ॥ ॥

۲۷ - گوبدار برچھ (سپتت پرن) کے ایشان کون مین کنڈ سہت سفید رنگ کی مٹی کی بانبی ہو تو وہان گوبدار برچھ اور بانبی کے بیچ مین ساڑھے چار پرش نیچے بہت جل ہوتا ہے -
۲۸ - پہلے پرش مین کمل پُشپ کے ڈھاک کے سمان رنگ کا سانپ نکلتا ہے - لال رنگ کی بھوم آتی ہے نیچے کُرُبِند نام پتھر نکلتا ہے یے چنہ کہنے چاہیئن -

यदि भवति सप्तपर्णो वल्मीकावृत्तस्तदुत्तरे तोयम् । वाच्यं पुरुषैः पञ्चभिरन्येऽपि भवन्ति चिह्नानि ॥ २९ ॥ ० ॥
पुरुषार्धे मण्डूको हरितो हरितालसन्निभा भूश्च । पाषाणोऽभ्रनिकाशः सौम्या च शिरा शुभाम्बुवहा ॥ ३० ॥

۲۹ - نِرجل دیش مین بانبی سہت سپتت پرن برچھ ہو تو اُس سے ایک ہاتھ اُتر طرف پانچ پرش نیچے جل کہنا چاہیے - ۳۰ - یہان بھی چنہ ہوتے ہین کہ آدھا پرش کھودنے پر ہرا مینڈھک نکلتا ہے پھر ہرتال کی طرح پیلے رنگ کی بھوم نکلتی ہے پھر میگھ کے سمان کالے رنگ کا پتھر نکلتا ہے ان سبکے نیچے میٹھے جل کی بہنے والی اُتر شرا نکلتی ہے -

सर्वेषां वृक्षाणामधः स्थितो दर्दुरो यदा दृश्यः । तस्माद्धस्ते तोयं चतुर्भिरर्धाधिकैः पुरुषैः ॥ ३१ ॥ पुरुषे तु भवति नकुलो नीला मृत्पीतिका ततः श्वेता । दर्दुरसमानरूपः पाषाणो दृश्यते चात्र ॥ ३२ ॥ ० ॥

۳۱ - چاہے جس برچھ کے نیچے بیٹھا ہوا مینڈھک دیکھ پڑے اس برچھ سے ایک ہاتھ اُتر ساڑھے چار پرش نیچے جل ہوتا ہے - ۳۲ - ایک پرش نیچے نکل (نیولا) نکلتا ہے پھر کرم سے نیلی پیلی اور اجلی بھوم ... نیچے مینڈھک کے سمان رنگ کا پتھر دیکھ پڑتا ہے -

यद्यहिनिलयो दृश्यो दक्षिणतः संस्थितः करञ्जस्य । हस्तद्वये तु याम्ये पुरुषत्रितये शिरा सार्धे ॥ ३३ ॥ कच्छपकः पुरुषार्धे प्रथमं चोद्भिद्यते शिरा पूर्वा । उदगन्या स्वादुजला हरितोऽश्माधस्ततस्तोयम् ॥ ३४ ॥

۳۳ - جو کرنج برچھ (کنجا) کے دکھن طرف بانبی دیکھ پڑے تو اُس برچھ سے دو ہاتھ دکھن ساڑھے تین پرش نیچے شرا ہوتی ہے ۳۴ - آدھا پرش نیچے کچھوا نکلتا ہے پھر پہلے پورب کی شرا سے اچھا پانی نکلتا ہے دوسرے اچھے جل سے جگت اُتر شرا بہتی ہے - پہلے ہرے رنگ کا پتھر نکلتا ہے اُسکے نیچے جل ہوتا ہے

उत्तरतश्च मधूकाद्हिनिलयः पश्चिमेतरोस्तोयम्। प-
रिहृत्य पंच हस्तानर्धाष्टमपौरुषे प्रथमम् ॥ ३५ ॥
अहिराजः पुरुषेऽस्मिन्धूम्रा धात्री कुलत्थवर्णोऽश्मा।
माहेन्द्री भवति शिरा वहति सफेनं सदा तोयम् ॥ ३६ ॥

۳۵۔ مہوے کے برچھ سے اتر طرف بانبی ہو تو اس برچھ سے پچھم پانچ ہاتھ چھوڑ کر ساڑھے سات پرش نیچے جل ہوتا ہے۔ ۳۶۔ پہلا پرش کھودنے سے بڑا سانپ دکھائی پڑتا ہے دھوئیں کے رنگ کی بھوم نکلتی ہے پھر کلتھی کے رنگ کا پتھر نکلتا ہے پیچھے پورب شرا نکلتی ہے جس میں سدا پھین جگت جل بہتا ہے۔

वल्मीकः स्निग्धो दक्षिणेन तिलकस्य सकुशदूर्वश्चेत्।
पुरुषैः पंचभिरम्भो दिशि वारुण्यां शिरा पूर्वा ॥ ३७ ॥

۳۷۔ تلک برچھ کے دکھن کش اور دوب کر کے جگت چکنی بانبی ہو تو اس برچھ سے پانچ ہاتھ پچھم پانچ پرش نیچے جل ہوتا ہے اور پورب شرا بہتی ہے۔

सर्पावासः पश्चाद्यदा कदम्बस्य दक्षिणेन जलम्। पर-
तो हस्तत्रितयात् षड्भिः पुरुषैस्तुरीयोनैः ॥ ३८ ॥
कौबेरी चात्र शिरा भवति जलं लोहगन्धि चाक्षोभ्यम्। क-
नकनिभो मण्डूको नरमात्रे मृत्तिका पीता ॥ ३९ ॥

۳۸۔ کدمب برچھ کے پچھم میں بانبی ہو تو اس برچھ سے تین ہاتھ دکھن پونے چھ پرش نیچے جل ہوتا ہے۔
۳۹۔ وہاں اتر شرا بہتی ہے جل بہت ہوتا ہے پرنتو اس میں لوہے کی گندھ آتی ہے ایک پرش کھودنے سے سونے کے رنگ کا مینڈک نکلتا ہے اور پیلی مٹی نکلتی ہے۔

वल्मीकसंवृतो यदि तालो वा भवति नालिकेरो वा। प-
श्चात्षड्भिर्हस्तैर्नरैश्चतुर्भिः शिरा याम्या ॥ ४० ॥ + ॥

۴۰۔ بانبی سے گھرا ہوا تال کا برچھ یا ناریل کا برچھ ہو تو اس برچھ سے چھ ہاتھ پچھم چار پرش نیچے دکھن شرا (ناڑی) ہوتی ہے۔

याम्येन कपित्थस्याऽहिसंवृतो यद्युदग्जलं वाच्यम्।
सप्त परित्यज्य करान्खात्वा पुरुषान्जलं पंच ॥ ४१ ॥
कर्बुरकोऽहिः पुरुषे कृष्णा मृत्पुटभिदपि च पाषाणाः।
श्वेता मृत्पश्चिमतः शिराऽन्यतश्चोत्तरा भवति ॥ ४२ ॥

۴۱ہ - کیتھ کے پیڑ سے دکھن طرف بانبی ہو تو اُس پیڑ سے سات ہاتھ اُتر چھوڑ کر کھودنے سے پانچ پُرش نیچے جل ملتا ہے - ۴۲ہ - ایک پُرش نیچے چتر برن کا سانپ نکلتا ہے کالی مٹی نکلتی ہے پرت دار پتھر نکلتا ہے پھر اُجلی مٹی نکلتی ہے پیچھے اُتر شِرا ملتی ہے -

अश्मन्तकस्य वामे बदरी वा दृश्यतेऽह्निनिलयो वा । ष-
ड्भिरुदक् तस्य करैः सार्धे पुरुषत्रये तोयम् ॥ ४३ ॥
कूर्मः प्रथमे पुरुषे पाषाणो धूसरः ससिकता मृत् । आ-
दौ शिरा च याम्या पूर्वोत्तरतो द्वितीया च ॥ ४४ ॥ ० ॥

۴۳ہ - اشمنتک برچھ سے بائیں طرف بیر کا برچھ ہو یا بانبی ہو تو اُس اشمنتک برچھ سے چھ ہاتھ اُتر ساڑھے تین پُرش نیچے جل ہوتا ہے - ۴۴ہ - پہلا پُرش کھودنے سے کچھوا نکلتا ہے پھر دھوسر برن کا پتھر اور ریتا ملی ہوئی مٹی نکلتی ہے پھر پہلے دکھن شرا نکلتی ہے اُسکے پیچھے ایشان کون کی شرا نکلتی ہے -

वामेन हरिद्रतरोर्वल्मीकश्चेत्ततो जलं पूर्वे । हस्त-
त्रितये पुरुषैः सत्र्यंशैः पंचभिर्भवति ॥ ४५ ॥ नी-
लो भुजगः पुरुषे मृत्पीता मरकतोपमश्चाश्मा । कृ-
ष्णा भूः प्रथमं वारुणी शिरा दक्षिणे नान्या ॥ ४६ ॥

۴۵ہ - ہردر برچھ کے بائیں طرف بانبی ہو تو اُس برچھ سے تین ہاتھ پورب ایک تہائی سمت پانچ پُرش نیچے جل ہوتا ہے - ۴۶ہ - ایک پُرش نیچے نیلا سانپ نکلتا ہے پھر پیلی مٹی ہرے رنگ کا پتھر اور کالی بھوم نکلتی ہے پھر پہلے پچھم شرا نکلتی ہے اور دوسری دکھن شرا نکلتی ہے -

जलपरिहीने देशे दृश्यन्तेऽनूपजानि चिह्नानि । वीर-
णदूर्वामृदवश्च यत्र तस्मिन् जलं पुरुषे ॥ ४७ ॥

۴۷ہ - نرجل دیش میں جہاں جل والے دیش کے چنھ دیکھ پڑیں اور بیرن (گاندر) اور دُوب جہاں بہت کومل ہوں وہاں ایک پُرش نیچے جل ہوتا ہے -

भार्गी त्रिवृता दन्ती सूकरपादी च लक्ष्मणा चैव । नव-
मालिका च हस्तद्वयेऽम्बु याम्ये त्रिभिः पुरुषैः ॥ ४८ ॥

۴۸ہ - بھارگی (بھارنگی) تربرتا (نسوت) دنتی (داتون) سوکرپادی لچھمنا نومالکا (مالتی) یہ اوکھدھ جہاں ہوں اُنسے دو ہاتھ دکھن تین پُرش نیچے جل ہوتا ہے -

स्निग्धाः प्रलम्बशाखा वामनविटपद्रुमाः समीपजलाः

सुषिरा जर्जरपत्रा रूक्षाश्च जलेन संत्यक्ताः ॥ ४९ ॥

۴۹ - جہان چکنی لمبی شاکھاؤن کرکے جکت بامن ارتھات چھوٹے چھوٹے اور پھیلے ہوئے برچھ ہون وہان جل پاس ہی ہوتا ہے - اور جہان چھید والے جرجر پتّون والے اور رُوکھے برچھ ہون وہان جل نہین ہوتا -

तिलकाम्रातकवरुणकभल्लातकबिल्वतिन्दुकाङ्को-
लाः। पिण्डारशिरीषांजनपरूषकावंजुलातिबलाः ५०॥
एतेयदि सुस्निग्धैर्वल्मीकैः परिवृताततस्तोयम्। हस्तै-
स्त्रिभिरुत्तरतश्चतुर्भिरर्धेन च नरस्य ॥ ५१ ॥ ✦ ॥

۵۰ - جہان تِلک آملہ برنا بھلاوا بیل تینڈو انکول پنڈار سرس انجن پرُوکھ انسوک اور اَتِ بلا - ۵۱ - یے برچھ بہت چکنے بانبیوُن سے گھرے ہون وہان ان برچھون سے تین ہاتھ اُتّر ساڑھے چار پرُش نیچے جل ہوتا ہے -

अतृणे सतृणा यस्मिन् सतृणे तृणवर्जिता मही यत्र । त-
स्मिन् शिरा प्रदिष्टा वक्तव्यं वा धनं तस्मिन् ॥ ५२ ॥

۵۲ - جس بھوم مین کہین ترِن نہو اور بیچ مین ایک استھان پر ترن دیکھ پڑے اتھوا سب بھوم مین ترن ہو اور ایک استھان پر ترن نہو تو اس استھان مین ساڑھے چار پرُش نیچے شرا ہوتی ہے اتھوا دھن گڑا ہوا ہوتا ہے یہ کہنا چاہیے -

कण्टक्यकण्टकानां व्यत्यासेऽम्भस्त्रिभिः करैः पश्चात् ।
खात्वा पुरुषत्रितयं त्रिभागयुक्तं धनं वा स्यात् ॥ ५३ ॥

۵۳ - جہان کانٹون والے برچھون مین بنا کانٹے والا ایک برچھ ہو اتھوا بنا کانٹے والے برچھون مین ایک برچھ کانٹے والا ہو تو اُس برچھ سے تین ہاتھ پچھم ایک تہائی جکت تین پرُش نیچے کھودنے سے جل نکلتا ہے یا دھن نکلتا ہے -

नदति मही गम्भीरं यस्मिंश्चरणाहता जलं तस्मिन् । सा-
र्धैस्त्रिभिर्मनुष्यैः कौबेरी तत्र च शिरा स्यात् ॥ ५४ ॥

۵۴ جہان پیر سے تاڑن کرنے (دھمکنے سے) بھوم مین گمبھیر شبد ہو وہان ساڑھے تین پرُش نیچے جل ہوتا ہے اور اُتّر شرا نکلتی ہے -

वृक्षस्यैका शाखा यदि विनता भवति पाण्डुरा वा स्यात् ।
विज्ञातव्यं शाखातले जलं त्रिपुरुषं खात्वा ॥ ५५ ॥ ✦ ॥

۵۵- برچھ کی ایک شاکھا بھوم کی اور جھک رہی ہو اتھوا پیلی پڑ گئی ہو تو اس شاکھا کے نیچے تین پرش کھودنے سے جل نکلتا ہے -

फलकुसुमविकारो यस्य तस्य पूर्वे शिरा त्रिभिर्हस्तैः । भवति पुरुषैश्चतुर्भिः पाषाणोऽधः क्षितिः पीता ॥ ५६ ॥

۵۶- جس برچھ کے پھل اور پھول میں بکار ہو ارتھات اور ہی طرح کے ہوں اس برچھ سے تین ہاتھ پورب جل پرش نیچے ہو اس کے نیچے پتھر نکلتا ہے اور بھوم پیلے رنگ کی ہوتی ہے -

यदि कण्टकारिका कण्टकैर्विना दृश्यते सितैः कुसुमैः । तस्यास्तलेऽम्बु वाच्यं त्रिभिर्नरैरर्धपुरुषे च ॥ ५७ ॥

۵۷- جہاں کٹیلی کا پیڑ بغیر کانٹے کا اور سفید پھول لگے ہوئے دیکھ پڑیں اس کے نیچے ساڑھے تین پرش کھودنے سے جل نکلتا ہے

खर्जूरी द्विशिरस्का यत्र भवेज्जलविवर्जिते देशे । तस्याः पश्चिमभागे निर्देश्यं त्रिपुरुषे वारि ॥ ५८ ॥ + ॥

۵۸- جس جل رہت دیش میں دو سر والا کھجور کا پیڑ ہو وہاں اس کھجور سے دو ہاتھ پچھم تین پرش نیچے جل کہنا چاہیے -

यदि भवति कर्णिकारः सितकुसुमः स्यात्पलाशवृक्षो वा । सव्येन तत्र हस्तद्वयेऽम्बु पुरुषत्रये भवति ॥ ५९ ॥

۵۹- سفید پھول جس کے ہوں ایسا کرنکار برچھ اتھوا پلاش برچھ ہو تو اس برچھ سے دو ہاتھ دکھن تین پرش نیچے کھودنے سے جل نکلتا ہے -

ऊष्मा यस्यां धात्र्यां धूमो वा तत्र वारि नरयुगले । निर्देष्टव्या च शिरा महता तोयप्रवाहेण ॥ ६० ॥ + ॥ + ॥

۶۰- جس بھوم میں بھاپ یا دھواں نکلتا ہوا دکھ پڑے وہاں دو پرش نیچے بہت جل بہنے والی شرا کہنی چاہیے -

यस्मिन्क्षेत्रोद्देशे जातं सस्यं विनाशमुपयाति । स्निग्धमतिपाण्डुरं वा महाशिरा नरयुगे तत्र ॥ ६१ ॥

۶۱- جس کھیت میں کھیتی پیدا ہو کر نشٹ ہو جائے اتھوا بہت چکنی کھیتی ہو اتھوا کھیتی پیدا ہو کر پیلی پڑ جائے وہاں دو پرش نیچے مہا شرا ہوتی ہے ارتھات بہت ہی جل ہوتا ہے -

मरुदेशे भवति शिरा यथा तथातः परं प्रवक्ष्यामि । ग्रीवा करभाणामिव भूतलसंस्थाः शिराः यान्ति ॥ ६२ ॥

٦٢ - مُر دیش (مارواڑ) مین جس بھانت سِرا ہوتی ہے اُسکو اب ہم کہتے ہین - اونٹ کی گردن کی طرح بھوم مین یہی اونچی سِرا جاتی ہے -

पूर्वोत्तरेण पीलोर्यदि वल्मीको जलं भवति पश्चात् । उ-
त्तरगमना च शिरा विज्ञेया पंचभिः पुरुषैः ॥ ६३ ॥ चिह्नं
दर्दुर आदौ मृत्कपिलातः परं भवेद्धरिता । भवति च पु-
रुषे ऽधो ऽश्मा तस्य तले वारि निर्देश्यम् ॥ ६४ ॥ * ॥

٦٣ - پیلو برچھ (جال) کے ایشان کون مین بانبی ہو تو اُس بانبی سے ساڑھے چار ہاتھ پچھم پانچ پُرش نیچے اُتر بہنے والی سِرا ہوتی ہے - ٦٤ - وہان کھودنے سے پہلے پُرش مین مینڈھک نکلتا ہے پھر کپل ورنی مٹی نکلتی ہے اور پتھر نکلتا ہے ان سب چیزون کے نیچے جل ہوتا ہے -

पीलोरेव प्राच्यां वल्मीकोऽतोऽर्धपंचमैर्हस्तैः । दिशि
याम्यायां तोयं वक्तव्यं सप्तभिः पुरुषैः ॥ ६५ ॥ प्रथ-
मे पुरुषे भुजगः सितासितो हस्तमात्रमूर्तिश्च । दक्षि-
णतो वहति शिरा सक्षारं भूरि पानीयम् ॥ ६६ ॥ * ॥

٦٥ - پیلو برچھ کے ہی پُورب وشا مین بانبی ہو تو اُس برچھ سے ساڑھے چار ہاتھ دکھن سات پُرش نیچے جل کہنا چاہیے - ٦٦ - پہلے پُرش مین آدھے کالے رنگ کا ایک ہاتھ لمبا سانپ نکلتا ہے پھر دکھن سِرا بہت سا کھاری جل بہنے والی نکلتی ہے -

उत्तरतश्च करीरस्याऽहिगृहं दक्षिणे जलं स्वादु । दश-
भिः पुरुषैर्ज्ञेयं पुरुषे पीतोऽत्र मण्डूकः ॥ ६७ ॥ * ॥

٦٧ - کریر برچھ (کریر) کے اُوتر بانبی ہو تو اُس برچھ سے ساڑھے چار ہاتھ دکھن دس پُرش نیچے میٹھا جل جاننا چاہیے یہان ایک پُرش کھودنے سے پیلے رنگ کا مینڈھک نکلتا ہے -

रोहीतकस्य पश्चादहिवासश्चेत्त्रिभिः करैर्याम्ये । द्वाद-
श पुरुषान् खात्वा सक्षारा पश्चिमेन शिरा ॥ ६८ ॥ * ॥

٦٨ - روہیتک برچھ (رُہیڑا) کے پچھم مین بانبی ہو تو اُس برچھ سے تین ہاتھ دکھن بارہ پُرش کھودنے سے کھاری جل بہنے والی پچھم سِرا نکلتی ہے -

इन्द्रतरोर्वल्मीकः प्राग्दृश्यः पश्चिमे शिरा हस्ते । खात्वा
चतुर्दश नरान् कपिला गोधा नरे प्रथमे ॥ ६९ ॥ * ॥

۶۹ - اندر برچھ (ارجن) کے پورب میں بانبی دیکھ پڑے تو اس برچھ سے ایک ہاتھ پچھم چودہ پرش کھودنے سے شرا نکلتی ہے یہاں پہلے پرش میں کپل رنگ کی گوہ دیکھ پڑتی ہے -

यदि वा सुवर्णनाम्नस्तरोर्भवद्वामतो भुजङ्गगृहम् । ह-
स्तद्वये ऽनुयाम्ये पंचदशनरावसाने ऽम्बु ॥७०॥ क्षारं
पयो ऽत्र नकुलो ऽर्धमानवे ताम्रसन्निभश्चाश्मा । रक्ता
च भवति वसुधा वहति शिरा दक्षिणा तत्र ॥७१॥+॥

۷۰ - جو سنبرن برچھ (دھتورا) کے بائیں طرف بانبی ہو تو اس برچھ سے دو ہاتھ دکھن پندرہ پرش نیچے جل ہوتا ہے - ۷۱ - وہ جل کھاری ہوتا ہے آدھا پرش نیچے نکل (نیولا) نکلتا ہے تانبے کے رنگ کا پتھر نکلتا ہے لال رنگ کی بھوم ملتی ہے پیچھے دکھن شرا وہاں بہتی ہے -

बदरीरोहितवृक्षौ सम्पृक्तौ चेद्विनापि वल्मीकम् । हस्त-
त्रये ऽम्बु पश्चात् षोडशभिर्मानवैर्भवति ॥७२॥ सुर-
संजलमादौ दक्षिणशिरा वहति चोत्तरेणान्या । पि-
ष्टनिभः पाषाणो मृच्छ्वेता वृश्चिको ऽर्धनरे ॥७३॥+॥

۷۲ بیر اور روہیڑا یہ دونوں برچھ جو بغیر بانبی کے بھی اکٹھا دیکھ پڑیں تو ان برچھوں سے تین ہاتھ پچھم سولہ پرش نیچے جل ہوتا ہے - ۷۳ - یہاں جل بہت میٹھا نکلتا ہے - پہلے دکھن شرا اور پیچھے دوسری اتر شرا بھی بہتی ہے - پشٹ (آٹا) کے سمان سفید رنگ کا پتھر نکلتا ہے سفید مٹی نکلتی ہے اور آدھا پرش نیچے بچھو دیکھ پڑتا ہے -

सकरीरा चेद्बदरी त्रिभिः करैः पश्चिमेन तत्राऽम्भः । अ-
ष्टादशभिः पुरुषैरैशानी बहुजला च शिरा ॥७४॥+॥

۷۴ جو کریر برچھ سہت بیر کا برچھ ہو تو ان برچھوں سے تین ہاتھ پچھم اٹھارہ پرش کھودنے سے جل نکلتا ہے وہاں بہت جل بہنے والی ایشان شرا ہوتی ہے -

पीलुसमेता बदरी हस्तत्रयसंमिते दिशि प्राच्याम् । विं-
शत्या पुरुषाणामशोष्यमम्भो ऽत्र सक्षारम् ॥७५॥+॥

۷۵ پیلو برچھ کے سہت بیر کا برچھ ہو تو ان سے تین ہاتھ پورب بیس پرش نیچے کھاری جل ہوتا ہے جو کبھی نہیں سوکھتا ہے -

ककुभकरीरावेकत्र संयुतौ यत्र ककुभविल्वौ वा । हस्त-
द्वये ऽम्बुपश्चान्नरैर्भवेत्पंचविंशत्या ॥ ७६ ॥ + ॥ + ॥

۷۶ - جہان ارجن برچھ اور کریر برچھ اکٹھے ہون اتھوا ارجن برچھ اور بیل برچھ اکٹھے ہون تو اُنسے
دو ہاتھ پچھم پچیس پرش نیچے جل ہوتا ہے -

वल्मीकमूर्धनि यदा दूर्वा च कुशाश्च पाण्डुराः सन्ति । कू-
पो मध्ये देयो जलमत्र नरैकविंशत्या ॥ ७७ ॥ + ॥ + ॥

۷۷ - جو بانبی کے اُوپر دُوب اور سفید رنگ کے کُش ہون تو اُس بانبی کے بیچ کُنوان کھودنے
سے اکیس پرش نیچے جل نکلتا ہے -

भूमिः कदम्बकयुता वल्मीके यत्र दृश्यते दूर्वा । हस्तद्व-
येन याम्ये नरैर्जलम्पञ्चविंशत्या ॥ ७८ ॥ + ॥ + ॥ + ॥

۷۸ - جہان بھوم مین کدمب کا برچھ ہو اور بانبی کے اُوپر دُوب دیکھ پڑے وہان اُس کدمب
برچھ سے دو ہاتھ دکھن پچیس پرش نیچے جل ہوتا ہے -

वल्मीकत्रयमध्ये रोहीतकपादपो यदा भवति । नाना-
वृक्षैः सहितस्त्रिभिर्जलं तत्र वक्तव्यम् ॥ ७९ ॥ हस्त-
चतुष्के मध्यात् षोडशभिश्चांगुलैरुदग्वारि । चत्वा-
रिंशत्पुरुषान्खात्वा ऽश्मा ऽधः शिरा भवति ॥ ८० ॥

۷۹ - تین بانبی کے بیچ تین طرح کے تین برچھون سہت رُہیڑے کا برچھ ہو تو وہان جل کہنا چاہئے
۸۰ - بیچ مین سہت رُہیڑے کے برچھ سے چار ہاتھ اور سولہ انگل اُتر چالیس پرش کھودنے
سے پتھر نکلتا ہے اور اُسکے نیچے سِرا ہوتی ہے -

ग्रंथिप्रचुरा यस्मिञ्छमी भवेदुत्तरेण वल्मीकः । पश्चा-
त्पंच करान्ते शतार्धसंख्यैर्नरैः सलिलम् ॥ ८१ ॥ + ॥

۸۱ - جہان بہت گانٹھون والا سمی برچھ (جانٹ) ہو اور اُسکے اُتر طرف بانبی ہو تو سمی برچھ
سے پانچ ہاتھ پچھم پچاس پرش نیچے جل ہوتا ہے -

एकस्थाः पंच यदा वल्मीका मध्यमो भवेच्छ्वेतः । तस्मि-
ञ्छिरा प्रदिष्टा नरषष्ट्या पंचवर्जितया ॥ ८२ ॥ + ॥ + ॥

۸۲ - پانچ بانبی ایک استھان مین ہون انہین بیچ کی بانبی سفید ہو تو اس سفید بانبی مین پچپن پرش کھودنے سے جل کی دھرا نکلتی ہے -

सपलाशायत्रशमीपश्चिमभागे ऽम्बुमानवैः षष्ट्या । अ-
र्धनरे ऽहिः प्रथमं सवालुका पीत मृत्परतः ॥ ८३ ॥ * ॥

۸۳ - جہان پلاس برچھ سہت شمی برچھ ہو وہان اُن برچھون سے پانچ ہاتھ پچھم ساٹھ پرش نیچے جل ہوتا ہے پہلے آدھا پرش کھودنے سے سانپ نکلتا ہے پیچھے بالو ملی ہوئی پیلی مٹی نکلتی ہے -

वल्मीकेनपरिवृतः श्वेतो रोहीतको भवेद्यस्मिन् । पूर्वे-
ण हस्त मात्रे सप्तत्या मानवैरम्बु ॥ ८४ ॥ * ॥ * ॥ * ॥

۸۴ - جہان بانبی سے گھرا ہوا سفید رنگ کا روہیڑے کا برچھ ہو وہان اُس برچھ سے ایک ہاتھ پورب ستر پرش نیچے جل ہوتا ہے -

श्वेता कण्टकबहुला यत्र शमी दक्षिणेन तत्र पयः । नर-
पंचकसंयुतया सप्तत्या ऽहिर्नरार्धे च ॥ ८५ ॥ * ॥ * ॥

۸۵ - جہان بہت کانٹون کرکے سفید اُجلا شمی برچھ ہو وہان اُس برچھ سے ایک ہاتھ دکھن پچہتر پرش نیچے جل ہوتا ہے اور آدھا پرش کھودنے سے سانپ نکلتا ہے -

मरुदेशे यच्चिह्नं नजाङ्गले तैर्जलं विनिर्देश्यम् । जम्बू-
वेतस पूर्वे ये पुरुषास्ते मरौ द्विगुणाः ॥ ८६ ॥ * ॥ * ॥

۸۶ - یہ مرُدیش مین جل جاننے کے جو چنہہ کہے ان کرکے جانگل دیش مین جل نہین کہنا چاہیے ارتھات جانگل دیش مین ان چنہون سے جل کا گیان نہین ہوتا جمبو بینتس آدی برچھون کے چنہ سے پہلے جل گیان کہا وے چنہہ مرُدیش مین دیکھ پڑین تو جتنے پرش نیچے پہلے اُن چنہون سے جل کہا وے پرش یہان دونے کہنے چاہئین - بہت ہی جل جس دیش مین ہو اُسکو انوپ کہتے ہین جہان جل نہو وہ مرُ استھل کہاتا ہے ان دونون سے بلچھن جو دیش ارتھات جہان بہت جل نہو اور بہت تھوڑا بھی جل نہو وہ جانگل دیش ہے اس طرح تین پرکار کے دیش ہوتے ہین -

जम्बूस्त्रिवृता मूर्वा शिशुमारी शारिवा शिवा श्यामा । वी-
रुधयो वाराही ज्योतिष्मती गरुडवेगा च ॥ ८७ ॥ सू-
करिका माषपर्णी व्याघ्रपदा चेति यद्यहेर्निलये । व-
ल्मीकादुत्तरतस्त्रिभिः करैस्त्रिपुरुषे तोयम् ॥ ८८ ॥ * ॥

۸۷- جامن نسوت مورباسشمار ی شتاروا ہتوا شتیاما آبار اہی جوتش ہتی گرڑیگا

۸۸- شوکر کا کاکہ بری اور ہاگھریدا ہیے اوگکھدھ جو بانبی کے اوپر ہون تو اُس بانبی سے تین ہاتھ اُتر تین پُرش نیچے کھودنے سے جل نکلتا ہے -

एतदनूपे वाच्यं जाङ्गलभूमौ तु पंचभिः पुरुषैः । एतै-
रेवनिमित्तैर्मरुदेशे सप्तभिः कथयेत् ॥ ८९ ॥ + ॥

۸۹- تین پُرش نیچے جل ہوتا ہے یہ بات انُوپ دیش مین کہنی چاہیے - جو یہے چنھ جانگل دیش مین دیکھ پڑین تو تین پُرش کی جگہ پانچ پُرش نیچے جل کہے اور جو انہین چنھونکو مرُتھل مین دیکھے تو سات پُرش نیچے جل بتاوے -

एकनिभा यत्र मही तृणतरुवल्मीकगुल्मपरिहीना ।
तस्यां यत्र विकारो भवति धरित्र्यां जलं तत्र ॥ ९० ॥ + ॥

۹۰- جہان ایک رنگ کی بھوم ہو اور ترن برچھ بلمیک (بانبی) اور گلم جسمین نہون ایسی بھوم مین جہان بکار ارتھات اور پرکار کی بھوم دیکھ پڑے وہان بھی پانچ پُرش نیچے جل ہوتا ہے بھوم مین ایک ہی جڑ سے بہت سی شاکھاؤنکا سموہ اُتپن ہو اسکو گلم کہتے ہین -

यत्र स्निग्धा निम्ना सवालुका सानुनादिनी वा स्यात् । त-
त्रार्धपंचमैर्वारि मानवैः पंचभिर्यदि वा ॥ ९१ ॥ + ॥

۹۱- جہان چکنی نیچی بالو رہیت سہت اتھوا سانُنادنی ارتھات جہان پیر رکھنے سے شبد ہو ایسی بھوم ہو وہان ساڑھے چار پُرش نیچے اتھوا پانچ پُرش نیچے جل ہوتا ہے -

स्निग्धतरूणां याम्येन रैश्चतुर्भिर्जलं प्रभूतं च । तरुग-
हनेपि हि विकृतो यस्तस्मात्तद्देव वदेत् ॥ ९२ ॥ + ॥

۹۲- جہان بہت سے چکنے چکنے برچھ ہون وہان اُن برچھون سے دکھن چار پُرش نیچے بہت سا جل کہنا چاہیے اور جہان بہت سے برچھون مین ایک برچھ بکرت ہو ارتھات اُسکے پھل پھول اور ہی طرح کے ہون تو اُس برچھ سے دکھن مین بھی چار پُرش نیچے جل ہوتا ہے -

नमते यत्र धरित्री सार्धे पुरुषेऽम्बु जाङ्गलानूपे । कीटा
वा यत्र विनालयेन बहवोऽम्बु तत्रापि ॥ ९३ ॥ + ॥

۹۳- جس جانگل اتھوا انُوپ دیش مین پیر رکھنے سے بھوم دب جاے وہان ڈیڑھ پُرش نیچے جل ہوتا اور جہان بہت سے کیڑے دیکھ پڑین اور اُنکے رہنے کا کوئی بل نہو وہان بھی ڈیڑھ پُرش نیچے جل ہوتا ہے -

उष्णा शीता च मही शीतोष्णाऽम्भस्त्रिभिर्नरैः सार्धैः । इ-
न्द्रधनुर्मत्स्यो वा वल्मीको वा चतुर्हस्तात् ॥ ९४ ॥ + ॥

۹۴ - جہان سب زمین گرم ہو اور ایک جگہ ٹھنڈھی ہو وہان یا جہان سب زمین ٹھنڈھی ہو اور ایک جگہ گرم ہو وہان ساڑھے تین پُرش نیچے جل ہوتا ہے - اِندر دھنکھ جو سُورج کی کرنون سے بنتا ہے مچھلی یا بانبی جہان جانگل یا اَنُوپ دیش مین دیکھ پڑے وہان چار ہاتھ نیچے جل ہوتا ہے -

वल्मीकानां पंक्त्यां यद्येकोऽभ्युच्छ्रितः शिरा तदधः । शु-
ष्यति नरो हते वा सस्यं यस्यां च तत्राऽम्भः ॥ ९५ ॥ + ॥

۹۵ - جہان جانگل یا اَنُوپ دیش مین بہت سی بانبیون کی پنگت دیکھ پڑے اور اُسمین ایک بانبی سب سے اُونچی ہو تو اُس اُونچی بانبی کے نیچے چار ہاتھ کھودنے سے شرا نکلتی ہے اور جہان کھیتی جم کر سُوکھ جاوے یا جمے ہی نہین وہان بھی چار ہاتھ نیچے جل ہوتا ہے -

न्यग्रोधपलाशोदुम्बरैः समेतैस्त्रिभिर्जलं तदधः । वट-
पिप्पलसमवाये तद्वद्वाच्यं शिरा चोदक् ॥ ९६ ॥ + ॥

۹۶ - بڑ پیپل اور گولر یے تین برچھ جہان اکٹھے ہون وہان ان برچھون کے نیچے تین ہاتھ کھودنے سے جل نکلتا ہے - اور جہان بڑ پیپل دونون اکٹھے ہون اُنکے بھی نیچے تین ہاتھ کھودنے سے جل نکلتا ہے - ان دونون استھانون مین اُتّر شرا ہوتی ہے -

आग्नेये यदि कोणे ग्रामस्य पुरस्य वा भवति कूपः । नि-
त्यं स करोति भयं दाहं च समानुषं प्रायः ॥ ९७ ॥ नै-
र्ऋतकोणे बालक्षयं च वनिताभयं च वायव्ये । दिक्त्र-
यमेतत्त्यक्त्वा शेषासु शुभावहाः कूपाः ॥ ९८ ॥ + ॥

۹۷ - گرام سے اتھوا نگر سے اگنِ کون مین کنُوان ہو تو نِت بھے دیتا ہے اور بہدایہ گرام اور نگر مین آگ لگتی ہے جسمین آدمی بھی جل جاتے ہین - ۹۸ - نیرت کون مین کنُوان ہو تو بالکون مین چھے ہوتا ہے - بایبیہ کون مین کنُوان ہو تو استریونکو بھی ہوتا ہی - یے تین دشاؤنکو چھوڑکر باقی پانچ دشاؤنکی کنُوان شبھ ہوتا ہے

सारस्वतेन मुनिना दकार्गलं यत्कृतं तदवलोक्य । आ-
र्याभिः कृतमेतद्वृत्तैरपि मानवं वक्ष्ये ॥ ९९ ॥ + ॥ + ॥

۹۹ - سارسوت مُن نے جو دکارگل کہا ہے وہ دیکھکر ہمنے بھی یہ دکارگل آریا چھند کرکے

کہا اب مَن کا کہا ہوا دکارگل بھی برتون کر کے کہتے ہین -

स्निग्धा यतः पादपगुल्मवल्ल्यो निश्छिद्रपत्राश्च ततः शिरास्ति । पद्मक्षुरोशीरकुलाः सगुन्द्राः काशाः कुशा वा नलिका नलो वा ॥ १०० ॥ खर्जूरजम्ब्वर्जुनवेतसाः स्युः क्षीरान्विता वा द्रुमगुल्मवल्ल्यः । छत्रेभनागाः शतपत्रनीपाः स्युर्नक्तमालाश्च ससिन्दुवाराः ॥ १०१ ॥ विभीतकावा मदयन्तिकावा यत्राऽस्ति तस्मिन पुरुषत्रयेऽम्भः स्यात्पर्वतस्योपरिवर्ततोऽन्यस्तत्रापिमूले पुरुषत्रयेऽम्भः ॥ १०२ ॥

۱۰۰- جس بھوم مین برچھ گلم اور بلی چکنی ہون اور بنا چھید کے پتّون والی ہون وہان تین پُرش نیچے سِرا ہوتی ہے - اتھوا اُستھل پدم گوکھرو اُشیر (خس) کل گُندر کاش کُش نلکا نلے ترن -
۱۰۱- اور کھجور جامن ارجن بیتس یے برچھ ہون اتھوا جہان برچھ گلم اور بلی ایسے ہون کہ جنمین دودھ نکلے اتھوا چھتر اہست کرنی ناگ کیسر کمل کدمب نکت مال سنبھالو - ۱۰۲- بہیرا اور مدینتکا یے جہان ہون وہان تین پُرش نیچے جل ہوتا ہے - اور جہان ایک پربت کے اوپر دوسرا پربت ہو وہان بھی اوپر والے پربت کے مُول (جڑ) مین تین پُرش نیچے جل ہوتا ہے -

यामौंजकैः काशकुशैश्च युक्ता नीला च मृद्यत्र सशर्करा च । तस्यां प्रभूतं सुरसं च तोयं कृष्णाथवा यत्र च रक्तमृद्वा ॥ १०३ ॥

۱۰۳ جو بھوم مونج کاش اور کُش سے جگت ہو - جہان پتھر کنکاؤن (ریزہ) سے ملی ہوئی نیلی مٹی ہو وہان بہت اور میٹھا جل ہوتا ہے جہان کالی یا لال مٹی ہو وہان بھی بہت اور میٹھا جل ہوتا ہے -

सशर्करा ताम्रमही कषायं क्षारं धरित्री कपिला करोति । आपाण्डुरायां लवणं प्रदिष्टं मृष्टं पयो नीलवसुन्धरायाम् ॥ १०४ ॥

۱۰۴- شرکرا ارتھات پتھر کے کنکون سے ملی ہوئی تانبے کے رنگ کی بھوم ہو تو اسمین کسیلا جل نکلتا ہے - کپل رنگ کی بھوم مین کھاری جل نکلتا ہے پانڈر رنگ کی بھوم مین نمک کے مزہ کا پانی نکلتا ہے اور نیلے رنگ کی بھوم مین میٹھا جل نکلتا ہے -

शाकाश्वकर्णार्जुनबिल्वसर्जाः श्रीपर्ण्यरिष्टाधवशिंशपाश्च । छिद्रैश्च पर्णैर्द्रुमगुल्मवल्ल्यो रूक्षाश्च दूरेऽम्बु निवेदयन्ति ॥ १०५ ॥

۱۰۵ شاک اشوکرن ارجن بلو سرج شری پرنی ارشٹ دھو شنشپا یے برچھ جہان چھید والے پتّون سمیت ہون

اور جہان بِرچھ گُلم اور بلّی بھی چھید والے پتّون سہت ہون اور رُوکھی ہون وہان جل بہت دُور ہوتا ہے

सूर्याग्निभस्मोष्ट्रखरानुवर्णायानिर्जलासावसुधाप्रदिष्टा । रक्तांकु-
राक्षीरयुताःकरीरारक्ताधराचेज्जलमश्मनोऽधः ॥ १०६ ॥

۱۰۶- جو بھوم سورج اگن بھسم اونٹ اور گدہا کے رنگ کی ہو اس بھوم مین جل نہین ہوتا ہے اور جس لال رنگ کی بھوم مین لال رنگ کے انکرون سہت کریر برچھ ہون اور ان برچھون سے دودھ نکلتا ہو وہان پتھر کے نیچے جل ہوتا ہے -

वैदूर्यमुद्गाऽम्बुदमेचकाभा पातोन्मुखोदुम्बरसन्निभावा । भृङ्गे-
जऽनाभा कपिलाथवाया ज्ञेया शिलाभूरिसमीपतोया ॥१०७॥

۱۰۷- جو شلا بیدورج منی مونگ اور میگھ کے سمان کرشن برن ہو اتھوا پکے ہوئے گولر کے پھل کے سمان رنگ ہو - جو شلا توڑنے سے انجن کے سمان کالے رنگ کی نکلے اتھوا کپل برن ہو اس شلا کے پاس ہی بہت جل ہوتا ہے -

पारावतक्षौद्रघृतोपमायाक्षौमस्यवस्त्रस्यचतुल्यवर्णा । यासो-
मवल्ल्याश्चसमानरूपासाप्याशुतोयंकुरुतेऽक्षयंच ॥ १०८ ॥

۱۰۸- جو شلا پاراوت (کبوتر) شہد گھی السی کا کپڑا اتھوا سوم بلّی جو جگ مین کام آتی ہے انکے سمان رنگ کی ہو وہ بھی جلد ہی اکشئے (لازوال) جل دیتی ہے -

ताम्रैःसमेताएषतैर्विचित्रैरापांडुभस्मोष्ट्रखरानुरूपा । भृङ्गोप-
मांगुष्ठिकपुष्पिकावासूर्याग्निवर्णाचशिलावितोया ॥१०९॥

۱۰۹- جو شلا تانبے کے رنگ کے بوند اتھوا چتّر بوند رکھتی ہو - پانڈ رنگ کی ہو بھسم اونٹ گدہا بھونرا کے سمان رنگ کی ہو - انگشٹھک نام برچھ کے پھولون کے سمان نیلی اور لال ہو سورج یا اگن کے سمان رنگ ہو اس شلا مین جل نہین ہوتا ہے -

चन्द्रातपस्फटिकमौक्तिकहेमरूपायाश्चेन्द्रनीलम-
णिहिंगुलकाञ्जनाभाः । सूर्योदयांशुहरितालनिभा-
श्चयास्युस्ताःशोभनामुनिवचोऽत्रचवृत्तमेतत ॥ ११० ॥

۱۱۰- چندرما کی چاندنی اسپھٹک موتی سونا اور اندرنیل منی کے سمان رنگ کی جو شلا ہو شنگرف کی طرح بہت لال رنگ کی یا انجن کی طرح بہت کالے رنگ کی جو شلا ہو - اُدے ہوئے سورج کے کرنون کے سمان بہت لال اور چمک دار ہو - اتھوا ہرتال کی طرح پیلے رنگ کی جو شلا ہو

وے شبھ ہوتی ہین - اِس پرکرن مین آگے جو برہت کہتے ہین وہ مُن بچن ہے ارتھات پرمان ہے

एताह्यभेद्याश्च शिलाः शिवाश्च यक्षैश्च नागैश्च सदाभिजुष्टाः ।
येषाञ्च राष्ट्रेषु भवन्ति राज्ञां तेषामवृष्टिर्न भवेत्कदाचित् ॥ १११ ॥

۱۱۱ - یے جو شلا پہلے کہہ آئے ہین یے سب شبھ ہین اِسلیے ابھید ہین ارتھات ان شلاؤن کو توڑے نہین ان شلاؤن مین سدا یچھ اور ناگ باس کرتے ہین جن راجاؤن کے راج مین ایسی شلا ہوتی ہین انکی راج مین کبھی ابرشٹ (خشک سالی) نہین ہوتی -

भेदं यदा नैति शिला तदानीं पलाशकाष्ठैः सह तिन्दुकानाम् । प्रज्वालयित्वाऽनलमग्निवर्णा सुधाम्बुसिक्ता प्रविदारमेति ॥ ११२ ॥

۱۱۲ - کنوان آد کھودنے کے سمے شلا نکل آوے اور وہ پھوٹ نہ سکے تو اُسکے اُوپر پلاش اور تیندؤ کے کاٹھ کو جلاکر اُس شلا کو لال کرلیوے پھر اُسکے اُوپر چونے کی کلی سے ملا ہوا پانی چھڑکے تو وہ شلا ٹوٹ جائیگی -

तोयं शृतं मोक्षकभस्मना वा यत्सप्तकृत्वः परिषेचनं तत् ।
कार्यं शरक्षारयुतं शिलायाः प्रस्फोटनं वह्निवितापितायाः ॥ ११३ ॥

۱۱۳ - موکشک برچھ (مُروا) کی بھسم ملاکر پانی کو اَوٹا وے پیچھے اُسمین شر کا کھار ملاوے پھر آگ سے تپائی ہوئی شلا کے اُوپر سات بار اِس پانی کو چھڑکے تو وہ شلا ٹوٹ جاے گی -

तक्रकाञ्जिकसुराः सकुलत्था योजितानि बदराणि च तस्मिन् ।
सप्तरात्रमुषितान्यभितप्तां दारयन्ति हि शिलां परिषेकैः ॥ ११४ ॥

۱۱۴ - تکر (چھاچھ) کانجی شراب کلتھی اور بیر کے پھل ان سبکو ایک برتن مین سات رات تک رکھے پھر شلا کو اُوپر کہی ہوئی ریت سے تپاکر اُنسے باربار چھڑکے تو وہ شلا ٹوٹ جائیگی -

नैम्बं पत्रं त्वक्च नालं तिलानां सापामार्गं तिन्दुकं स्याद्गुडूची ।
गोमूत्रेण स्रावितः क्षार एषां षट्कृत्वोऽतस्तापितो भिद्यतेऽश्मा ॥ ११५ ॥

۱۱۵ - نیم کی پتی نیم کی چھال تلون کا نال اپامارگ (آندھی جھاڑہ) تیندؤ کے پھل گلو ان کی راکھ کو گوموتر سے چھان لیوے پھر پتھر کو تپاکر چھہ بار اِس سے چھڑکے تو وہ پتھر ٹوٹ جایگا -

आर्कं पयो हुडुविषाणमषीसमेतं पारावताखुशकृता च युतं प्रलेपः । टङ्कस्य तैलमथितस्य ततोऽस्य पानं प-

घाच्छितस्य नशिलासु भवेद्धि घातः ॥ ११६ ॥ + ॥ + ॥

۱۱۶ - کھڑگ لچھن نام پچاسوین ادھیائے مین یہ اشلوک آچکا ہے وہان اسکا ارتھ دیکھ لیوے

क्षारे कदल्या मथितेन युक्ते दिनोषिते पायितमायसं यत्। सम्य-
क्छितं चाश्मनि नैति भंगं न चान्यलोहेष्वपि तस्य कौण्ठ्यम् ॥ ११७ ॥

۱۱۷ - اس اشلوک کا بھی ارتھ کھڑگ لچھن ادھیائے مین ہی دیکھ لینا چاہیے وہان یہ آچکا ہے -

पाली प्रागपरायताम्बु सुचिरं धत्ते न याम्योत्तरा कल्लो-
लैरवदारमेति मरुता सा प्रायशः प्रेरितैः। तां चेदिच्छ-
ति सारदारुभिरपां संपातमावारयेत्पाषाणादिभिरेव वा-
प्रतिचयं क्षुण्णं द्विपाश्वादिभिः ॥ ११८ ॥ + ॥ + ॥

۱۱۸ - پورب پچھم کو لمبی باپی (باولی) مین جل بہت دنون تک رہتا ہے اور دکھن اُتر لمبی مین نہین ٹھہرتا کیونکہ پون سے اٹھائے ہوئے بڑے بڑے ترنگون کرکے وہ ٹوٹ جاتی ہے جو دکھن اُتر لمبی پُشکرنی (تالاب) بنانا چاہیے تو پانی کی چوٹ کے بچاو کے واسطے اسکے کنارونکو مضبوط لکڑی سے باندھ دیوے یا پتھر اینٹ آدی سے چنوا دیوے اور بنانے کے سمے اسکے ہر ایک مٹی کے کنارونکو گھوڑے ہاتھی آدی سے روندوا تا جاوے جس سے وہ مٹی دب جاوے اور پانی کے دھکے سے ٹوٹے نہین -

ककुभवटाम्रप्लक्षकदम्बैः सनिचुलजम्बूवेतसनीपैः।
कुरवकतालाशोकमधूकैर्बकुलविमिश्रैश्छादिततीराम् ॥ ११९ ॥

۱۱۹ - ارجن بڑ آم پاکر کدمب نچل جامن بینتس نیپ ارتھات ایک پرکار کا کدمب کروک تال اشوک مہوا اور بکل ان برچھون کرکے اس باولی کے کنارونکو گھیر دے ارتھات اسکے کنارے پے برچھ لگاوے

द्वारं च नैर्वाहिकमेकदेशे कार्यं शिलासंचितवारिमार्गम्। को-
शस्थितं निर्विवरं कपाटं कृत्वा ततः पांशुभिरावपेत्तम् ॥ १२० ॥

۱۲۰ - پانی نکلنے کے لیے ایک طرف ایک راستہ رکھے جسکو پتھرون سے بندھوا کر پکا کرادیوے اور اس راستہ کو بغیر چھیدکے کاٹھ کے کیواڑون (تختون) سے ڈھک کر اوپر سے مٹی سے دبا دیوے -

अञ्जनमुस्तोशीरैः सराजकोशातकामलकचूर्णैः। क-
तकफलसमायुक्तैर्योगः कूपे प्रदातव्यः ॥ १२१ ॥ + ॥

۱۲۱ - انجن (سُرمہ) موتھا خس راجکوشاتکی (بڑی تُرئی) آنولا کتک (نرملی)

ان سکا چورن کرکے (ارتھات پیسکر) کنوئین (باولی) مین ڈالے ۔

कलुषं कटुकं लवणं विरसं सलिलं यदि वाऽसुभगन्धि भवेत्।
तदनेन भवत्यमलं सुरसं सुसुगन्धि गुणैरपरैश्च युतम्॥१२२॥

۱۲۲۔ جو پانی گندلا کڑوا کھاری بےسواد (بےمزہ) اتھوا درگندہ مکت ہو وہ اس جوگ کو لنے سے نرمل میٹھا سگندھ اور بھی کئی اتم گنون سے مکت ہو جاتا ہے ۔

हस्ते मघाऽनुराधापुष्यधनिष्ठोत्तराणि रोहिण्यः। शत-
भिषगित्यारम्भे कूपानां शस्यते भगणः॥१२३॥ + ॥

۱۲۳۔ ہست مگھا انرادھا پکھ دھنشٹھا تینون اترا روہنی اور شت بھکہ یہ نکھشتر کنوان کھودنے مین اتم ہین

कृत्वा वरुणस्य बलिं वटवेतसकीलकं शिरास्थाने। कु-
सुमैर्गन्धैर्धूपैः संपूज्य निधापयेत्प्रथमम्॥१२४॥ + ॥

۱۲۴۔ برن کو بلدان دے کر چندن پھول دھوپ آد سے بڑ اتھوا بیتس کے کاٹھ کی کیل کا پوجن کرکے سرا کے استھان مین پہلے اس کیل کو گاڑ دے ۔

मेघोद्भवं प्रथममेव मया प्रदिष्टं ज्येष्ठामतीत्य बलदेवमता-
दिदृष्टा। भौमं दकार्गलमिदं कथितं द्वितीयं सम्य-
ग्वराहमिहिरेण मुनिप्रसादात्॥१२५॥ + ॥ + ॥

इति श्रीवराहमिहिराचार्यकृतौ बृहत्संहिता-
यां दकार्गलं नाम चतुःपंचाशोऽध्यायः॥५४॥

۱۲۵۔ جیٹھ کی پورنماسی ہونے کے بعد برکھا رت مین جو جل کا گیان وہ سیکھ سمبندھی دکارگل ہے وہ تو مینے بلدیو آد آچاریون کے مت دیکھکر پہلے ہی کہہ دیا اب یہ بھوم سمبندھی دوسرا دکارگل منی لوگون کے پرساد سے اچھی طرح براہ مہر آچاریہ ارتھات مینے کہا ہے ۔ دک پانی کا نام ہے اور ارگل رکاوٹ کا نام ہے پانی کی رکاوٹ جس شاستر سے جانی جاوے وہ دکارگل کہاتا ہے

شری براہ مہر آچاریہ کی بنائی ہوئی برہت سنگھتا مین دکارگل نام ادھیائے چون سماپت ہوا۔

اُدّھیائے پچپن
برچھ آیربید

प्रान्तच्छायाविनिर्मुक्तानमनोज्ञाजलाशयाः। यस्मा-
दतोजलप्रान्तेष्वारामान्विनिवेशयेत् ॥ १ ॥ + ॥

۱- باؤلی کنوآن تالاب آدِ جلاشئے (چشمہ) جو آس پاس چھایا (سایہ) سے رہت ہون تو
چت کو آنند نہین دیتے اِسلیئے جلاشیون کے کنارون پر باغیچہ لگانا چاہیے -

मृद्वी भूः सर्ववृक्षाणां हिता तस्यां तिलान्वपेत्। पुष्पि-
तांस्तांश्च मृद्नीयात् कर्मैतत्प्रथमं भुवि ॥ २ ॥ + ॥

۲- کومل بھوم سب برچھون کے لیئے اچھی ہوتی ہے جس بھوم مین باغ لگانا ہو پہلے اُسمین تِل بووے
جب وے تِل پھولین تب اُنکا مردن کرے یہ بھوم مین پہلا کرم ہے -

अरिष्टाऽशोकपुन्नागशिरीषाः सप्रियङ्गवः। मङ्ग-
ल्याः पूर्वमारामे रोपणीया गृहेषु वा ॥ ३ ॥ + ॥ + ॥

۳- نیم اشوک پناگ سرکھ اور پریَنگ یے برچھ شُبھ ہین اِسلیئے باغ مین یا گھر مین یے برچھ پہلے لگانے چاہئین

पनसाऽशोककदलीजम्बूलकुचदाडिमाः। द्रा-
क्षापालीवताश्चैव बीजपूराऽतिमुक्तकाः ॥ ४ ॥
एते द्रुमाः काण्डरोप्या गोमयेन प्रलेपिताः। मूलच्छे-
देऽथवा स्कन्धे रोपणीयाः प्रयत्नतः ॥ ५ ॥ + ॥ + ॥

۴- کٹھل اشوک کیلا جامن لکچ (بڑہر) انار داکھ پلیوت بجورا اور اَتِ مکتک -
۵- ان برچھون کی شاکھا (قلم) لے کر اُسکو گوبر سے لیپ کر لگاوے اتھوا دوسرے برچھونکو
مول (جڑ) سے اتھوا ڈال سے کاٹ کر اُسکے اُوپر لگاوے -

अजातशाखान्शिशिरे जातशाखान्हिमागमे। वर्षा-
गमे च सुस्कन्धान् यथादिक्प्रतिरोपयेत् ॥ ६ ॥ + ॥

۶- جنکی شاخ پیدا نہوئی ہون ایسے برچھ کو ایک استھان سے اُٹھا کر دوسرے استھان
مین اپنی دِشا کے بیچ ششر رت مین لگاوے - جنکی شاکھا ہو گئی ہون اُنکو ہیمنت رت مین

اور اچھے اچھے ڈال والے برچھون کو برکھا رت مین لگاوے -

घृतोशीरतिलक्षौद्रविडङ्गक्षीरगोमयैः । आमूलस्कन्धलिप्तानां संक्रामणविरोपणम् ॥ ७ ॥ + ॥

۷ - گھی خس تل شہد باو برنگ دودھ اور گوبر ان سبکو پیسکر جڑ سے لیکر ڈال تک برچھونکو لیپٹ کرے پیچھے اسکو ایک استھان سے اٹھاکر دوسرے استھان مین لگاوے -

शुचिर्भूत्वा तरोः पूजां कृत्वा स्नानानुलेपनैः । रोपयेद्रोपितश्चैव पत्रैस्तैरेव जायते ॥ ८ ॥ + ॥ + ॥

۸ - پوتر ہوکر اسنان کر خوشبو لگا برچھونکی پوجا کر پیچھے اس برچھ کو دوسرے استھان مین لگاوے تو وہ برچھ انھین پتون کرکے جگت لگ جاتا ہے ارتھات سوکھتا نہین ہے -

सायं प्रातश्च घर्मान्ते शीतकाले दिनान्तरे । वर्षासु च भुवः शोषे सेक्तव्या रोपिता द्रुमाः ॥ ९ ॥ + ॥

۹ - لگائے ہوئے برچھ گریکھم رت مین صبح شام دونون وقت سینچنے چاہیین - سردی کی فصل مین ایک دن کے انتر سے سینچے اور برکھا رت مین بھوم کے سوکھنے پر سینچنا چاہیے -

जम्बूवेतसवानीरकदम्बोदुम्बरार्जुनाः । बीजपूरकमृद्वीकालकुचाश्च सदाडिमाः ॥ १० ॥ वंजुलो नक्तमालश्च तिलकः पनसस्तथा । तिमिरोम्रातकश्चैव षोडशानूपजाः स्मृताः ॥ ११ ॥ + ॥

۱۰ - جامن بیتس بانیر کدنب گولر ارجن بجورا داکھ برہر دارکم (انار) -
۱۱ - بنجل نکت مال تلک کٹہل تمر اور انورا بے سولہ برچھ بہت جل والے دیش مین ہوتے ہین -

उत्तमं विंशतिर्हस्ता मध्यमं षोडशान्तरम् । स्थानात्स्थानान्तरं कार्यं वृक्षाणां द्वादशावरम् ॥ १२ ॥

۱۲ - ایک برچھ سے بیس ہاتھ کے انتر پر دوسرا برچھ لگایا جاوے تو اتم - سولہ ہاتھ انتر پر مدھم اور بارہ ہاتھ کے انتر پر لگایا جاوے تو نکرشٹ (ناقص) ہوتا ہے -

अभ्यासजातास्तरवः संस्पृशन्तः परस्परम् । मिश्रैर्मूलैश्च न फलं सम्यग्यच्छन्ति पीडिताः ॥ १३ ॥

۱۳- جو برچھ بہت پاس پاس پیدا ہون اور آپسمین چھو جاین اور جنکی جڑین مل جاوین وے رُکھی ہوتے ہین اسی کارن اچھی طرح نہین پھلتے -

शीनवातातपै रोगो जायते पाण्डुपत्रता । अवृद्धि-
श्च प्रबालानां शाखाशोषो रसस्रुतिः ॥१४॥*॥

۱۴- بہت ہوا اور دھوپ سے برچھونکو روگ ہو جاتا ہے تب اُنکے پتّے پیلے ہو جاتے ہین انکور نہین بڑھتے ڈالیان سوکھ جاتی ہین اور رس ٹپکنے لگتا ہے -

चिकित्सितमथैतेषां शस्त्रेणादौ विशोधनम् । वि-
डङ्गघृतपङ्काक्तान् सेचयेत् क्षीरवारिणा ॥१५॥*॥

۱۵- رُوگی برچھ کی اسطرح دوا کرے کہ پہلے اُسکے جس اَنگ کو سوکھا سڑا آدِ دیکھے اُسکو ہتھیار سے کاٹ دیوے پھر باو بڑنگ گھی اور پنک (کیچڑ) ان سبکو ملا کر برچھون کے اوپر لیپ کرے پیچھے دودھ ملے ہوئے جل سے سینچے -

फलनाशे कुलत्थैश्च माषैर्मुद्गैस्तिलैर्यवैः । शृत-
शीतपयः सेकः फलपुष्पाभिवृद्धये ॥१६॥*॥

۱۶- برچھ مین پھل نہ لگین تو کلتھ اُڑد (ماش) مونگ تل اور جو ان سبکو دودھ مین ڈالکر اوٹاوے پھر اُس دودھ کو ٹھنڈھا کرکے پھل اور پھولونکی بڑدّھ کے لیے اُس برچھ کو سینچے -

अविकाजशकृच्चूर्णस्याढके द्वे तिलाढकम् । सक्तु-
प्रस्थोजलद्रोणो गोमांसतुलया सह ॥१७॥ स-
प्तरात्रोषितैरेतैः सेकः कार्यो वनस्पतेः । वल्लीगु-
ल्मलतानां च फलपुष्पाय सर्वदा ॥१८॥*॥*॥

۱۷- بھیڑ اور بکری کی مینگنی کا چورن دو آڑھک تل ایک آڑھک ستو ایک پرستھ جل ایک دُرون اور گئو مانس ایک تُلا ان سبکو ایک برتن مین ڈال - ۱۸- سات رات تک رکھے پھر پھل اور پھولونکے لیے اس جل سے برچھ بیل گلم اور لتاؤنکو سینچے - سولہ پل کا ایک پرستھ چار پرستھ کا آڑھک چار آڑھک کا ایک دُرون اور سو پل کی ایک تُلا ہوتی ہے - آٹھ رتی کا ایک ماشہ اور چالیس ماشے کا ایک پل ہوتا ہے -

वासराणि दश दुग्धभावितं बीजमाज्ययुतहस्त-

यौजितम् । गोमयेन बहुशो विरूक्षितं क्रोडमार्गपिशितैश्च धूपितम् ॥१९॥ मांससूकरवसासमन्वितं रोपितं च परिकर्मितावनौ । क्षीरसंयुतजलावसेचितं जायते कुसुमयुक्तमेव तत् २०

۱۹- چاہیے جس برچھ کے بیج کو گھی سے چکنے ہاتھ کر کے چھڑے پیچھے اسکو دودھ مین ڈال دے اسیطرح بنت دس دن تک چکنے ہاتھ سے چھڑکر دودھ مین ڈالتا جاے پیچھے اسکو گوبر سے بہت بار رُوکھا کرے۔ سؤر اور ہرن کے مانس کا اس بیج کو دھوپ دیوے۔

۲۰- پھر مانس اور سؤر کی چربی سمیت اس بیج کو تل بونے سے شُدھ کی ہوئی بھوم مین او اور دودھ سمیت جل سے سینچے تو اس بیج سے جو برچھ پیدا ہوگا وہ پھولون سمیت پیدا ہوگا۔

तिन्तिडी त्वपि करोति वल्लरीं व्रीहिमाषतिलचूर्णसक्तुभिः ।
पूतिमांससहितैश्च सेचिता धूपिता च सततं हरिद्रया ॥ २१ ॥

۲۱- املی کے بیج کو بھی جو بہت کڑا ہوتا ہے دھان اُرد تل انکا چون (آٹا) ستو اور سڑا ہوا مانس ان سب سے سینچے اور ہلدی کا دھوپ دیوے تو اس بیج مین بھی نئے انکور نکل آوینگے پھر اور بیجون کے جمنے مین کیا سندیہ ہے۔

कपित्थवल्लीकरणाय मूलान्यास्फोतधात्रीधववासिकानाम् । पलाशिनी वेतससूर्यवल्लीश्यामातिमुक्तैः सहिताष्टमूली ॥ २२॥ क्षीरे शृते चाप्यनया सुशीते तालानशतं स्थाप्य कपित्थबीजम् । दिने दिने शोषितमर्कपादैर्मासं विधिस्त्वेष ततोऽधिरोप्यम् ॥२३॥ हस्तायतं तद्द्विगुणं गभीरं खात्वावटं प्रोक्तजलावपूर्णम् । शुष्कं प्रदग्धं मधुसर्पिषा तत्प्रलेपयेद्भस्मसमन्वितेन ॥२४॥ चूर्णीकृतैर्माषतिलैर्यवैश्च प्रपूरयेन्मृत्तिकयाऽन्तरस्थैः । मत्स्यामिषाम्भःसहितं च हन्याद्यावद्घनत्वं समुपागतं तत् ॥२५॥ उप्तं च बीजं चतुरंगुलाधो मत्स्याम्भसा मांसजलैश्च सिक्तम् । वल्लीभवत्याशु शुभप्रवाला विस्मापनी मण्डपमावृणोति ॥२६॥

۲۲- کیتھ کے بیج سے بلی کرنا چاہے تو بیتش کراتنا آنولا دھو باسا بھون سمیت بیتش او سورج بلی (سورج مکھی) نسوت اور اتمکتک ان آٹھون کی جڑ لیوے۔ ۲۳- بیتش کے پتر بھی لے ان سبکو دودھ مین ڈالکر اوٹاوے پھر اس دودھ کو ٹھنڈھا کر کے اسمین کیتھا کے

بیج کو ڈال کر دونون ہاتھ سے سنو تال بجائے جاوین اتنی دیر تک اُس دُودھ مین رکھے پھر نکالکر
دھوپ مین سکھالیوے اسی طرح ہر روز ایک مہینے تک کرکے تب اُس بیج کو بووے ہے -
۲۴- ایک ہاتھ لمبا چوڑا اور دو ہاتھ گہرا گڑہا کھودکر اُسکو کٹے ہوئے دُودھ حکمت جل سے بھرے
جب جل سوکھ جاوے تب اُس گڑہے کو آگ سے جلادیوے اور شہد گھی اور بھسم کو ملاکر اُس گڑہے کو
لیپے - ۲۵- مٹی کے بیچ مین استھت اُرد تِل اور جَو کے آٹے سے اُس گڑہے کو بھر دیوے ارتھات
پہلے چار انگل مٹی اُسمین بھرکر اوپر سے اُرد آدِ کا آٹا بھر دے پھر مچھلی کا مانس اور جل سے اُس گڑہے کو
چارون طرف سے ٹھونکا دے جسمین وہ کٹھن (سخت) ہو جاوے - ۲۶- پھر اُسمین چار انگل نیچے
پہلے سدّھ کیا ہوا کیتھے کا بیج بووے اور مچھلی جل اور مانس جل سے سینچے تو جلد ہی اُگم پتون سہت
بیلی نکل آوے اور منڈپ کو ڈھک لیوے جسمین دیکھنے والونکو تعجب ہو - بیلی بیل کو کہتے ہین -

शतशोऽङ्कोलसंभूतफलकल्केन भावितम् । एतत्तैले-
न वा बीजं श्लेष्मातकफलेन वा ॥ २७ ॥ वापितं कर-
कोन्मिश्रमृदि तत्क्षणजन्मकम् । फलभारानता शा-
खा भवतीति किमद्भुतम् ॥ २८ ॥ ॥ ॥ ॥ ॥

۲۷- انکول برچھ کے پھل کے گودے انکول پھل کے تیل سے اتھوا اشلیشماتک (لِیسوا) کے پھل
سے ارتھات اُسکے گودے سے اتھوا تیل سے چاہے جس بیج کو سَو بار بھاونا دیوے - ۲۸- پھر اُسکو
اولون سے بھیگی ہوئی مٹی مین بووے تو اُسی وقت جم آتا ہے اور پھلون کے بوجھ سے جھکی ہوئی لتا
ہو جاتی ہین اِسمین کیا تعجب ہے یعنے ضرور ہی ہوتی ہے -

श्लेष्मातकस्य बीजानि निष्कुलीकृत्य भावयेत्प्राज्ञः ।
अङ्कोलविज्जलाद्भिश्छायायां सप्तकृत्वेवम् ॥ २९ ॥ मा-
हिषगोमयघृष्टान्यस्य करीषे च तानि निक्षिप्य । करका-
जलमृद्योगे न्युप्तान्यह्ना फलकराणि ॥ ३० ॥ ॥ ॥

۲۹- بدّھمان پُرش لِیسوا کے بیج لیکر اُنکا چھلکا اُتارے اور انکول پھل کی بیج جلا ارتھات پھل کے بھیتر کا
پچھّل جل اُس سے چھایا مین اُن بیجونکو سات بھاونا دیوے ارتھات بھگو بھگوکر سایہ مین سکھانا
جاوے - ۳۰- پھر اُن بیجونکو بھینس کے گوبر سے گھسکر بھینس کے سوکھے گوبر کے ڈھیر مین رکھ چھوڑے
پھر جب اولے پڑین اور مٹی بھیگ جاوے تب اُن اولون سے بھیگی ہوئی مٹی مین اُن بیجونکو بووے
تو ایک ہی دن مین برچھ ہوکر پھلنے لگ جاوین -

ध्रुवमृदुमूलविशाखागुरुभश्रवणास्तथाऽश्विनीहस्तम्।

उल्कानिदिग्धहग्भिः पादपसंरोपणो भानि ॥ ३१ ॥+॥

इति श्रीवराहमिहिराचार्यकृतौ बृहत्संहितायां वृक्षायुर्वेदो नाम पंचपंचाशोऽध्यायः ॥ ५५ ॥ + ॥

۳۱- تینون اُترا روہنی مرگشرا ریوتی چترا انرادھا مول بشاکھا پکھ ستروان اشونی اور ہست یہ نکھتر وجید درشٹ والے منیشورون نے برچھ لگانیکے لیے اتم کہے ہین -

شری براہ مہراچارج کی بنائی ہوئی برہت سنگھتا مین برچھ آیربید نام ادھیاے پچپن سماپت ہوا -

ادھیاے چھپن

پراسادلچھن

कृत्वा प्रभूतं सलिलमारामान् विनिवेश्य च । देवतायतनं कुर्याद्यशो धर्माभिवृद्धये ॥ १ ॥+॥+॥+॥+॥+॥

۱- بہت سا جل کرکے ارتھات جلاشے (چشمۂ آب) بناکر اور اُنکے کنارے پر باغ لگاکر جس اور دھرم کی برڈھی کے لیے دیوتا کا مندر بناوے -

इष्टापूर्त्तेन लभ्यन्ते ये लोकास्तान् बुभूषता । देवानामालयः कार्यो द्वयमप्यत्र दृश्यते ॥ २ ॥ + ॥ + ॥ + ॥

۲- جگ آدکرنا اشٹ کہاتا ہے اور باولی کنوان تالاب آد بنانا پورت کہاتا ہے اشٹ پورت سے جو اُتم لوک ملتے ہین اُنکے پانے کی اچھا والا پرش دیومندر بناوے دیوتا کا مندر بنانے سے اشٹ اور پورت دونون ہی کا پھل پراپت ہوتا ہے -

सलिलोद्यानयुक्तेषु कृतेष्वकृतकेषु च । स्थानेष्वेतेषु सान्निध्यमुपगच्छन्ति देवताः ॥ ३ ॥+॥+॥+॥

۳- جل اور اُپ بن سہت استھان چاہے کسی کے بنائے ہوئے ہون چاہے آپسے آپ بن رہے ہون اُن استھانون مین دیوتا نواس کرتے ہین -

सरःसु नलिनीच्छत्रनिरस्तरविरश्मिषु । हंसांसाक्षिप्तकह्लारवीथीविमलवारिषु ॥ ४ ॥ हंसकारण्डव-

क्रौञ्चचक्रवाकविराविषु । पर्यन्तनिचुलच्छाया
विश्रान्तजलचारिषु ॥ ५ ॥ + ॥ + ॥ + ॥ + ॥

۴ - ایسے تالابون مین دیوتا سدا بہار کرتے ہین کہ جنمین کمل روپ چھتر کرکے سورج کرن دور کیئے
ہون ہنس پنچھیون کے کندھون کرکے پریرت جو شویت کمل انکا جو مارگ اسمین ہے نرمل جل جن
سروورون مین - ۵ - ہنس کانڈ کرونچ چکرواک جنمین شبد کر رہے ہین - اور تٹ کے
نچل برچھون کی چھایا مین جہان جل کے جیو بسرام کر رہے ہین -

क्रौञ्चकाञ्चीकलापाश्च कलहंसकलस्वनाः । नद्य-
स्तोयांशुकायत्र शफरीकृतमेखला ॥ ६ ॥ फुल्ल-
तीरद्रुमोत्तंसाः संगमश्रोणिमण्डलाः । पुलिनाभ्यु-
न्नतोरस्या हंसहासाश्च निम्नगाः ॥ ७ ॥ + ॥ + ॥ + ॥

۶ - کرونچ پنچھی ہی ہین کانچی کلاپ جنکا ہنسون کا مدھر شبد ہے شبد جنکا جل ہے بستر جنکا
مچھلیون کرکے بنائی ہے میکھلا جن نے - ۷ - کنارون پر پھولے ہوئے برچھ ہین کرن پھول
جنکے دو ندیونکا سنگم ہے شرون منڈل جنکا تیر کے اچے پردیش ہین استن جنکے اور ہنس ہی ہین
ہنسی جنکی ایسی ندی جہان ہون وہان دیوتا رمن کرتے ہین -

वनोपान्तनदी शैल निर्झरोपान्त भूमिषु । रमन्तेदे-
वता नित्यं पुरेषूद्यानवत्सुच ॥ ८ ॥ + ॥ + ॥ + ॥

۸ - بن کے پاس ندی پربت اور جھرنے کے پاس کی بھوم مین نت دیوتا رمتے ہین اور اپ
بن کرکے جگت نگری مین بھی دیوتا بہار کرتے ہین -

भूमयो ब्राह्मणादीनां याः प्रोक्ताः वास्तुकर्मणि । ता-
एव तेषां शस्यन्ते देवतायतनेष्वपि ॥ ९ ॥ + ॥ + ॥

۹ - براہمن آدِ چار برنونکو جیسی بھوم پہلے گھر بنانے کو کہہ آئے ہین ویسی ہی بھوم ان برنونکو
دیوتا کے مندر بنانے کے واسطے اُتم کہی ہے -

चतुःषष्टिपदं कार्यं देवतायतनं सदा । द्वारंतुम-
ध्यमं तस्मिन् समदिक्स्थं प्रशस्यते ॥ १० ॥ + ॥ + ॥

۱۰ - دیو مندر مین سدا چونسٹھ پد کا باستُ جو پیچھے کہہ آئے ہین کرنا چاہیے اس دیو مندر مین
مدھیم دوار سم دِشا مین استھت ہو تو سریشٹھ ہے -

योविस्तारोभवेद्यस्यद्विगुणातत्समुन्नतिः । उच्छ्रायाद्य-
स्तृतीयोंऽशस्तेनतुल्याकटिःस्मृता ॥ ११ ॥ विस्तारा-
र्द्धंभवेद्गर्भोभित्तयोऽन्याः समन्ततः । गर्भपादेनविस्ती-
र्णंद्वारंद्विगुणमुच्छ्रितम् ॥ १२ ॥ उच्छ्रायात्पादवि-
स्तीर्णाशाखातद्वदुदुम्बरः । विस्तारपादप्रतिमंबा-
हुल्यंशाखयोःस्मृतम् ॥ १३ ॥ त्रिपंचसप्तनवभिःशा-
खाभिस्तत्प्रशस्यते । अधःशाखाचतुर्भागेप्रतीहा-
रौनिवेशयेत् ॥ १४ ॥ शेषंमङ्गल्यविहगैःश्रीवृक्षस्व-
स्तिकैर्घटैः । मिथुनैःपत्रवल्लीभिःप्रमथैश्चोपशोभ-
येत् ॥ १५ ॥ द्वारमानाष्टभागोनाप्रतिमास्यात्सपि-
ण्डिका । द्वौभागौप्रतिमातत्रतृतीयांशश्चपिण्डिका ॥ १६ ॥

۱۱- دیومندر کا جتنا بستار ہو اُس سے دُونی اُسکی اُونچائی ہوتی ہے اُونچائی کی تہائی کے برابر دیو
مندر کی کٹ ہوتی ہے - سیڑھی کے اُوپر جہان سے دیو مندر شروع ہوتا ہے اُسکو کٹ کہتے ہین -
۱۲- بستار کا آدھا گربھ ہوتا ہے باقی آدھے بستار مین چارون طرف کی دیوارین بنتی ہین - گربھ
کی چوتھائی کے برابر دروازے کا پھیلاو اور دروازے کے پھیلاو سے دُونی دروازے کی اُونچائی
ہوتی ہے - ۱۳- دروازے کی اُونچائی کی چوتھائی کے برابر شاکھا (چوکھٹ کے بازو) اور اُدمبر
(چوکھٹ کے اُوپر کا کاٹھ) کی چوڑائی ہوتی ہے - شاکھا کی چوڑائی کی چوتھائی کے برابر شاکھاؤنکی
موٹائی ہوتی ہے - ۱۴- شاکھا کی جتنی چوڑائی کہی ہے اُسکے بیچ تین پانچ سات اٹھوا نو شاکھا
ہون تو دروازہ اچھا ہوتا ہے - دونون شاکھاؤنکے نیچے کے چوتھے حصے مین دیوتاؤن کے نوکرون
کی مُورت کھُدونی چاہیے - ۱۵- شاکھاؤنکے باقی تین چوتھے حصون مین ہنس آدمنگل داک پنچھی
شری برچھ (بیل) سوستک (ساتھیا) کلش متھن (استری پُرش کا جوڑا) پتر لتا اور گنون سے
رچنا کرے ارتھات انکی تصویرین بنا دے - ۱۶- دروازے کی اُونچائی کے پرمان مین اُسکا
آٹھوان حصہ گھٹا کر جو باقی رہے وہ پنڈکا (دیوتا استھاپن کا پیٹھ) سہت دیو پرتما کی اُونچائی کا پرمان
ہوتا ہے ارتھات اُس پرساد مین پیٹھ سہت اُتنی اُونچی پرتما استھاپن کرنی چاہیے - اُس پیٹھ
سہت پرتما کی اُونچائی کے تین بھاگ کر دو بھاگ کے برابر اُونچی پرتما اور ایک بھاگ کے برابر اُونچی پنڈکا

یعنی چیٹھ بنانی چاہیے - یہ پرمان سب پراساڈون کے لیے کہا ہے -

मेरुमन्दरकैलासविमानच्छन्दनन्दनाः । समुद्गपद्मग-
रुडनन्दिवर्धनकुंजराः ॥ १७ ॥ गुहराजो वृषो हंसः
सर्वतोभद्रको घटः । सिंहो वृत्तश्चतुष्कोणः षोड-
शाऽष्टाश्रयस्तथा ॥ १८ ॥ इत्येते विंशतिः प्रोक्ताः
प्रासादाः संज्ञया मया । यथोक्तानुक्रमेणैव लक्ष-
णानि वदाम्यतः ॥ १९ ॥ + ॥ + ॥ + ॥ + ॥

۱۷ - میرو مندر کیلاس بمان چھند نندن سمدگ پدم گرڑ نند بردھن کنجر - ۱۸ - گہراج
برکھ ہنس سربتوبھدر گھٹ سنگھ برتّ چتش کون کھوڑشاشر اور اشٹاشر - ۱۹ - یے
بیس نام ہمنے پراساڈون کے کہے اب تمام کرم سے انکے لچھن کہتے ہیں -

तत्र षडश्रिर्मेरुर्द्वादशभौमो विचित्रकुहरश्च । द्वा-
रैर्युतश्चतुर्भिर्द्वात्रिंशद्धस्तविस्तीर्णः ॥ २० ॥ + ॥ + ॥

۲۰ - چھہ کونے کا میرو نام پراساد ہوتا ہے جسمین بارہ بھومکا (کھنڈ) ہوتی ہین - اور انیک
بھانت کے کہر اتھات بھیتر کے گواچھون کر کے جکت ہوتا ہے اسمین چار دروازے چارون
دشاؤن مین ہوتے ہین ۳۲ ہاتھ اس پراساد کا بستار ہوتا ہے اور ۶۴ ہاتھ اونچائی ہوتی ہے -

त्रिंशद्धस्तायामो दशभौमो मन्दरः शिखरयुक्तः । कै-
लासोऽपि शिखरवानष्टाविंशोऽष्टभौमश्च ॥ २१ ॥

۲۱ - لمبائی کون ۳۰ ہاتھ بستار والا دس بھومکاؤن کر کے جکت اور شکھرون کر کے جکت
مندر نام پراساد ہوتا ہے - کیلاس پراساد بھی شکھرون کر کے جکت ۲۸ ہاتھ کا بستار
آٹھ بھومکاون کر کے جکت اور کھٹ کون ہوتا ہے -

जालगवाक्षकयुक्तो विमानसंज्ञस्त्रिसप्तकायामः ।
नन्दन इति षड्भौमो द्वात्रिंशः षोडशाण्डयुतः ॥ २२ ॥

۲۲ - جالی جھروکھون کر کے جکت ۲۱ ہاتھ بستار اور آٹھ بھومکاؤن کر کے جکت کھٹ کون
بمان چھند نام پراساد ہوتا ہے - نندن پراساد کھٹ کون چھہ بھومکاؤن کر کے جکت ۳۲ ہاتھ
بستار والا اور سولہ انڈون کر کے جکت ہوتا ہے - انڈ پراساد کے اوپر ہوتے ہین جو
شکھر پر شرنگ (سینگ) کہاتے ہین -

वृत्तः समुद्गनामा पद्मः पद्माकृतिः शयानष्टौ । शृङ्गे-
णैकेन भवेदेकैव च भूमिका तस्य ॥ २३ ॥ * ॥

۲۳ - سمدگ نام پراساد گول ہوتا ہے اور پدم پراساد کمل کے آکار آٹھ دل کا ہوتا ہے
یے دونون پراساد آٹھ ہاتھ چوڑے ہوتے ہین ایک ہی شرنگ اُنکے ہوتا ہے اور دونون
ایک ایک بھومکا کرکے جُگت ہوتے ہین - چوڑی ۸

गरुडाकृतिश्च गरुडो नन्दीति च षट् चतुष्कविस्तीर्णः ।
कार्यस्तु सप्तभौमो विभूषितोऽण्डिश्च विंशत्या ॥ २४ ॥

۲۴ - گرڑ پراساد گرڑ کے آکار پنکھ اور پوچھ کرکے جُگت ہوتا ہے - نند بردھن پراساد بھی
گرڑ کے آکار ہی ہوتا ہے پرنت اُسکے پنکھ اور پوچھ نہین ہوتے ہیے دونون پراساد چوبیس ۲۴
ہاتھ لمبے چوڑے سات بھومکاؤن کرکے جُگت اور بیس انڈون سے بھوکت کرنے چاہئین -

कुंजर इति गजपृष्ठः षोडशहस्तः समन्ततो मूलात् । गु-
हराजः षोडशकस्त्रिचन्द्रशालाभवेद्वलभी ॥ २५ ॥

۲۵ - کُنجر پراساد ہاتھی کی پیٹھ کے آکار ہوتا ہے اور مُول سے چارون اور سولہ ہاتھ لمبا چوڑا
ہوتا ہے - گُہراج پراساد گُہہ (گارتکے) کے آکار ہوتا ہے اور سولہ ہاتھ اسکا بستار ہوتا ہے
اِن دونون پراساد ون کی بل بھی تین تین چندرشالاؤن کرکے جُگت ہوتی ہے -

वृष एकभूमिशृङ्गो द्वादशहस्तः समन्ततो वृत्तः । हं-
सो हंसाकारो घटोऽष्टहस्तः कलशरूपः ॥ २६ ॥ * ॥

۴- دس بھونری گھوڑون کے بدن مین ضرور ہی ہوتی ہین انکو دُھروآورت کہتے ہین انمین ایک بھونری پرپان (اوپر کے اونٹھ کا نیچے کا حصہ) مین اور بالون کے نیچے للاٹ مین ہوتی ہے - رندھر (کوکھ اور توندی کے بیچ کا حصہ) اپرندھر (رندھر سے اوپر) مستک اور چھاتی ان چار جگہون مین دو دو بھونری ہوتی ہین اسطرح یے دس دُھروآورت ہین -

षड्भिर्दन्तैः सिता भैर्भवति हयशिशुस्तैः कषायैर्द्विवर्षः सं-
दंशैर्मध्यमान्त्यैः पतितसमुदितैस्त्र्यब्धिपंचाब्दिकोऽश्वः ।
संदंशानुक्रमेणत्रिकपरिगणिताः कालिकापीतशुक्लाः का-
चामाक्षीकशङ्खावटचलनमतोदन्तपातंचविद्धि ॥ ५ ॥

इतिश्रीवराहमिहिराचार्यकृतौबृहत्संहितायामश्वलक्षणंनामषट्षष्टितमोऽध्यायः ॥ ६६ ॥

۵- گھوڑون کی دنت پنگت (دانتون کی صف) کے بیچ کے چھ دانت گھوڑے کی عمر کو بتاتے ہین اوپر کی اور نیچے کی دونون دنت پنگتیون مین جو وے چھ دانت اُجلے رنگ کے ہون تو ایک برس کا بچھیرا ہوتا ہے - وے ہی چھ دانت گُلما ے رنگ (کالا اور لال ملا ہوا) کے ہون تو دو برس کا گھوڑا ہوتا ہے - دونون دنت پنگتیون مین بیچ کے سمان

دو دو دانت سندنش کہاتے ہین - سندنشون کے دونون طرف کا ایک ایک دانت مدھ اور مدھون کے دونون طرف کا ایک ایک دانت انتیہ کہاتا ہے - سندنش گِر کر پھر جمے ہون تو تین برس کا گھوڑا - مدھ گِر کر پھر جمے ہون تو چار[۴] برس کا - اور انتیہ گِر کر پھر جمے ہون تو پانچ[۵] برس کا گھوڑا ہوتا ہے - سندنش کے انکرم سے کالکا آدِ رنگون کر کے تین تین برس بڑھتے ہین - اسکا یہ تاتپرج (خلاصہ) ہے کہ سندنشون کے اوپر کالکا (کالے بُندے) ہون تو چھہ[۶] برس - مدھون کے اوپر کالکا ہو تو سات برس اور انتیون کے اوپر کالکا ہو تو آٹھ برس گھوڑے کی عمر جانو - اسیطرح سندنشون کے اوپر پیلے بُندے ہون تو نو[۹] برس مدھون پر پیلے بُندے ہون تو دس برس - انتیون پر پیلے بُندے ہون تو گیارہ برس جانو - سندنش آدِ کے اوپر اُجلے بُندے ہونے سے بارہ تیرہ[۱۳] اور چودہ[۱۴] برس کرم (سلسلہ) سے جانو - سندنش آدِ کے اوپر کانچ کے رنگ کے بُندے ہونے سے کرم سے پندرہ[۱۵] سولہ[۱۶] اور سترہ[۱۷] برس جانو - شہد کے رنگ کے بُندے ہونے سے کرم سے اٹھارہ[۱۸] انیس[۱۹] ور بیس[۲۰] برس جانو - سندنش آدِ کے اوپر شنکھ کے رنگ کے بُندے ہونے سے کرم سے اکیس[۲۱] بائیس[۲۲] او تیئیس[۲۳] برس جانو - سندنش آدِ مین چھید ہونے سے کرم پوربک چوبیس[۲۴] پچیس[۲۵] ور چھبیس[۲۶] برس جانو - سندنش آدِ کے ہلنے سے کرم پوربک ستائیس[۲۷] اٹھائیس[۲۸] ور انتیس[۲۹] برس جانو - اور سندنش آدِ دانتون کے گرنے سے ارتھات سندنش گِر جاے تو تیس[۳۰] برس مدھ گِر جاے تو اکتیس[۳۱] برس اور انتیہ گِر جاے تو بتیس[۳۲] برس گھوڑے کی عمر ہوتی ہے - یہ جانو - گھوڑونکی انتہا کی عمر بتیس[۳۲] برس تک ہوتی ہے اسلیے بتیس[۳۲] برس تک عمر جاننے کے چِنہ لکھے ہین -

شری براہ مہراچارج کی بنائی ہوئی برہت سنگھتا مین
اشولچھن نام اُدھیاے چھیاسٹھ سماپت ہوا -

اُدھیاے ستسٹھ ۶۷

ہست (ہاتھی) لچھن

मध्वाभदन्ताः सुविभक्तदेहा नचोपदिग्धाश्च कृशाः समाश्च । गा-
त्रैः समैश्चापसमानवंशा वराहतुल्यैर्जघनैश्च भद्राः ॥ १॥ ॥

۱۔ چار ذات کے ہاتھی ہوتے ہین بھدر مند مرگ اور سنکیرن ۔ اب اِنکے لچھن کرم سے کہتے ہین ۔ جن ہاتھیون کے دانت شہد کے رنگ کے ہون شریر کے سب انگ بھلی بھانت بھگت (اپنی اپنی جگہ پر آراستہ) ہون جنکی دیہہ نہ بہت موٹی ہو نہ بہت دُبلی ہو کام کے لائق ہون برابر انگ کے ہون دھنک کی طرح جنکی پیٹھ کی ہڈی ہو اور سوٗر کے سمان جنکے جگھن (کمر کے حصّے) ہون ارتھات گول ہون وے ہاتھی بھدر ذات کے ہوتے ہین ۔

वक्षोऽथकक्षावलयः श्लथाश्चलम्बोदरस्त्वग्बृहती गलश्च । स्थू-
लाश्चकुक्षिः सहपेचकेन सैंही च दृङ्मन्दमतङ्गजस्य ॥ २ ॥

۲۔ مند ذات کے ہاتھی کی چھاتی اور مدھ بھاگ کی بل ڈھیلی ہوتی ہے پیٹ لمبا ہوتا ہے چمڑا اور گلا موٹا ہوتا ہے کوکھ اور پیچک (دُم کی جڑ) موٹی ہوتی ہے سنگھ کے سمان درِشٹ ہوتی ہے ۔ یہ مند ذات ہاتھی کا لچھن ہے ۔

मृगास्तु ह्रस्वाधरवालमेढ्रास्तन्वङ्घ्रिकण्ठद्विजहस्तकर्णाः । स्थू-
लेक्षणाश्चेति यथोक्तचिह्नैः संकीर्णनागा व्यतिमिश्रचिह्नाः ॥ ३ ॥

۳۔ مرگ ذات کے ہاتھیون کے نیچے کا اونٹھ پونچھ کے بال لنگ چھوٹے ہوتے ہین پیر گلا دانت سونڈ اور کان بھی چھوٹے ہوتے ہین نینتر بڑے ہوتے ہین یے مرگ ذات ہاتھی کے لچھن ہین ۔ ان تین ذات کے ہاتھیون کے جو چنھ کہے یے سب جن ہاتھیون مین ملتے ہون وے سنکیرن ذات کے ہاتھی ہوتے ہین ۔

पञ्चोन्नतिः सप्त मृगस्य दैर्घ्यमष्टौ च हस्ताः परिणाहमानम् । एक-
द्विवृद्धावथ मन्दभद्रौ संकीर्णनागोऽनियतप्रमाणः ॥ ४ ॥

۴۔ مرگ ذات کے ہاتھی کی اونچائی پانچ ہاتھ دُم کی جڑ سے لیکر ماتھے تک لمبائی سات ہاتھ اور بیچ کے حصّے کی موٹائی آٹھ ہاتھ ہوتی ہے ۔ ایک ہاتھ کے بڑھانے سے مند کا اور دو ہاتھ کے بڑھانے سے بھدر کا پرمان ہوتا ہے ارتھات چھ ہاتھ اونچائی آٹھ ہاتھ لمبائی اور نو ہاتھ مدھ بھاگ کی موٹائی مند ذات کے ہاتھی کی ہوتی ہے ۔ اور سات ہاتھ اونچائی نو ہاتھ لمبائی دس ہاتھ مدھ بھاگ کی موٹائی بھدر ذات کے ہاتھی کی ہوتی ہے ۔ سنکیرن ذات کے ہاتھیون کی اونچائی آدی کچھ نیم نہین ہے یعنے انکا اندازہ کچھ مقرری نہین ہے ۔

भद्रस्य वर्णो हरितो मदस्य मन्दस्य हारिद्रकसन्निकाशः । कृष्णो
मदश्चाभिहितो मृगस्य संकीर्णनागस्य मदो विमिश्रः ॥ ५ ॥

۵ - بھدر ذات کے ہاتھی کا مد ہرے رنگ کا ہوتا ہے مند ذات کے ہاتھی کا مد ہلدی کے سمان پیلے رنگ کا اور مرگ ذات کے ہاتھی کا مد کالے رنگ کا ہوتا ہے سنکیرن ذات کے ہاتھی کا مد مشر برن ہوتا ہے ارتھات کئی رنگ اسمین ہوتے ہین -

ताम्रोष्ठतालुवदनाः कलविङ्कनेत्राः स्निग्धोन्नताग्रदशनाः पृथुलायतनास्याः । चापोन्नतायतनिगूढनिमग्नवंशास्तन्वेकरोमचितकूर्मसमानकुम्भाः ॥ ६ ॥ विस्तीर्णकर्णहनुनाभिललाटगुह्याः कूर्मोन्नतद्विनवविंशतिभिर्नखैश्च । रेखात्रयोपचितवृत्तकराः सुबाला धन्याः सुगंधिमदपुष्करमारुताश्च ॥ ७ ॥

۶ - جن ہاتھیون کے اونٹھ تالو اور مکھ تانبے کے سمان لال رنگ کے ہون نیتر کل بنک نامی (گھرون مین رہنے والی چڑیا) کے سمان ہون چکنے اور اونچے نوک والے دانت ہون چوڑا اور لمبا مکھ ہو دھنکھ کے سمان اونچا دیرگھ نگوڑھ اور نمگن پرشٹ بنش ہو کورم کے سمان کمبھ ہون جن کمبھون کے روم کوپون مین ایک ایک سوکشم روم ہون - ۷ - کرن ہنو نابھ للاٹ لنگ بڑا ہو کچھوے کی طرح بیچ او نچے اٹھارہ یا بیس ناخن ہون کمرٹی تین لکیرون سہت گول اور سونڈ ہون جنکا مد اور پشکر (سونڑ کا سرا) کا پون ارتھات سونڑ سے جو پون نکلتا ہے وہ سگندھ جکت ہو ایسے ہاتھی اتم ہوتے ہین -

दीर्घाऽगुलिरक्तपुष्कराः सजलाऽम्भोदनिनादबृंहिणः । बृहदायतवृत्तकन्धरा धन्या भूमिपतेर्मतङ्गजाः ॥ ८ ॥

۸ - سونڑ کے سرے کو پشکر کہتے ہین اور پشکر کے آگے انگلی ہوتی ہے جن ہاتھیون کی انگلی لمبی ہو پشکر لال رنگ کا ہو پانی سے بھرے ہوئے میگھ کے گرجنے کی طرح جنکی چنگھار ہو بڑی لمبی اور گول جنکی گردن ہو ایسے ہاتھی راجا کے لیے شبھ ہوتے ہین -

निर्मदाभ्यधिकहीननखाङ्गान् कुब्जवामनकमेषविषाणान् । दृश्यकोशफलपुष्करहीनान् श्यावनीलशबलासितताल्वून् ॥ ९ ॥ स्वल्पवक्त्ररुहमत्कुणषण्ढान् हस्तिनीं च गजलक्षणयुक्ताम् । गर्भिणीं च नृपतिः परदेशं प्रापयेदतिविरूपफलांस्तान् ॥ १० ॥

इति श्रीवराहमिहिराचार्यकृतौ बृहत्संहितायां हस्तिलक्षणं नाम सप्तषष्टितमोऽध्यायः ॥ ६७ ॥

۹ - جو ہاتھی کبھی مست نہوں جنکے ناخن یا کوئی انگ ادھک یا کم ہون یعنے ناخن اٹھارہ سے کم یا بیس سے زیادہ ہون انگ بھی شریر کے حیثیت سے چھوٹے بڑے ہون جو ہاتھی کبج ہون بینڈھا کے سینگ کے سمان جنکے دانت ہون جنکے انڈکوش (فوطے) دیکھ پڑتے ہون۔ پشکر سے رہت ہون شیاو رنگ نیل رنگ چیتر برن اور کالے رنگ کا جنکا تالو ہو۔

۱۰ - چھوٹے دانت ہون جو ہاتھی متکن ہون کھنڈہ ہون ان سبکو اور جو ہتھنی ہاتھی کے لچھنون کر کے کنکت ہو ارتھات بڑے بڑے دانت ہون مست ہوتی ہو آد اور جو ہتھنی گربھنی ہو جائے اسکو راجا اپنی راج سے باہر نکال دیوے ہیے جو راج مین رہین تو بہت برا پھل کرتے ہین۔ جب ہاتھی کی چھاتی اور کچھن سنکیت ہون پیٹھ اونچی ہو پرمان سے ہنی ہو اور توندی جسکی اونچی ہو وہ ہاتھی کبج کہلاتا ہے جسکی لمبائی اور پرناہ تو ٹھیک ہو پرنت اونچائی بہت ہو کم ہو اس ہاتھی کو بامن کہتے ہین۔ جسمین سب لچھن ٹھیک ٹھیک ہون پرنت دانت نہون وہ ہاتھی متکن (مکنا) کہلاتا ہے چلنے کے سمے جب ہاتھی کے پیر ملتے ہون اسکو کھنڈہ کہتے ہین۔

شری براہ مہراچارج کی بنائی ہوئی بربہت سنگھتا مین
ہاتھی لچھن نام ادھیائے ست سٹھ سماپت ہوا۔

ادھیائے ۶۸ ارسٹھ
پرش لچھن

उन्मानमानगतिसंहतिसारवर्णस्नेहस्वरप्रकृतिसत्त्वमनूकमादौ।
क्षेत्रं मृजां च विधिवत्कुशलोऽवलोक्य सामुद्रविद्वदति यातमनागतं च ॥ १ ॥

۱ - انمان (اپنے انگل کی اونچائی) مان (تول) گمن سنگھت (مناسبت اعضا) سار برن سنتبد پرکرت ستو (ایک پرکار کا چت کا دھرم جسکے ہونے سے کبھی کبھا اور دکھ نہین ہوتا) انوک (پورب جنم) جیسے جو دشش پرکار کے باد آدی کے کینگلے مرجا (پنچ مہابھوت سمے شریر چھایا) ان سب باتونکو سامدرک شاستر جاننے والا جیتر پرش پہلے دیکھکر منکھون کو بتیت (گذشتہ)

اور بھوت شیہ (ہونے والا) شبھ اشبھ پھل کہہ سکتا ہے -

अस्विन्नौ मृदुतलौ कमलोदराभौ श्लिष्टांगुली रुचिरताम्र-
नखौ सुपार्ष्णी। उष्णौ शिराविरहितौ सुनिगूढगुल्फौ कू-
र्मोन्नतौ च चरणौ मनुजेश्वरस्य ॥ २॥

۲ - پسینا سے رہت کومل تلوون سے جلت کمل کے مدھ بھاگ کے سمان کانت والے آپس مین ملی ہوئی انگلیون والے چمکدار اور لال رنگ کے ناخن والے سندر ایڑیون والے گرم ناڑیون سے رہت (جنکے نسین نہ دیکھ پڑین) نگوڑھ گلپھ (جنکے ٹخنے نہ اونچے ہون) اور کچھوے کی طرح اوپر سے اونچے ایسے چرن راجا کے ہوتے ہین ارتھات جسکے چرن مین یے لچھن ہون وہ راجا ہوتا ہے -

शूर्पाकारविरूक्षपाण्डुरनखौ वक्रौ शिरासन्ततौ संशुष्कौ
विरलाङ्गुली च चरणौ दारिद्र्यदुःखप्रदौ। मार्गायोत्करौ
कषायसदृशौ वंशस्य विच्छित्तिदौ ब्रह्मघ्नौ परिपक्वमृद्-
द्युतितलौ पीतावगम्यारतौ ॥ ३॥

۳ - سوپ کی طرح سے آگے سے چوڑے اجلے رنگ کے ناخن والے ٹیڑھی نسین والے سوکھے اور برڑی (الگ الگ) انگلیون والے چرن ہون تو دردر (افلاس) اور دکھ دیتے ہین بیچ سے اونچے سر کی صورت پانون ہون تو ہمیشہ راستہ چلاتے ہین کسیلے رنگ (تھوڑے سے لال) کے چرن ہون تو بنش کا چھید کرتے ہین ارتھات جس پرش کے چرن کسیلے رنگ کے ہون تو اسکا بنش نہین چلتا آگ مین پکی ہوئی مٹی کے تل جسکے پیر کے تلوون کی کانت ہو وہ پرش برہم ہتیا کرتا ہے اور جس پرش کے چرن پیلے رنگ کے ہون وہ اگمیا استری (جسکے ساتھ بھوگ کرنا منع ہے) مین آسکت (فریفتہ) ہوتا ہے -

प्रविरलतनुरोमवृत्तजंघा द्विरदकरप्रतिमैर्वरोरुभिश्च।
उपचितसमजानवश्च भूपा धनरहिताः श्वसृगालतुल्यजंघा ॥ ४॥

۴ - برڑے اور باریک روئین والے اور گول جنکی جانگھین ہون ہاتھی کی سونڑ کے سمان جنکے سندر ارو ہون چکدار اور برابر جنکے گھٹنے ہون وے راجا ہوتے ہین - کتّے اور سیار کے سمان جنکی جانگھین ہون وے دھن سے رہت ہوتے ہین -

रोमैकैकं कूपके पार्थिवानां द्वे द्वे ज्ञेये पण्डितश्रोत्रियाणाम्। त्र्या-
द्यैर्निःस्वा मानवा दुःखभाजः केशाश्चैवं निन्दिताः पूजिताश्च ॥ ५॥

۵- جنکی جانگھون کے بالون کی جڑون مین ایک ایک بال ہو وے راجا ہوتے ہین - جنکے بالون کی جڑون مین دو دو بال ہون وے پنڈت اور شروتری ہوتے ہین جنکے ایک ایک جڑون مین تین تین چار چار اد بال ہون وے ننگے نردھن اور دکھی ہوتے ہین اسی طرح مستک (سر) کے بالون کا بھی ششبھ ششبھ پھل جان لیوے -

निर्मांसजानुर्म्रियते प्रवासे सौभाग्यमल्पैर्विकटैर्दरिद्राः । स्त्री-
निर्जिताश्चापि भवन्ति निम्नै राज्यं समांसैश्च महद्भिरायुः ॥ ६ ॥

۶- جسکے گھٹنون پر ماس (گوشت) نہو وہ پرش پردیش مین مرتا ہے چھوٹے گھٹنے ہون تو سوبھاگیہ ہوتا ہے جن پرشون کے گھٹنے بکٹ ہون وے دردری ہوتے ہین جنکے گھٹنے نیچے ہون وے استری کے بس مین رہتے ہین جنکے گھٹنے پر گوشت ہون انکو راج ملتا ہے - اور بڑے گھٹنے جنکے ہون وے بڑی عمر پاتے ہین -

लिङ्गेऽल्पे धनवानपत्यरहितः स्थूले विहीनो धनैर्मेढ्रे वामनते सु-
तार्थरहितो वक्रेऽन्यथा पुत्रवान् । दारिद्र्यं विनते त्वधोऽल्प-
तनयो लिङ्गे शिरासन्तते स्थूलग्रन्थियुते सुखी मृदु करोत्य-
न्तं प्रमेहादिभिः ॥ ७ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥

۷- چھوٹا لنگ (عضو تناسل) ہو تو پرش دھن والا اور سنتان ہین ہوتا ہے موٹا لنگ ہو تو دھن ہین ہوتا ہے بائین طرف کو لنگ جھکا ہو تو پرش دھن اور پترون سے ہین ہوتا ہے - داہنی طرف کو لنگ جھکا ہو تو پتروان ہوتا ہے لنگ نیچے کو بہت جھکا ہو تو دردری ہوتا ہے لنگ کے نسین نکلی ہون وہ پرش کم اولاد ہوتا ہے یعنے اسکے تھوڑے پتر ہوتے ہین - جسکے لنگ مین موٹی موٹی گرہین ہون وہ سکھی ہوتا ہے جسکا لنگ ملائم ہو وہ جریان وغیرہ سے مرتا ہے -

कोशनिगूढैर्भूपा दीर्घैर्भग्नैश्च वित्तपरिहीनाः । लघुवृ-
त्तशफसो लघुशिरालाश्च धनवन्तः ॥ ८ ॥ ✣ ॥

۸- کوش (چمڑے کی تھیلی سی) مین جسکا لنگ گوڑھ (چھپا ہوا) ہو وہ راجا ہوتے ہین لمبے اور ٹوٹے ہوئے جنکے لنگ ہون وے دھن ہین ہوتے ہین سیدھا اور گول جسکا لنگ ہو اور چھوٹا اور نسین کرکے سکت جسکا لنگ ہو وے پرش دھن وان ہوتے ہین -

जलमृत्युरेकवृषणो विषमैः स्त्रीचञ्चलः समैः क्षितिपः । ह्र-
स्वायुश्चोद्बद्धैः प्रलम्बवृषणस्य शतमायुः ॥ ९ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥

۹۔ جسکے ایک ہی برکھن (فوطہ) ہو وہ پُرش جل مین ڈوب کر مرتا ہے بکھم (چھوٹے بڑے) برکھن ہون تو استری لمپٹ (زناکار) ہوتا ہے دونون برکھن سمان ہون تو راجا ہوتا ہے اوپر کو کھچے ہوئے برکھن ہون تو تھوڑی عمر ہوتی ہے اور جس پُرش کے برکھن لمبے ہون اسکی عمر سَو برس کی ہوتی ہے ۔

रक्तैराढ्या मणिभिर्निर्द्रव्याः पाण्डुरैश्च मलिनैश्च । सुखिनः
सशब्दमूत्रनिःस्वानिः शब्दधाराश्च ॥ १० ॥ द्वित्रिचतु-
र्धाराभिः प्रदक्षिणावर्तवलितमूत्राभिः । पृथ्वीपतयो
ज्ञेया विकीर्णमूत्राश्च धनहीनाः ॥ ११ ॥ एकैवमूत्रधा-
रा वलिता रूपप्रधानसुतदात्री । स्निग्धोन्नतसमम-
णयो धनवनितारत्नभोक्तारः ॥ १२ ॥ मणिभिश्च म-
ध्यनिम्नैः कन्यापितरो भवन्ति निःस्वाश्च । बहुपशु-
भाजो मध्योन्नतैश्च नात्युल्वणैर्धनिनः ॥ १३ ॥ ← ॥

۱۰۔ لنگ کے آگلے حصّے کا نام مَن ہے جسکو سپاری کہتے ہین ۔ لال رنگ کا مَن ہو تو پُرش دھنوان ہوتا ہے اُجلا اور میلا مَن ہو تو دھن ہین ہوتا ہے جسکے پیشاب کرتے وقت آواز نکلے وہ پُرش سُکھی رہتا ہے اور جسکی پیشاب کی دھار مین آواز نہو وہ نِردھن ہوتا ہے ۔
۱۱۔ جسکی پیشاب کی دھار دو تین یا چار ہون اور داہنی طرف کو وہ دھار جھکی ہوئی ہو کر پیشاب کو گراوے وہ پُرش راجا ہوتے ہین پیشاب کرتے وقت جسکا پیشاب بکھرتا ہو وے دھن سے رہت ہوتے ہین ۱۲۔ ایک دھار پیشاب کی ہو اور وہ بلت (لپٹی ہوئی) ہو تو رُوپ وان پُتر دیتی ہے جن پُرشون کے مَن چکنے اُونچے اور برابر ہون وے پُرش دھن استری اور رتنون کے بھوگ کرنے والے ہوتے ہین ۔ ۱۳۔ جنکے مَن بیچ سے نمن (جھکے ہوئے) ہون وے لڑکیون کے باپ ہوتے ہین ارتھات اُنکے گھر مین لڑکی ہی پیدا ہوتی ہین اور وے پُرش نِردھن بھی ہوتے ہین جنکے مَن بیچ سے اونچے ہون وے پشوون کے سوامی ہوتے ہین بہت موٹے جنکے مَن ہون وے دھنی ہوتے ہین ۔

परिशुष्कवस्तिशीर्णा धनरहिता दुर्भगाश्च विज्ञेयाः । कु-
सुमसमगन्धशुक्रा विज्ञातव्या महीपालाः ॥ १४ ॥
मधुगन्धे बहुवित्ता मत्स्यसुगन्धे बहून्यपत्यानि । तनु-

शुक्रः स्त्रीजनको मांससगन्धमहाभागा ॥ १५ ॥ मदिरा
गन्धे यज्वा क्षारसुगन्धे चौरेनसिदरिद्रः । शीघ्रम्मैथुन-
गामी दीर्घायुरतोऽन्यथाल्पायुः ॥ १६ ॥ ॥ ॥ ॥

۱۴۔ لِنگ اور نابھ کے انتر کو بست (پیڑو) کہتے ہین جنکے بست کا اوپر کا حصّہ نرمانس ہو وے پرش دھن ہین اور دُربھگ (سب آدمیونکے دُشمن) ہوتے ہین پُشپ کے سمان جنکے بیرج مین سگندھ آوے وے راجا ہوتے ہین ۔ ۱۵۔ شہد کے سمان گندھ بیرج مین ہو تو بہت دھنی ہو مچھلی کے سمان گندھ بیرج مین ہو تو بہت سنتان ہون تھوڑا بیرج ہو تو لڑکیان پیدا ہون مانس کے سمان گندھ بیرج مین ہو تو بھوگی ہو ۔ ۱۶۔ مدھا کے سمان گندھ مین بیرج مین ہون تو جگیہ کرنیوالا ہو کھار کے تُل گندھ بیرج مین ہو تو پرش دردری ہو جلدی جو پرش میتھن (جماع) کرے وہ بڑی عمر کا ہوتا ہے اور جو پرش بہت دیر تک میتھن کرے وہ کم عمر کا ہوتا ہے

निःस्वोऽतिस्थूलस्फिक् सुमांसलस्फिक् सुखान्वितो भव-
ति । व्याघ्रांतोऽध्यर्धस्फिङ् मण्डूकस्फिङ् नराधिपतिः ॥ १७ ॥

۱۷۔ بہت موٹے جس پرش کے اسپھک (کمر کا مانس پنڈ) ہون وہ نردھن ہوتا ہے سُندر مانس جاٹ جسکے اسپھک ہون وہ سُکھی ہوتا ہے جس پرش کے اسپھک ڈیوڑھے ہون اُسکو شیر مارتا ہے منڈک کے سمان جسکے اسپھک ہون وہ پرش راجا ہوتا ہے ۔

सिंहकटिमनुजेन्द्रः कपिकरभकटिर्धनैः परित्यक्तः । सम-
जठराभोगयुता घटपिठरनिभोदरा निःस्वाः ॥ १८ ॥ ॥

۱۸۔ سنگھ کے سمان جسکی کمر ہو وہ راجا ہوتا ہے بندر یا اونٹ کے سمان جسکی کمر ہو وہ دھن ہین ہوتا ہے ۔ سم ارتھات نہ اونچا نہ نیچا جسکا پیٹ ہو وہ پرش بھوگی ہوتا ہے گھڑا یا ہانڈی کے سمان جسکا پیٹ ہو وہ پرش نردھن ہوتا ہے ۔

अविकलपार्श्वा धनिनो निम्नैर्वक्रैश्च भोगसंत्यक्ताः । स-
मकक्ष्या भोगाढ्या निम्नाभिर्भोगपरिहीनाः ॥ १९ ॥ उ-
न्नतकक्ष्याः क्षितिपाः कठिनास्तु मानवा विषमकक्ष्याः ।
सर्पोदरा दरिद्रा भवन्ति बह्वाशिनश्चैव ॥ २० ॥ ॥ ॥

۱۹۔ کمر کے چار انگل اوپر کے حصّے کو پارشو کہتے ہین اور پیٹ کے بیچ کے حصّے کو کُکھ کہتے ہین اَبِکل ارتھات مانس سے پُشٹ جنکے پارشو ہون وے دھنی ہوتے ہین ۔ نیچے اور ٹیڑھے پارشو

ہون تو دھن ہین ہوتا ہے جنکی لِکھا سم ہووے پُرش جوڑی ہوتے ہین تین لکھا ہون تو بھوگ سے رہت ہوتے ہین - ۲۰ - اَنیک لکھا ہون تو راجا ہوتے ہین بِکھم (کم زیادہ) جنکی لکھا ہو وے سنگھ کٹھور ہوتے ہین جن پُرشون کا پیٹ سانپ کے پیٹ کی طرح بہت لمبا ہو وے پُرش دَرِدری ہوتے ہین اور بہت بھوجن کرتے ہین -

परिमाण्डलोन्ननाभिर्विस्तीर्णाभिश्चनाभिभिः सुखिनः । स-
ल्पात्वदृश्यनिम्नानाभिः क्लेशावहा भवति ॥ २१ ॥ व-
लिमध्यगता विषमा शूला बाधां करोति नैः स्वंच । शा-
ठ्यं वामावर्ता करोति मेधां प्रदक्षिणतः ॥ २२ ॥ पार्श्वा-
यता चिरायुषमुपरिष्टाच्चेश्वरं गवाढ्य मधः । शतप-
त्र कर्णिकाभानाभिर्मनुजेश्वरं कुरुते ॥ २३ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥

۲۱ - گول اونچی اور بستیرن (پھیلی ہوئی) جن پُرشون کی نابھ (ناف) ہو وے سکھی ہوتے ہین چھوٹی اور اَدِرِشیہ (ارتھات نہ دیکھ پڑے) اور نِمن (ارتھات گہری نہو) ایسی نابھ دُکھ دایک ہوتی ہے - ۲۲ جنکی نابھ پیٹ کے بل کے بیچ آوے اور بِکھم ہو وہ پُرش سُولی پر چڑھایا جاتا ہے اور نِردھن بھی ہوتا ہے جنکی نابھ باماورت (بائین کو گھومی ہوئی) ہو وہ پُرش شٹھ ہوتا ہے دچھناورت نابھ ہو (ارتھات داہنی طرف کو گھومی ہوئی ہو) تو اُسکو بدھ دیتی ہے ۲۳ دونون طرف لمبی نابھ بڑی عمر کرتی ہے اوپر کو نابھ لمبی ہو تو پُرش کو اِیشور ح حکمت (دولتمند) کرتی ہے نیچے کو لمبی ہو تو بہت گئو والا ہو کمل کی کرنکا کے تُل نابھ ہو تو پُرش کو راجا کرتی ہے

शस्त्रान्तं स्त्रीभोगिनमाचार्यं बहुसुतं यथासंख्यम् । एक-
द्वित्रिचतुर्भिर्बलिभिर्विद्यान्नृपं त्ववलिम् ॥ २४ ॥ विष-
मबलयो मनुष्या भवन्त्यगम्याऽभिगामिनः पापाः । ऋ-
जुबलयः सुखभाजः परदारद्वेषिणश्चैव ॥ २५ ॥ ✣ ॥

۲۴ پیٹ کے بیچ جو ریکھا اُنکو بل کہتے ہین جس پُرش کے ایک بل ہو اُسکا ہتھیار سے مرت ہوتا ہے دو بل ہون تو وہ پُرش بہت استریون سے بھوگ کرنیوالا ہوتا ہے تین بل ہون تو وہ پُرش آچارج (اُپدیش کرنیوالا) ہوتا ہے اور چار بل جس پُرش کے پیٹ مین ہوت اُسکے بہت پُتر ہوتے ہین جسکے پیٹ مین ایک بھی بل نہو وہ راجا ہوتا ہے - ۲۵ - جسکے پیٹ مین ارتھات کوئی چھوٹی کوئی بڑی بل ہووے سُکھی اور پرائی استری سے بچتے ہین -

मांसलमृदुभिः पार्श्वैः प्रदक्षिणावर्तरोमभिर्भूपाः। विप-
रीतैर्निर्द्रव्याः सुखपरिहीनाः परप्रेष्याः ॥ २६ ॥ + ॥ + ॥

۲۶- مانس کر کے پشٹ اور کومل اور دچھناورت رویین والے جنکے پارشو ہون وے پرش راجا ہوتے ہین اور مانس سے ہین اور کٹھور اور باماورت رویین والے جنکے پارشو ہون وے نردھن اور اور پرشون کے داس ہوتے ہین - بائین طرف جھکے ہوئے ۱۲

सुभगा भवन्त्यनुद्वद्धचूचुका निर्धना विषमदीर्घैः। पी-
नोपचितनिमग्नैः क्षितिपतयश्चूचुकैः सुखिनः ॥ २७ ॥

۲۷- استن کے اگلے بھاگ کو چوچک کہتے ہین جنکے چوچک انبدّھ ہون ارتھات اوپر کو کھنچے ہون وے پرش سبھاگ ہوتے ہین جنکے چوچک بکھم (چھوٹے بڑے اور لمبے ہون وے نردھن ہوتے ہین اور جنکے چوچک کٹھن پشٹ اور اونچے نون وے راجا ہوتے ہین اور سکھی رہتے ہین -

हृदयं समुन्नतं पृथु नवेपनं मांसलं च नृपतीनाम्। अध-
मानां विपरीतं खररोमचितं शिरालं च ॥ २८ ॥ + ॥

۲۸- اونچا بستیرن کمپ سے ہین اور مانسل ہردے راجاونکا ہوتا ہے اور نمن سنکچت اور کرش ہردے ادھم پرشونکا ہوتا ہی کٹھور روم سے جکت اور ناڑیون سے بیاپت ہردے بھی ادھم لوگونکا ہوتا ہے - گوشت دار ۱۲ سکڑا ہوا ۱۲ دبلا ۱۲

समवक्षसोऽर्थवन्तः पीनैः शूरास्त्वकिंचनास्तनुभिः। विष-
मं वक्षो येषां ते निःस्वाः शस्त्रनिधनाश्च ॥ २९ ॥ + ॥ + ॥

۲۹- سم (نہ اونچی نہ نیچی) جنکی چھاتی ہو وے دھنوان ہوتے ہین پشٹ اور کٹھور چھاتی ہو تو شور بیر ہوتے ہین چھوٹی چھاتی ہو تو پرش ارتھ سے ہین ہوتے ہین جنکی چھاتی بکھم (اونچی نیچی) ہو وے دھن سے ہین ہوتے ہین اور ہتھیار سے انکی موت ہوتی ہے -

विषमैर्विषमो जत्रुभिरर्थविहीनोऽस्थिसंधिपरिणद्धैः। उ-
न्नतजत्रुर्भोगी निम्नैर्निःस्वोऽर्थवान्पीनैः ॥ ३१ ॥ + ॥

۳۰- کندھون کے جوڑونکو جترُ کہتے ہین - بکھم جترُ ہون تو پرش کرور ہوتا ہے ہڈیون کے جوڑ مین بندھے ہوئے جترُ ہون تو دھن ہین ہوتا ہے اونچے جترُ ہون تو بھوگی نمن جترُ ہون تو نردھن اور پین جترُ ہون تو پرش دھنوان ہوتا ہے -

चिपटग्रीवो निःस्वः शुष्का सशिरा च यस्य वा ग्रीवा ।

महिषग्रीवः शूरः शस्त्रान्तो वृषसमग्रीवः ॥ ३१ ॥ कम्बु-
ग्रीवो राजा प्रलम्बकण्ठः प्रभक्षणो भवति । पृष्ठमभ-
ग्नमरोमशमर्थवतामशुभदमतोऽन्यत् ॥ ३२ ॥

۳۱- بھینسے کی ایسی جسکی گردن ہو وہ پُرش نِردھن ہوتا ہے سوکھی اور نسین نکلی ہوئی جسکی گردن ہو وہ بھی نِردھن ہوتا ہے. بھینسے کے سمان جسکی گردن ہو وہ شُور بیر ہوتا ہے بَیل کی ایسی جسکی گردن ہو اُسکی ہتھیار سے موت ہوتی ہے جسکی گردن مین شنکھ کی طرح تین ریکھا ہون وہ راجا ہوتا ہے- ۳۲- جسکا گلا لمبا ہو بہت کھانیوالا ہوتا ہے کچھ جمع نہین کرتا- سیدھی اور بغیر رُوئین کی پیٹھ والا دھن وان ہوتا ہے جُھکی ہوئی اور رُوئین والی پیٹھ نِردھن کی ہوتی ہے-

अस्वेदनपीनोन्नतसुगन्धिसमरोमसंकुलाः कक्षाः । वि-
ज्ञातव्या धनिनामतोऽन्यथाऽर्थैर्विहीनानाम् ॥ ३३ ॥

۳۳ پسینے سے رہت پین اُونچی سُگندھ جُکت برابر اور رُوئین والی کاکھ (بغل) دھنوانوکی ہوتی ہے اور اِس سے بپریت (برخلاف) کاکھ نِردھنوکی ہوتی ہے-

निर्मांसौ रोमचितौ भग्नावल्पौ च निर्धनस्यांसौ । विपु-
लावव्युच्छिन्नौ सुश्लिष्टौ सौख्यवीर्यवताम् ॥ ३४ ॥

۳۴- مانس سے رہت رُوئین سے بیاپت بھگن اور چھوٹے کندھے نِردھن کے ہوتے ہین بستیرن ابھگن اور ملے ہوئے کندھے سُکھی اور بَلی پُرشون کے ہوتے ہین-

करिकरसदृशौ वृत्तावाजानुविलम्बिनौ समौ पीनौ । बा-
हू पृथिवीशानामधमानां रोमशौ ह्रस्वौ ॥ ३५ ॥

۳۵ ہاتھی کی سُونڈ کے سمان گول گھٹنون تک لمبی برابر اور پین بھجا راجاؤن کی ہوتی ہے اور رُوئین والی چھوٹی بھجا اَدھم پُرشون کی ہوتی ہے-

हस्ताङ्गुलयो दीर्घाश्चिरायुषामवलिताश्च सुभगानाम् । मे-
धाविनां च सूक्ष्माश्चिपिटाः परकर्मनिरतानाम् ॥ ३६ ॥
स्थूलाभिर्धनरहिता बहिर्नताभिश्च शस्त्रनिर्याणाः । कपि-
सदृशकरा धनिनो व्याघ्रोपमपाणयः पापाः ॥ ३७ ॥

۳۶- بڑی عُمر والے آدمیون کی انگلیان لمبی ہوتی ہین اَبلت (سیدھی) انگلی سُبھاگیہ پُرشون کی

ہوتی ہین بندھانونکی انگلی پتلی ہوتی ہین پر سیوا کرنیوالون کی انگلی چپٹی ہوتی ہین -
۳۷- موٹی انگلی ہون تو نردھن ہوتے ہین جنکی انگلی باہر کو جھکی ہون انگلی ہتھیار سے موت ہوتی
ہے بندر کے ایسے جنکے ہاتھ ہون وہ دھنوان ہوتے ہین اور شیر کے ایسے جنکے ہاتھ ہون وہ پاپی ہوتے ہین

मणिबन्धनैर्निगूढैर्दृढैश्च सुश्लिष्टसंधिभिर्भूपाः । हीनैर्ह-
स्तच्छेदः श्लथैः सशब्दैश्च निर्द्रव्याः ॥ ३८ ॥ + ॥ + ॥

۳۸- ہاتھ کی جڑ کو منی بندھ (پہونچا) کہتے ہین جنکے منی بندھ نگوڑھ دڑھ اور اچھے جوڑ والے
ہون وے راجا ہوتے ہین چھوٹے منی بندھ ہون تو ہاتھ کاٹے جاتے ہین ڈھیلے اور شبد
کرکے سہت (آوازدار) جنکے منی بندھ ہون وے نردھن ہوتے ہین -

पितृवित्तेन विहीना भवन्ति निम्नेन करतलेन नराः । संवृ-
तनिम्नैर्धनिनः प्रोत्तानकराश्च दातारः ॥ ३९ ॥ विष-
मैर्विषमा निःस्वाः करतलैरीश्वरास्तु लाक्षाभैः । पीतैर-
गम्यवनिताभिगामिनो निर्धना रूक्षैः ॥ ४० ॥ + ॥

۳۹- جنکے کرتل (ہتھیلی) نمن ہون وے پتا کے دھن سے رہت ہوتے ہین برابر گول اور
نمن جنکے کرتل ہون وے دھنوان ہوتے ہین اونچا جنکا کرتل ہو وہ پرش داتا ہوتا ہے -
۴۰- بکھم کرتل جنکے ہون وے درشٹ اور نردھن ہوتے ہین لاکھ کی طرح لال رنگ کے جنکے
کرتل ہون وہ ایشورج وان (دولتمند) ہوتے ہین پیلے رنگ کے کرتل جنکے ہون وہ اگمیا استری
(جس عورت سے جماع کرنا منع ہے) سے گمن (جماع) کرتے ہین رکھے کرتل ہون تو نردھن ہوتے ہین

तुषसदृशनखाः क्लीबाश्चिपिटैः स्फुटितैश्च वित्तसंत्यक्ताः
कुनखविवर्णैः परतर्ककाश्च ताम्रैश्च भूपतयः ॥ ४१ ॥

۴۱- چھلکون کے سمان رکھاؤن سے جکت جنکے نکھ (ناخن) ہون وے نپنسک (نامرد)
ہوتے ہین چپٹے اور پھوٹے جنکے نکھ ہون وے نردھن ہوتے ہین برے نکھ ہون اور رنگ
سے ہین ہون وے پرش دوسرے کی بات مین دلیل نکالنے والے ہوتے ہین تانبے کے
سمان لال رنگ کے جنکے نکھ ہون وے سیناپت ہوتے ہین -

अंगुष्ठयवैराढ्याः सुतवन्तोऽगुष्ठमूलगैश्च यवैः । दीर्घा-
ङ्गुलिपर्वाणः सुभगा दीर्घायुषश्चैव ॥ ४२ ॥ + ॥ + ॥ + ॥

۴۲- انگوٹھے کے بیچ مین جنکے جو ہو وے دھناڈھ ہوتے ہین انگوٹھے کی جڑ مین جو کے چنھ

ہون تو پُتّر وان ہوتے ہین جنکی انگلیون کے پور لمبے ہون وے پُرش سُبھگ اور بڑی عمر کے ہوتے ہین -

स्निग्धा निम्ना रेखा धनिनां तद्व्यत्ययेन निःस्वानाम् । वि-
रलांगुलयो निःस्वाधनसंचयिनो घनांगुलयः ॥ ४३ ॥

۴۳ - جنکے ہاتھ کی ریکھا اسنگدھ (چکنی) اور نمن (گہری) ہون وے دھنوان ہوتے ہین اور جنکی ریکھا رُوکھی اور اُنّت (اُتھلی) ہون وے نردھن ہوتے ہین جنکے ہاتھون کی انگلیان بڑی ہون وے نردھن ہوتے ہین اور گھنی انگلیون والے دھن کو جمع کرتے ہین -

तिस्रो रेखा मणिबन्धनोत्थिताः करतलोपगा नृपतेः ।
मीनयुगांकितपाणिर्नित्यं सत्रप्रदो भवति ॥ ४४ ॥ व-
ज्राकारा धनिनां विद्याभानान्तु मीनपुच्छनिभाः । शं-
खातपत्रशिबिकागजाश्वपद्मोपमा नृपतेः ॥ ४५ ॥
कलशमृणालपताकांकुशोपमाभिर्भवति निधिपा-
लाः । दामिनिभाभिश्चाढ्याः स्वस्तिकरूपाभिरैश्व-
र्यम् ॥ ४६ ॥ चक्रासिपरशुतोमरशक्तिधनुःकुन्तस-
न्निभा रेखाः । कुर्वन्ति चमूनाथं यज्वानमुलूखला-
काराः ॥ ४७ ॥ मकरध्वजकोष्ठागारसन्निभाभिर्म-
हाधनोपेताः । वेदीनिभेन चैवाग्निहोत्रिणो ब्रह्म-
तीर्थेन ॥ ४८ ॥ वापीदेवकुलाद्यैर्धर्मं कुर्वन्ति च
त्रिकोणाभिः । अंगुष्ठमूलरेखाः पुत्राःस्युर्दारिकाः
सूक्ष्माः ॥ ४९ ॥ रेखाः प्रदेशिनीगाः शतायुषां क-
ल्पनीयमूनाभिः । छिन्नाभिर्द्रुमपतनं बहुरेखा-
ऽरेखिणो निःस्वाः ॥ ५० ॥ ✦ ॥ ✦ ॥ ✦ ॥ ✦ ॥

۴۴ - منِ بندھن (پہونچا) سے نکلکر تین ریکھا جسکے کرتل (ہتھیلی) مین جائین وہ راجا ہوتا ہے - جسکے ہاتھ مین دو مچھلی کی ریکھا ہون وہ نِت سدا برت دینے والا ہوتا ہے -
۴۵ - بجر کی صورت (بیچ سے پتلا اور دونون طرف سے موٹا) ریکھا ہاتھ مین ہو تو دھنوان ہوتا ہے مچھلی کی پونچھ کے سمان ریکھا ہاتھ مین ہو تو بدوان (عالم) ہوتا ہے - شنکھ چھتر

پالکی ہاتھی گھوڑا اور کمل کی صورت کی ریکھا ہاتھ مین ہو تو راجا ہوتا ہے - ۴۶- کلش مرنال (کمل کی جڑ) کے آکار ارتھات بیچ مین گرہ دار ریکھا جسکے ہاتھ مین ہو پتاکا آنکس کے آکار جسکے ہاتھ مین ریکھا ہووے ندھ پال ہوتے ہین یعنی زمین مین دولت گاڑتے ہین - رسی کی صورت کی ریکھا ہاتھ مین ہو تو دھناڈھ ہوتا ہے سوستک کے آکار ریکھا ہو تو ایشوریہ ہوتا ہے ۴۷- چکر کھڑگ پرش (پھرسا) تومر (ایک پرکار کا بان) شکت (برچھی) دھنکھ کنت (بھالا) کی صورت ریکھا ہاتھ مین ہو تو سیناپت (سپہ سالار) ہوتا ہے اوکھلی کی صورت ریکھا ہاتھ مین ہو تو جگیہ کرنیوالا ہوتا ہے - ۴۸- مکر دھوج کوشٹھاگار کے آکار ریکھا ہاتھ مین ہو تو بہت دھنوان ہوتا ہے - بیدی کی صورت جسکا برہم تیرتھ ہو وے اگن ہوتری ہوتے ہین - انگوٹھے کی جڑ کو برہم تیرتھ کہتے ہین - ۴۹- باولی دیومندر آد کے سمان آکار کی ریکھا ہون تو اور ترکون ریکھا ہون تو دھرم کراتی ہین ارتھات وے پرش دھرماتما ہوتے ہین - انگوٹھے کی جڑ کی ریکھا سنتان (اولاد) کی ہین انمین جتنی ریکھا سوکشم (باریک) ہون اتنی کنیا ہوتی ہین ارتھات جتنی ریکھا موٹی ہون اتنے پتر ہوتے ہین ۵۰- ترجنی انگلی (انگوٹھے کے پاس کی انگلی) تک جسکی ریکھا ہو پہنچے وہ سو برس تک جیتا ہے چھوٹی ریکھا ہو تو انداز سے عمر کو جان لیوے ٹوٹی ریکھا ہاتھ مین ہون تو برچھ کے اوپر سے گر پڑے جنکے ہاتھ مین بہت ریکھا ہون اتھوا ریکھا نہون وے نردھن ہوتے ہین -

ऋति कृशा दीर्घैश्चिबुकै र्निर्द्रव्या मांसलैर्धनोपेताः । विम्बो-
पमैरवक्रैरधरैर्भूपास्तनुभिरस्वाः ॥ ५१ ॥ पद्मोष्ठैः स्फु-
टित वि खण्डित विवर्णरूक्षैश्च घनपरित्यक्ताः । स्निग्धाघ-
नाश्च दशनाः सुतीक्ष्णदंष्ट्राः समाश्च शुभाः ॥ ५२ ॥ * ॥

۵۱- بہت دبلی اور لمبی ٹھوڑھی ہو تو نردھن ہو - مانس سے پشٹ ٹھوڑھی ہو تو دھنوان ہو - بنب پھل کے سمان لال رنگ اور اکبر نیچے کا اونٹھ ہو تو راجا ہو - چھوٹا ادھر (نیچے کا اونٹھ) ہو تو نردھن ہو - ۵۲- پھوٹے ہوئے کھنڈت برے رنگ کے اور روکھے اونٹھ ہون تو دھن سے رہت ہو - چکنے گھنے تیکھی داڑھون کرکے جگت اور سمان دانت شبھ ہوتے ہین -

जिह्वा रक्ता दीर्घा श्लक्ष्णा सुसमा च भोगिनां ज्ञेया । श्वेता
कृष्णा परुषा निर्द्रव्याणां तथा तालु ॥ ५३ ॥ * ॥ * ॥

۵۳ - لال رنگ لمبی شلکھن اور سمان جیبھ ہو تو بھوگی ہوتے ہیں اُجلی کالی اور رُوکھی جیبھ ہو تو نردھن ہوتے ہیں - یہی لچھّن تالو کا بھی جانو -

वक्त्रं सौम्यं संवृतममलं श्लक्ष्णं समं च भूपानाम् । विपरीतं क्लेशभुजां महामुखं दुर्भगाणां च ॥ ५४ ॥ + ॥ + ॥ + ॥

۵۴ - سومیہ سمرت نرمل شلکھن اور سم مُکھ (چہرہ) راجاؤنکا ہوتا ہے اس سے برہت اُلٹا اسومیہ اسمرت اشلکھن اور وشم مُکھ کلیش بھوگنے والے پُرشونکا ہوتا ہے مہا مُکھ (بہت پھیلا ہوا) دُربھگ پُرشونکا ہوتا ہے -

स्त्रीमुखमनपत्यानां शाठ्यवतां मण्डलं परिज्ञेयम् । दीर्घं निर्द्रव्याणां भीरुमुखाः पापकर्माणः ॥ ५५ ॥ चतुरस्रं धूर्तानां निम्नं वक्त्रं च तनयरहितानाम् । कृपणानामतिह्रस्वं संपूर्णं भोगिनां कान्तम् ॥ ५६ ॥ + ॥ + ॥

۵۵ - استری کا ایسا مُکھ جن پُرشونکا ہووے سنتان ہین ہوتے ہیں گول مُکھ ہووے پُرش سٹھ ہوتے ہیں لمبا مُکھ ہو - وے پُرش دھن ہین ہوتے ہیں جنکا مُکھ ڈرانیوالا دکھ پڑے وہ پاپی ہوتے ہیں - ۵۶ - دھورتونکا مُکھ چَترکون (چوکھونٹا) ہوتا ہے - نمن مُکھ پُتر سے رہت پُرشونکا ہوتا ہے ارتھات اُن پُرشون کے پُتر اُتپن نہین ہوتے - کرپن (کنجوس) کا مُکھ بہت چھوٹا ہوتا ہے سمپورن اور منوہر جنکا مُکھ ہووے بھوگی ہوتے ہیں -

स्फुटिताग्रं स्निग्धं श्मश्रु शुभं मृदु च सन्नतं चैव । रक्तैः परुषैश्चौराः श्मश्रुभिरल्पैश्च विज्ञेयाः ॥ ५७ ॥ + ॥ + ॥

۵۷ - جنکے بال آگے سے پھٹے نہوں چکنے اور کومل اور اچھی طرح نیچے کو جھکے ہوئے ہوں ایسی داڑھی شبھ ہوتی ہے لال رنگ کی رُوکھی اور چھوٹی داڑھی جنکے ہووے چور ہوتے ہیں -

निर्मांसैः कर्णैः पापमृत्यवश्चर्पटैः सुबहुभोगाः । कृपणाश्च ह्रस्वकर्णाः शङ्कुश्रवणाश्च भूपतयः ॥ ५८ ॥ रोमशकर्णा दीर्घायुषस्तु धनभागिनो विपुलकर्णाः । क्रूराः शिरावनद्धैर्व्यालम्बैर्मांसलैः सुखिनः ॥ ५९ ॥ + ॥ + ॥

۵۸ - جنکے کان نِرمانس ہوں وے پاپ کرم میں مرتے ہیں چپٹے کان ہوں تو بڑے بھوگی

ہوتے ہین چھوٹے کان والے کرپن ہوتے ہین شنکہ کے تل آگے سے تیکھے کان ہون تو
سیناپت ہوتی ہین ۔ ۵۹ ۔ بالون سے سُکت کان ہون تو بڑی عمر پاتے ہین بڑے کان ہون تو
دھنوان ہوتے ہین جنکے کان مین نسین ہون وے پُرش کرُور ہوتے ہین لمبے اور مانس
کرکے پُشٹ جنکے کان ہون وے سکھی ہوتے ہین ۔ بمعہ ۱۲

भोगीत्व निम्नगण्डो मन्त्री संपूर्णमांसगण्डोयः । सुखभा-
क्शुकसमनासश्चिरजीवी शुष्कनासश्च ॥ ६० ॥ छिन्ना-
नुरूपयाऽगम्यगामिनो दीर्घया तु सौभाग्यम् । आकुंचि-
तया चौरः स्त्रीमृत्युः स्याच्चिपिटनासः ॥ ६१ ॥ धनिनोऽग्र-
वक्रनासा दक्षिणवक्राः प्रभक्षणाः क्रूराः । ऋज्वी स्वल्प-
च्छिद्रा सुपुटा नासा सभाग्यानाम् ॥ ६२ ॥ + ॥ + ॥

۶۰ جنکے گال اونچے ہون وہ بھوگی ہوتا ہے مانس سے پُشٹ جنکے گنڈ ہون وہ راجا کا
منتری ہوتا ہے طوطا کے سمان جنکی ناک ہو وہ بھوگی ہوتا ہے سوکھی اور تھات نرمانس جنکی ناک
ہو وہ بہت دنون تک جیتا ہے ۔ ۶۱ ۔ جنکی ناک کٹی سی دکھ پڑے وے اگمیا استری سے
گمن کرنیوالے ہوتے ہین لمبی ناک ہو تو سوبھاگیہ ہوتا ہے ۔ آکنچت (اوپر کو کھچی ہوئی)
ناک ہو تو چور ہوتا ہے ۔ چپٹی ناک ہو تو استری کے ہاتھ سے مارا جاتا ہے ۔ ۶۲ ۔ آگے
سے ٹیڑھی جنکی ناک ہو وے دھنی ہوتے ہین داہنی طرف ٹیڑھی جنکی ناک ہو وے کھاؤ بیر
اور سخت مزاج کے ہوتے ہین سیدھی چھوٹے چھید سندر نتھنون والی ناک ہو تو بھاگوان ہوتا ہے ۔

धनिनां क्षुतं सकृद् द्वित्रिपिण्डितं ह्रादिसानुनादं च । दी-
र्घायुषामभुक्तं विज्ञेयं संहतं चैव ॥ ६३ ॥ + ॥ + ॥

۶۳ ۔ ایکبار چھیکین وے دھنوان ہوتے ہین دو تین بار ملا ہوا ہرادی انناد کرکے مُکت
پرمُکت (بہت لمبا) اور سنگھت جو پُرش چھیکین وے بڑی عمر کے ہوتے ہین ۔

पद्मदलाभैर्धनिनो रक्तान्तविलोचनाः श्रियोभाजः । म-
धुपिंगलैर्महार्था मार्जारविलोचनाः पापाः ॥ ६४ ॥
हरिणाक्षा मण्डललोचनाश्च जिह्मैश्च लोचनैश्चौराः । क्रू-
राः केकरनेत्रा गजसदृशदृशश्च भूपतयः ॥ ६५ ॥
ऐश्वर्यं गम्भीरैर्नीलोत्पलकान्तिभिश्च विद्वांसः । अति-

कृषा तारकाणामक्ष्णामुत्पाटनं भवति ॥ ६६ ॥ मन्त्रित्वं स्थूलदृशां श्यावाक्षाणां च भवति सौभाग्यम्। दीनादृङ्गनिःस्वानां स्निग्धा विपुलार्थभोगवताम् ॥ ६७ ॥

۶۴- کمل دل کے تل نیتر ہون تو دھنوان ہوتے ہین جنکے نیترون کے انت لال ہون وے لچھمی وان ہوتے ہین شہد کے تل پنگل رنگ کے نیتر ہون تو بڑے دھنوان ہوتے ہین بلی کے تل کا جر نیتر ہون تو پاپی ہوتے ہین - ۶۵- ہرن کے ایسے نیتر ہون گول نیتر ہون اور آکیل نیتر جنکے ہون وے چور ہوتے ہین جنکے نیتر ہون تو کرور (بد) ہوتے ہین ہاتھی کے ایسے نیتر ہون تو سیناپت ہوتے ہین - ۶۶- گہرے نیتر ہون تو ایشورج ہوتا ہے - نیل کمل کے سمان کانت والے نیتر ہون تو پڑوان ہوتے ہین جن نیترونکی تارا بہت کالی ہو وے نیتر اکھاڑے جاتے ہین - ۶۷- موٹے نیتر ہون تو راجا کے منتری ہوتے ہین کپش رنگ کے نیتر ہون تو سوبھاگیہ ہوتا ہے جنکے نیتر دین ہون وے نردھن ہوتے ہین جنکے اور بڑے نیتر جنکے ہون وے دھنوان اور بھوگی ہوتے ہین -

अभ्युन्नताभिरल्पायुषो विशालोन्नताभिरतिसुखिनः। विषमभ्रुवो दरिद्रा बालेन्दुनतभ्रुवः सधनाः ॥ ६८ ॥ दीर्घासंसक्ताभिर्धनिनः खण्डाभिरर्थपरिहीनाः। मध्यविनतभ्रुवो ये ते सक्ताः स्त्रीष्वगम्यासु ॥ ६९ ॥ ✢ ॥

۶۸- جنکی بھون (ابرو) بیچ سے اونچی ہو انکی عمر تھوڑی ہوتی ہے - بڑی اور اونچی بھون ہو تو بہت سکھی ہوتے ہین چھوٹی بڑی بھون ہو تو دردری ہوتے ہین بال چندرما (ہلال) کی طرح جنکی ٹیڑھی بھون ہو وے دھنوان ہوتے ہین - ۶۹- لمبی اور آپسمین نہ ملی ہوئی جنکی بھون ہو وہ دھنوان ہوتے ہین ٹوٹی ہوئی بھون ہو تو نردھن ہوتے ہین بیچ سے جنکی بھون نت (جھکی ہوئی) ہو وے پرش اگمیا استری مین آسکت رہتے ہین -

उन्नतशङ्खैर्विपुलैर्धनिनो निम्नैः सुतार्थसंत्यक्ताः। विषमललाटा विधना धनवन्तोऽर्धेन्दुसदृशेन ॥ ७० ॥ शुक्तिविशालैराचार्यता शिरासन्ततैरधर्मरताः। उन्नतशिराभिराढ्याः स्वस्तिकवत्संस्थिताभिश्च ॥ ७१ ॥ निम्नललाटा वधबन्धभागिनः क्रूरकर्मनिरताश्च।

अभ्युन्नतैश्च भूपाः कृपणाः स्युः संवृत ललाटाः ॥७२॥

۷۰ - اونچی اور بڑی کنپٹی ہوں تو دھنی ہوتے ہیں نمن (گہری) کنپٹی ہوں تو پتر اور دھن سے
ہین ہوتے ہیں جنکا ماتھا کم ہووے پتر اور دھن سے ہین ہوتے ہیں آدھے چندرما کی طرح جنکا ماتھا ہووے
دھنوان ہوتے ہیں - ۷۱ - سیپی (صدف) کے سمان جنکا ماتھا پھیلا ہوا ہو وے پرش
آچاریج (دوسرے کو اپدیش کرنیوالے) ہوتے ہیں جنکے ماتھے میں نسین نکلی ہوں وے پاپ
کرنے میں لگے رہتے ہیں ماتھے کے بیچ نسین اونچی ہوں اور وے سوستک کی طرح اسقت
ہوں تو دھناڈھ ہوتے ہیں - ۷۲ - جنکا ماتھا نمن ہو وہ بدھ (قتل) اور بندھن (قید)
کیے جاتے ہیں اور بڑے کرم کرنے میں مستعد رہتے ہیں اونچا ماتھا ہو تو سیناپت ہوتے
ہیں - جنکا ماتھا سم برت (گول اور چھوٹا) ہو وے پرش کرپن ہوتے ہیں -

रुदितमदीनमनश्रु स्निग्धं च शुभावहं मनुष्याणाम् ।
रूक्षं दीनं प्रचुराश्रु चैव न शुभप्रदं पुंसाम् ॥ ७३ ॥

۷۳ - دینتا (عاجزی) سے رہت آنسوؤں سے ہین اور چکنا رونا آدمیوں کو شبھ ہوتا ہے
روکھا اور دین اور بہت آنسوؤں والا رونا پرشوں کو شبھ دینے والا نہیں ہوتا -

हसितं शुभदमकम्पं सनिमीलितलोचनं च पापस्य । दु
ष्टस्य हसितमसकृत्सोन्मादस्याऽसकृत्प्रान्ते ॥ ७४ ॥

۷۴ - ہنسنے کے سمے شریر نہ کانپے تو وہ ہنسنا (خندہ) اچھا ہوتا ہے آنکھ بند کر کے ہنسے وہ پاپی
ہوتا ہے دُشٹ پرش بارمبار ہنستا ہے اُنمادی پرش ہنسنے کے انت میں بارمبار ہنستا ہے -

तिस्रो रेखाः शतजीविनां ललाटायताः स्थिताः यदि ताः ।
चतसृभिरवनीशत्वं नवतिश्चायुः सपञ्चाब्दा ॥ ७५ ॥
विच्छिन्नाभिश्चागम्यगामिनो नवतिरप्यरेखेण । केशा-
न्तोपगताभी रेखाभिरशीतिवर्षायुः ॥ ७६ ॥ पञ्च-
भिरायुः सप्ततिरेकाग्रावस्थिताभिरपि षष्टिः । बहुरेखे-
ण शतार्धं चत्वारिंशच्च वक्राभिः ॥ ७७ ॥ त्रिंशद्भ्रूल-
ग्नाभिर्विंशतिभिश्चैव वामवक्राभिः । क्षुद्राभिः स्वल्पा-
युर्न्यूनाभिश्चान्तरे कल्प्यम् ॥ ७८ ॥ ० ॥ ० ॥ ० ॥ ० ॥

۷۵ - ماتھے پر لمبی تین ریکھا ہوں تو اُسکی عمر سو برس کی ہوتی ہے چار ریکھا ماتھے میں ہوں تو

راجا ہوتا ہے اور پچانوے برس کی عمر ہوتی ہے - ۷۶ - ٹوٹی ہوئی ریکھا ماتھے مین ہو
تو پرش اگمیا استری سے گمن کرتا ہے اور نوے برس جیتا ہے ماتھے مین ایک بھی ریکھا
نہو تو بھی نوے برس کی عمر ہوتی ہے جہان سے بال پیدا ہوتے ہین اُسکو کیشانت کہتے
ہین ماتھے مین کیشانت تک ریکھا پہنچی ہو تو اسی برس کی عمر ہوتی ہے - ۷۷ - پانچ
ریکھا ماتھے مین ہون تو ستر برس کی عمر ہوتی ہے سب ریکھاؤن کے سرے مل گئے ہون تو
ساٹھ برس کی عمر ہوتی ہے چھہ سات آدہ بہت سی ریکھا ماتھے مین ہون تو پچاس برس کی عمر
ہوتی ہے ٹیڑھی ریکھا ماتھے مین ہو تو چالیس برس کی عمر ہوتی ہے - ۷۸ - بھون سے
ریکھا الگ جائین تو تیس برس کی عمر ہوتی ہے بائین طرف ٹیڑھی ریکھا ہو تو بیس برس کی عمر
ہوتی ہے چھوٹی ریکھا ہون تو بیس برس سے بھی کم عمر ہوتی ہے کم ریکھا ارتھات ایک دو
ریکھا ہون تو بھی بیس برس سے کم عمر ہوتی ہے ان ریکھاؤن سے بیچ مین بچار کرکے عمر کو
جان لیوے جیسے تین ریکھا ہونے سے سو برس اور چار ریکھا ہونے سے پچانوے برس
کی عمر کہی ہے تو ساڑھے تین ریکھا ہونے سے ساڑھے ستانوے برس کی عمر سمجھنا چاہیئے
ارتھات دونون کی عمر ملاکر آدھی کرلیوے اسیطرح اور بھی جانو -

परिमण्डलैर्गवाढ्याश्छत्राकारैः शिरोभिरवनीशाः ।
चिपिटैः पितृमातृघ्नाः करोतिशिरसां चिरान्मृत्युः ॥७९॥
घटमूर्धाध्वानरुचिर्द्विमस्तकः पापकृद्धनैस्त्यक्तः । नि-
म्नं तु शिरो महतां बहुनिम्नमनर्थदं भवति ॥ ८० ॥

۷۹ - گول سر جنکا ہو اُنکے بہت گئوئین ہوتی ہین - چھتر کی طرح اوپر سے چوڑا سر ہو تو راجا
ہوتے ہین چپٹے سر والے پرش ماتا پتا کو بدھ کرتے ہین - کروٹ کی صورت جنکا سر ہو وہ بہت
دن تک جیتے ہین - ۸۰ - گھڑے کی صورت جنکا سر ہو اُسکی رُچ شبد مین ہوتی ہے - دو سر
جنکے ہون وہ پاپی اور نردھن ہوتا ہے نمن سر جنکا ہو وہ پرتشٹھت (عزت دار) پرش ہوتے
ہین پرنت بہت نمن ہو تو انرتھ کرتا ہے -

एकैकभवैः स्निग्धैः कृष्णैराकुञ्चितैरभिन्नाग्रैः । मृदु-
भिर्नचातिबहुभिः केशैः सुखभाङ्नरेन्द्रो वा ॥ ८१ ॥
बहुमूलविषमकपिलाः स्थूलस्फुटिताग्रपरुषह्रस्वाश्च
अतिकुटिलाश्चातिघनाश्च मूर्धजा वित्तहीनानाम् ॥८२॥

٨١- ایک رُوم کوپ (بال پیدا ہونیکا چھید) مین ایک ایک رُوم (بال) ہو چکنے کالے کچھ کچھ ٹیڑھے نوکین جنکی چھوٹی ہون کومل اور بہت گھنے نہین ایسے بال جنکے ہون وے راجا ہوتے ہین اتوانکو سکھی رہتے ہین - ٨٢- ایک ایک رُوم کوپ مین بہت سے بال پیدا ہون بچھم (کوئی بڑے کوئی چھوٹے) کپیل رنگ موٹے آگے سے پھٹے ہوئے رُوکھے چھوٹے بہت کُٹل اور بہت گھنے بال نردھن پُرشون کے ہوتے ہین -

यद्यद्गात्रं रूक्षं मांसविहीनं शिरावनद्धंच । तत्तदनि-
ष्टंप्रोक्तं विपरीतमतः शुभं सर्वम् ॥ ८३ ॥ * ॥ * ॥

٨٣- جو انگ رُوکھا مانس سے ہین اور جسمین نسین نکلی ہوئی ہون وہ انگ اشبھ ہوتا ہی اور جو انگ چکنا پُشٹ اور بغیر نسونکا ہو وہ شُبھ ہوتا ہے -

त्रिषुविपुलोगम्भीरस्त्रिष्वेवषडुन्नतश्चतुर्ह्रस्वः । सप्त-
सुरक्तोराजापंचसुदीर्घश्चसूक्ष्मश्च ॥ ८४ ॥ * ॥ * ॥

٨٤- جسکے تین انگ چوڑے ہون تین انگ گمبھیر ہون چھہ انگ اونچے ہون چار انگ چھوٹے ہون سات انگ لال رنگ ہون پانچ انگ لمبے ہون اور پانچ انگ باریک ہون وہ راجا ہوتا ہی -

उरोललाटंवदनंचपुंसांविस्तीर्णमेतत्त्रितयंप्रशस्तम्
नाभिःस्वरःसत्त्वमितिप्रदिष्टंगम्भीरमेतत्त्रितयंनराणाम्
॥८५॥ वक्षोऽथकक्ष्यानखनासिकास्यकृकाटिकाचेतिषडुन्न-
तानि। ह्रस्वानिचत्वारिचलिंगपृष्ठंग्रीवाचजङ्घेचहितप्रदानि
॥८६॥ नेत्रान्तपादकरताल्वधरोष्ठजिह्वारक्तानखाश्चखलुस-
प्तसुखावहानि। सूक्ष्माणिपञ्चदशनांगुलिपर्वकेशाःसाकंत्वचाकररु-
हाश्चनदुःखितानाम् ॥८७॥ हनुलोचनवाहुनासिकाःस्त-
नयोरन्तरमत्रपंचमम्। इतिदीर्घमिदंतुपंचकंनभवत्ये-
वनृणामभूभृताम् ॥ ८८ ॥ इतिक्षेत्रम् ॥ * ॥ * ॥

٨٥- چھاتی ماتھا مکھ یے تین انگ چوڑے ہون تو اچھے ہوتے ہین - نابھ شبد ستو (ایک پرکار کا چِت کا گُن) یے تین گمبھیر ہون تو آدمیونکو اچھے ہوتے ہین -
٨٦- چھاتی شتر کا مدھ بھاگ نکھ (ناخن) ناک مکھ کر کاٹکا (گھینٹو) یے چھہ اونچے چاہئین انگ پیٹھ گردن اور جانگھ یے چار چھوٹے ہون تو شبھ ہوتے ہین - ٨٧- نیترون کے انت

پانون کے تلوے ہاتھ تالو نیچے کا اونٹھ جیبھ ناخن یہ سات لال رنگ کے ہون تو سکھ دیتے ہین - دانت انگلیون کے پور بال توچا (چمڑا) ناخن یہ پانچ سوکشم (پتلے) دکھی پُرشون کے نہین ہوتے ارتھات یہ پانچ جسکے پتلے ہون وے سکھی رہتے ہین -

۸۸- ہنو نیتر بھجا ناک دونون چھاتیون کا مدھ بھاگ یہ پانچ انگ لمبے سوای راجاؤن کے اور کسی کے نہین ہوتے ارتھات جسکے یہ انگ لمبے ہون وہ راجا ہوتا ہے - یہ شریر کے انگون کا (جسم کے عضو کا) شبھ اشبھ پھل کہا -

छायाशुभाशुभफलानि निवेदयन्ती लक्ष्या मनुष्यपशुपक्षिषु लक्षणज्ञैः । तेजोगुणान्वहिरपिप्रविकासयन्ती दीपप्रभा स्फटिकरत्न घटस्थितेव ॥ ८९ ॥ * ॥ * ॥ * ॥

۸۹- لچھن جاننے والے پُرشونکو منکھ پشُ اور پچھیون مین شبھ اشبھ پھل تبلانے والی اور اسپھٹک رتن کے گھڑے مین استھت دیپ پربھا کی بھانت شریر کے بھیتر استھت ہو کر بھی تیج کے گنونکو باہر پرکاش کرتی ہوئی چھایا (شریر کی کانت) دیکھنی چاہیے ارتھات چھایا سے شبھ اشبھ پھل کا بچار کرنا چاہیے -

स्निग्धद्विजत्वङ्नखरोमकेशा छायासुगन्धाचमहीसमुत्था तुष्ट्यर्थलाभाऽभ्युदयान्करोतिधर्मस्यचाहन्यहनिप्रवृत्तिम् ॥९०॥

۹۰- جس سمے پُرش آدی کے اوپر بھوم کی چھایا ہو تب اسکے دانت کھال نکھ روئین سر کے بال چکنے رہتے ہین اور بدن مین خوشبو رہتی ہے وہ بھوم کی چھایا تُشٹ (آسودگی) دھن کا لابھ ابھیودے (ترقی ۱۲) کرتی ہے اور دن دن دھرم مین لگاتی ہے -

स्निग्धासिताऽच्छहरितानयनाभिरामासौभाग्यमार्दवसुखाऽभ्युदयान्करोति । सर्वार्थसिद्धिजननीजननीवचाप्या छायाफलन्तनुभृतांशुभमादधाति ॥ ९१ ॥ * ॥ * ॥

۹۱- جل کی چھایا چکنی سفید صاف اور ہری اور آنکھونکو پیاری لگنے والی ہوتی ہے وہ چھایا سوبھاگیہ (سب آدمیونکی پیاری) کوملتا سکھ اور ترقی کرتی ہے سب کامون کی سدھ کرنیوالی ہوتی ہے اور ماتا کی بھانت پُرش آدی سب جیونکو شبھ پھل دیتی ہے -

चाण्डाऽधृष्यापद्महेमाग्निवर्णायुक्तातेजोविक्रमैःसप्रतापैः । आ-

ग्नेयीतिप्राणिनांस्याज्जयायक्षिप्रंसिद्धिंवाञ्छितार्थस्य धत्ते ॥ ९२ ॥

۹۲ - اگن کی چھایا چنڈا (کرودھ شیل) ادھرشیا (جسکا کوئی ترسکار نہ کر سکے) کمل سبرن اور اگن کے تل برن تیج پراکرم اور پرتاپ کرکے سنجکت ہوتی ہے ایسی اگن چھایا جیوونکو جے دیتی ہے اور جلدی من کی کامنا پوری کرتی ہے -

मलिनपरुषकृष्णापापगन्धाऽनिलोत्थाजनयतिवधबंध-
व्याध्यनर्थार्थनाशान् । स्फटिकसदृशरूपाभाग्ययुक्ता-
ऽत्युदारानिधिरिवगगनोत्थाश्रेयसांस्वच्छवर्णा ॥ ९३ ॥

۹۳ - بایو کی چھایا میلی روکھی کالی اور بدبودار ہوتی ہے وہ چھایا مرن بندھن روگ انرتھ اور دھن کا ناش کرتی ہے - آکاش کی چھایا اسپھٹک کے سمان اَت نرمل ہوتی ہے وہ چھایا بھاگوان اور بہت اُدار ہوتی ہے اور بہتری کا گویا خزانہ ہے اور سفید رنگ ہوتی ہے -

छायाःक्रमेणकुजलाऽग्न्यऽनिलाऽम्बरोत्थाःकेचिद्वदन्ति
दशताश्चयथानुपूर्व्या । सूर्याब्जनाभपुरुहूतयमोडुपानां
तुल्यास्तुलक्षणफलैरितितत्समासः ॥ ९४ ॥ + ॥ + ॥

۹۴ - کرم سے بھوم جل اگن بایو اور آکاش کی پانچ چھایا کہی اور گرگ آدکوئی منی دش چھایا کہتے ہیں انکے مت میں پانچ چھایا تو بھوم آدکی اور پانچ چھایا سورج وشنو اندر جم اور چندرما کی ہیں پرنت ان چھایاؤں کے لچھن اور پھل بھوم آدکی چھایاؤں کے تل ہی ہیں ارتھات سورج آدچھایا کرم سے اگن آکاش بھوم بایو اور جل کی چھایا کے تل ہیں اسلیے ہمنے دس چھایا کا سنچھیپ کرکے پانچ چھایا رکھی ہیں یہ پانچ مہابھوت مئی چھایا کا لچھن کہا ہے -

करिरथवरघोघभेरीमृदङ्गसिंहाऽध्वनिःस्वनाभूपाः । गर्दभजं-
जररूक्षस्वराश्चधनसौख्यसंत्यक्ताः ॥ ९५ ॥ इतिस्वरः ॥

۹۵ - ہاتھی بیل رتھ سموہ بھیری مردنگ سنگھ اور میگھ کے تل جنکا شبد ہو وے راجا ہوتے ہیں گدہے کے تل جنکا شبد ہو جرجر (پھٹا ہوا) اور روکھا جنکا سور (آواز) ہو وے دھن اور سکھ سے ہین ہوتے ہیں - یہ سور کا لچھن ہے -

सप्तभवन्तिचसारामेदोमज्जात्वगस्थिशुक्राणि ।

रुधिरंमासंचेतिप्राणभृतांतत्समासफलम् ॥ ९६ ॥

۹۶ (ہڈیونکے اندر کی چکنائی) مجّا (سر کے اندر کی چکنائی) توچا (چمڑا) ہڈی بیج (نُطفہ) اورخون (گوشت) یے سات پرانیوں کے شریر مین سار ہوتے ہین اب انکا پھل کہتے ہین

ताल्वोष्ठदन्तपालीजिह्वानेत्रान्तपायुकरचरणैः। रक्तै-

स्तुरक्तसाराबहुसुखवनितार्थपुत्रयुताः ॥ ९७ ॥

۹۷۔ جسکے تالو اونٹھ دانت مانس جیبھ نیترون کے انت گدا (مقعد) ہاتھ اور پانون لال رنگ کے ہوتے ہین وے رُدھر سار ہوتے ہین ارتھات اُنکے شریر مین رُدھر سار ہوتا ہے رُدھر سار والے پُرش بہت سکھ استری دھن اور پُتر والے ہوتے ہین۔

स्निग्धत्वक्काधनिनोमृदुभिःसुभगाविचक्षणास्तनुभिः।

मज्जामेदःसाराःसुशरीराःपुत्रवित्तयुताः ॥ ९८ ॥

۹۸۔ چکنا چمڑا ہو تو دھنی ہوتے ہین میٹھا چمڑا ہو تو سُبھگ ہوتے ہین پتلی کھال ہو تو پنڈت ہوتے ہین مجّا اور مید جسکے شریر مین سار ہون اُنکی دیہہ سُندر ہوتی ہے اور پُتر اور دھن کرکے سکت ہوتے ہین ارتھات دھنوان اور پُتروان ہوتے ہین۔

स्थूलास्थिरस्थिसारोबलवान्विद्यान्तगःसुरूपश्च। ब-

हुगुरुशुक्राःसुभगाविद्वांसोरूपवन्तश्च ॥ ९९ ॥ + ॥

۹۹۔ جسکے شریر مین ہڈی سار ہو اُسکی ہڈیان مُوٹی ہوتی ہین وہ پُرش بلوان بدّیا کے انت کو پہنچنے والا اور رُوپ وان ہوتا ہے جسکا بیج بہت اور گاڑھا ہو وے بیج سار ہوتے ہین۔ بیج سار والے پُرش سُبھگ بدوان اور رُوپ وان ہوتے ہین۔

उपचितदेहोविद्वान्धनीसुरूपश्चमांससारोयः। इ-

तिसारः ॥ संघातइतिचसुश्लिष्टसंधितासुखभु-

जोज्ञेया ॥१००॥ इतिसंहतिः ॥ + ॥ + ॥

۱۰۰۔ پُشٹ شریر والا منگھ مانس سار ہوتا ہے مانس سار والا پُرش بدّوان دھنی اور رُوپ وان ہوتا ہے۔ یہ سار کا لچھن کہا۔ انگون کی سَندھیونکی سُشلشٹتا (مناسبت اعضا) کو سنگھات کہتے ہین سنگھات والے پُرش سکھ بھوگی ہوتے ہین۔

स्नेहःपंचसुलक्ष्योवाग्जिह्वादन्तनेत्रनखसंस्थः धनसौ-

भाग्ययुताः स्निग्धैस्तैर्निर्धना रूक्षैः ॥१०१॥ इति स्नेहः ॥

۱۰۱۔ بچن جیبھ دانت آنکھ اور ناخن ان پانچون کی چکنائی دیکھنا چاہیے سِلے پانچون چکنے چکنے ہون وے پتر دھن اور سوبھاگیہ والے ہوتے ہین اور جنکے یے پانچون رُوکھے ہون وے نردھن ہوتے ہین

द्युतिमान् वर्णः स्निग्धः क्षितिपानां मध्यमः सुतार्थवताम्। रूक्षो धनहीनानां शुद्धः शुभदो न संकीर्णः ॥१०२॥ इति वर्णः ॥

۱۰۲۔ گورا کالا چاہے جیسا رنگ بدن کا ہو مگر وہ رنگ چکنا اور چمک دار راجاؤنکا ہوتا ہے مدّھم (نہ رُوکھا نہ چکنا) رنگ پتر اور دھن والونکا ہوتا ہے۔ رُوکھا بدن نردھن لوگونکا ہوتا ہے چکنا رنگ شبھ ہوتا ہے سنکیرن (کہین رُوکھا کہین چکنا) رنگ شبھ نہین ہوتا یہ رنگ کا لچھن ہے۔

साध्यमनूकं वक्त्राद्गोवृषशार्दूलसिंहगरुडमुखाः। अप्रतिहतप्रतापा जितरिपवो मानवेन्द्राश्च ॥१०३॥ वानरमहिषवराहाजतुल्यवदनाः श्रुतार्थसुखभाजः। गर्दभकरभप्रतिमैर्मुखैः शरीरैश्च निःस्वसुखाः ॥१०४॥ इत्यनूकम् ॥

۱۰۳۔ مُکھ کو دیکھکر پُورب جنم کا حال جانئے۔ گئو بیل باگھ سنگھ اور گرُڑ کے تُلّ جنکے مُکھ ہون انکا پُورب جنم شبھ ہوتا ہے اور وے پُرش بڑے پرتاپ والے شترُونکو جیتنے والے اور راجا ہوتے ہین۔ ۱۰۴۔ بندر بھینسا سُور اور بکرے کے تُلّ جنکے مُکھ ہون وے شاستر دھن اور سُکھ والے ہوتے ہین انکا پُورب جنم مدّھم ہے۔ گدہا اور اونٹ کے سمان جنکے مُکھ اور شریر ہون وے پُرش نردھن اور سُکھ سے ہین ہوتے ہین انکا پُورب جنم اشبھ ہے۔ یہ پُورب جنم کا لچھن کہا۔

अष्टशतं षण्णवतिः परिमाणं चतुरशीतिरिति पुंसाम्। उत्तमसमहीनानामंगुलसंख्या स्वमानेन ॥१०५॥ इत्युन्मानम् ॥

۱۰۵۔ اپنے انگلون سے ایکسو آٹھ (۱۰۸) انگل اونچا ہو وہ پُرش اُتّم ہوتا ہے۔ چھیانوی (۹۶) انگل اونچا ہو وہ مدّھم اور جو پُرش اپنے انگلون سے چوراسی (۸۴) انگل اونچا ہو وہ ادھم ہوتا ہے یہ اونچائی کا لچھن کہا ہے۔ پَیر کی نوک سے سر کے بیچ تک ناپنا چاہیے۔

भारार्धतनुः सुखभाक् तुलितोऽतो दुःखभाग्भवत्यूनः। भारोऽतीवाढ्यानामध्यर्धः सर्वधरणीशः ॥१०६॥

۱۰۶۔ دو ہزار پل کا ایک بھار ہوتا ہے تولنے سے جس پُرش کا بوجھ آدھا بھار ہو وہ سُکھ بھوگتا ہے

اس سے کم ہو تو دُکھی رہتا ہے۔ ایک بھار (دو ہزار پل) جسکا بوجھ ہو وے بہت سکھ کرنیوالے ہوتے ہین ڈیڑھ بھار (تین ہزار پل) جسکے شریر کا بوجھ ہو وے چکرورتی راجا ہوتے ہین -

विंशतिवर्षानारीपुरुषः खलुपञ्चविंशतिभिरब्दैः। अर्हति
मानोन्मानंजीवितभागेचतुर्थेवा ॥१०७॥ इतिमानम् ॥

۱۰۷ بیس برس کی عمر مین عورت کو اور پچیس برس کی عمر مین مرد کو تولنا چاہیے یا گنت آدمی جتنی عمر انکی سمجھی گئی ہو اسکی چوتھائی گذر جانے پر ناپنا اور تولنا چاہیے -

भूजलशिखयनिलाम्बरसुरनररक्षःपिशाचकतिरश्चाम्।
सत्त्वेनभवतिपुरुषोलक्षणमेतद्भवत्येषाम् ॥१०८॥+॥

۱۰۸ - بھوم جل اگن بایو آکاش دیوتا منکھ راکھس پساچ اور ترجک (تریگ پچھی) انکا ستو (پرکرت) پُرش مین ہوتا ہے انکا یہ لچھن کہتے ہین -

महीस्वभावःशुभपुष्पगन्धःसम्भोगवान्सुश्वसनःस्थिरश्च।
तोयस्वभावोबहुतोयपायीप्रियाभिभाषीरसभोजनश्च ॥१०९॥

۱۰۹ - بھوم پرکرت والے منکھ کا سُندر پھول آدی پھولون کے سمان گندھ ہوتا ہے وہ پُرش بھوگی سگندھ سانس والا ہوتا ہے اور استھر سُبھاؤ (مستقل مزاج) ہوتا ہے - جل پرکرت والا منکھ بہت جل پیتا ہے میٹھا بولنے والا ہوتا ہے اور میٹھی چیز کھانیمین اسکی رُچ ہوتی ہے -

अग्निप्रकृत्याचपलोऽतितीक्ष्णश्चण्डःक्षुधालुर्बहुभोजनश्च।
वायोःस्वभावेनचलःकृशश्चक्षिप्रंचकोपस्यवशंप्रयाति ॥११०॥

۱۱۰ - اگن پرکرت کا منکھ چپل اَت تیچھن (تیز) اور کُردر (بد باطن) ہوتا ہے بھوکھ کو نہین سہہ سکتا اور بہت بھوجن کرتا ہے - بایو پرکرت کا منکھ چپل اور دُربل ہوتا ہے اور جلد ہی کرودھ بش (مغلوب الغضب) ہوجاتا ہے -

खप्रकृतिर्निपुणोविवृतास्यःशब्दगतौकुशलःसुषिराङ्गः। त्या-
गयुतःपुरुषोमृदुकोपःस्नेहरतश्चभवेत्सुरसत्त्वः ॥१११॥+॥

۱۱۱ - آکاش پرکرت کا منکھ سب کامون مین ہوشیار ہوتا ہے مُکھ کھلا ہوا رکھتا ہے گانے مین چتُر ہوتا ہے اور اسکے انگ چھید دار ہوتے ہین - دیو پرکرت کا منکھ تیاگی آلپ کرودھ (کم غصہ) اور پریت جکت (محبت والا) ہوتا ہے -

मर्त्यसत्त्वसंयुतो गीतभूषणप्रियः । संविभागशी-
लवान्नित्यमेव मानवः ॥ ११२ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥

۱۱۲- منکھ پرکرت والے پُرش کو گیت اور بھوکھن پیارا ہوتا ہے اور ہمیشہ بھائی بندُون کا اُپکار کرنے والا اور شیلوان (مُرّوت دار) ہوتا ہے -

तीक्ष्णप्रकोपः खलचेष्टितश्च पापश्च सत्त्वेन निशाचराणाम् ॥
पिशाचसत्त्वश्चपलो मलाक्तो बहुप्रलापी च समुल्बणाङ्गः ॥११३॥

۱۱۳- راکھس پرکرت کا منکھ بہت کرودھی دُشٹ سوبھاو اور پاپی ہوتا ہے - پشاچ پرکرت کا منکھ چنچل ملن شریر بہت بکنے والا اور موٹے انگون والا ہوتا ہے -

भीरुः क्षुधालुर्बहुभुक्च यः स्याज्ज्ञेयः स सत्त्वेन नरस्तिरश्चा-
म् । एवं नराणां प्रकृतिः प्रदिष्टा यल्लक्षणज्ञाः प्रवदन्ति
सत्त्वम् ॥ ११४ ॥ इति प्रकृतिः ॥ ✣ ॥ ✣ ॥

۱۱۴- ترجک پرکرت کا منکھ ڈرنے والا بھوکھ نہ سہنے والا اور بہت بھوجن کرنیوالا ہوتا ہے - اس بھانت منکھون کی پرکرت کہی ہے - جس پرکرت کو لچھن جاننے والے رِدوان پُرش ستو کہتے ہین - یہ پرکرت کا لچھن کہا ہے -

शार्दूलहंससमदद्विपगोपतीनां तुल्या भवन्ति गतिभिः
शिखिनां च भूपाः । येषां च शब्दरहितं स्तिमितं च यातं
तेऽपीश्वरा द्रुतपरिप्लुतगा दरिद्राः ॥ ११५ ॥ इतिगतिः ॥

۱۱۵- سارڈول ہنس مست ہاتھی بیل اور مور کے سمان جنکی چال ہو وے راجا ہوتے ہین جنکی چلنے مین آواز نہ نکلے اور آہستہ ہو وے بھی دھنوان (دولتمند) ہوتے ہین - جلد اور مینڈھک کی طرح اُچھلتے ہوئے جو لوگ چلتے ہین وے درِدری ہوتے ہین یہ چال کا لچھن کہا -

श्रान्तस्य यानमशनं च बुभुक्षितस्य पानं तृषापरिगतस्य
भयेषु रक्षा । एतानि यस्य पुरुषस्य भवन्ति काले धन्यं
वदन्ति खलु तं नरलक्षणज्ञाः ॥११६॥ ✣ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥

۱۱۶- تھکے ہوئے کو سواری بھوکھے کو بھوجن پیاسے کو جل پان اور بھے کے سمے رچھّا یہ سب باتین جس پُرش کو سمے پر ملجائین [illegible] اس پُرش کو دھنّی (شبھ لچھن) کہتے ہین -

पुरुषलक्षणमुक्तमिदं मया मुनिमतान्यवलोक्य समासतः
इदमधीत्य नरो नृपसंमतो भवति सर्वजनस्य च वल्लभः ॥१७॥

इति श्रीवराहमिहिराचार्यकृतौ बृहत्संहितायां पुरुषलक्षणं नामाऽष्टषष्टितमोऽध्यायः ॥६८॥ * ॥

۱۷- انیک منیون کے مت دیکھکر یہ پُرش لچھن سنچھیپ سے ہینے کہا ہے اسکو پڑھکر منکو راجاسے مان (قدر) پاکر سب آدمیونکا پیارا ہوتا ہے ۔

شری براہ مہراچارج کی بنائی ہوئی برہت سنگھتا مین
پرش لچھن نام ادھیاے اڑسٹھ سماپت ہوا ۔

ادھیاے ۶۹ انہتر

پنچ مہا پرش لچھن

ताराग्रहैर्बलयुतैः स्वक्षेत्रस्वोच्चगैश्चतुष्टयगैः ।
पंच पुरुषाः प्रशस्ता जायन्ते तानहं वक्ष्ये ॥ १ ॥

۱- بھوم (منگل) آدپانچ گرہ استھان دشا چیشٹھا اور کال بل کرکے بلت ہو اپنے راشی اتھوا اچ مین استھت ہوکر لگن چوتھے ساتوین یا دسوین استھان مین بیٹھین تو پانچ اُتم پُرش پیدا ہوتے ہین ارتھات ایک ایک گرہ کرکے ایک ایک پُرش ہوتا ہی انکو ہم کہتے ہین ۔

जीवेन भवति हंसः सौरेण शशः कुजेन रुचकश्च ।
भद्रो बुधेन बलिना मालव्यो दैत्यपूज्येन ॥२॥ * ॥

۲- برہسپت بلوان ہوکر اپنے راس اتھوا اپنے اچ مین استھت ہوکر جیکے کیندر مین بیٹھے ہون وہ پُرش ہنس ہوتا ہے سنیچر کے بیٹھنے سے ششی ہوتا ہے ۔ منگل سے رُچک ۔ بدھ بلوان ہو تو بھدر اور شکر کے ہونے سے مالویہ نام پُرش ہوتا ہے ۔

सत्त्वमहीनं सूर्याच्छरीरमानं च चन्द्रबलात् । यद्राश्यभेदयुक्तावेतौ तल्लक्षणः स पुमान् ॥ ३ ॥ * ॥

तद्वानुमहाभूतप्रकृति द्युति वर्ण सत्त्व रूपाद्यैः । अब-
लरवीन्दुयुतैस्तैः संकीर्णा लक्षणैः पुरुषाः ॥ ४ ॥ + ॥

۳ و ۴ - سورج کے بل سے اُس پُرش کا پر پورن ستّو اور چندرما کے بل سے شریر کے اور من کے گن ہوتے ہین - سورج چندرما جس گرہ کے راش دریشکان نوانش دوادشانش ترنشانش مین بیٹھے ہون اُس گرہ کے دھاتُ مہابھوت پرکرت کانت برن ستّو روپ آد لچھنون کرکے جگت وہ پُرش ہوتا ہے (دھاتُ آد بر ہد جاتک آد گرنتھون مین لکھے ہین) بل جگت سورج چندرما جس گرہ کے راش بھید مین بیٹھین اُس گرہ کے دھاتُ آد لچھنون کرکے جگت وہ پُرش ہوتا ہے پرنتُ نربل سورج چندرما ہوکر راش بھید مین بیٹھین تو سنکرن (ملے ہوئے) لچھنون سے جگت پُرش ہوتے ہین

भौमात्सत्त्वं गुरुता बुधात्सुरेज्यात्स्वरः सितात्स्नेहः । व-
र्णः सौरादेषां गुणदोषैः साध्वसाधुत्वम् ॥ ५ ॥ + ॥ ५ ॥

۵ - منگل سے ستّو (شوری) بدھ سے گُرتا برہسپت سُر شکر سے اسنیہ اور سنیچر سے کانت ہوتی ہی منگل آد گرہ بلوان ہون تو ستّو آد اچھے ہوتے ہین نربل ہون تو ستّو آد نہین ہوتے -

संकीर्णाः स्युर्न नृपा दशासु तेषां भवन्ति सुखभाजः । रिपु-
गृहनीचोच्चच्युतसत्पापनिरीक्षणैर्भेदः ॥ ६ ॥ + ॥

۶ - سنکرن لچھن والے پُرش راجا نہین ہوتے کیول اُوپر کہی ہوئی منگل آد گرہون کی دشاین سُکھ بھوگتے ہین - شترُ چھیتر مین استھت نیچ سے اور اُچ سے نکلنا شبھ گرہ اور پاپ گرہون کی درشٹ ان سب کرکے بھید ارتھات پُرشون کی سنکرنتا ہوتی ہے -

पञ्चनवतिरङ्गुलानां व्यायामो दीर्घता च हंसस्य । शशरु-
चकभद्रमालवसंज्ञितास्त्र्यङ्गुलविवृद्ध्या ॥ ७ ॥ + ॥

۷ - چھیانوے انگل اونچائی اور چھیانوے انگل دونون بھجا پھیلانے کی چوڑائی ہنس کی ہوتی ہے انہین تین تین انگل بڑھاتے جائین تو کرم سے ششش رچک بھدر اور مالو کی اونچائی اور دونون بھجا پھیلانے کی چوڑائی کی ناپ ہوتی ہے -

यः सात्त्विकस्तस्य दया स्थिरत्वं सत्त्वार्जवं ब्राह्मणदेवभक्तिः । रजोऽधि-
कः काव्यकलाक्रतुस्त्रीसंसक्तचित्तः पुरुषोऽतिशूरः ॥ ८ ॥ तमो-
ऽधिको वञ्चयिता परेषां मूर्खोऽलसः क्रोधपरोऽतिनिद्रः । मिश्रैर्गुणैः

सत्त्वरजस्तमोभिर्मिश्रास्तु ते सप्त सह प्रभेदैः ॥ ९ ॥ ॥

۸- ساتوکی پرش کو دیا استھرتا جیوونکے ساتھ سرلتا براہمن اور دیوتاؤن مین بھکت ہوتی ہے
رجوگنی پرش کا تیہ نرت گیت آدکلا نمک اور استریون مین موہت رہتا ہے اور بہت شور بیر
ہوتا ہے- ۹- تموگنی پرش اورونکو ٹھگنے والا مورکھ آلسی کرودھی اور بہت سونے والا ہوتا ہے
ست رج تم ان تین گنون کے ملنے سے ملے ہوئے سوبھاو کے پرش ہوتے ہین- جیسے ست رج-
ست تم- رج تم- ست رج تم- چار بھید یے اور تین بھید ایک ایک گن کرکے پہلے کہے اسطرح
سات پرکار کے پرش ہوتے ہین-

मालव्यो नागनासासमभुजयुगलो जानुसंप्राप्तहस्तो मांसैः पूर्णा-
ङ्गसन्धिः समरुचिरतनुर्मध्यभागे कृशश्च । पञ्चाष्टौ चोर्ध्वमा-
स्यं श्रुतिविवरमपि त्र्यंगुलोनं च तिर्यग्दीप्ताक्षं सत्कपोलं स-
ہاتھ لمبے ہوتے ہین - ایک ہاتھ لمبی ستائیس موتیون کی نخیتر مالا کہاتی ہے - ۲۵ - اُسی ایک لڑی کے بیچ بیچ موتیون کے ساتھ اور مَن اتھوا سونے کے دانے پروئے جائین تو اُسکو مَن سوپانک کہتے ہین وہی نرمل مَن کرکے مدھ بھاگ مین جکت ہو تو چاٹکارک ہوتا ہے - ۲۶ - ہار کے بیچ مین جو بڑا مَن ہو اُسکو ترلک کہتے ہین ایک ہاتھ لمبی چاہیے جتنی لڑی ہو اور اُسکے بیچ مین مَن نہو اُسکا نام ایکاولی ہے اور جو اُسکے بیچ مین مَن ہو تو اُسکو بھوکھن کے لچھن جاننے والے یشٹ کہتے ہین -

شری براہ مہراچارج کی بنائی ہوئی برہت سنگھتا مین مکتا لچھن نام ادھیاے اکیاسی سماپت ہوا -

---

ادھیاے بیاسی

پدم راگ لچھن (لعل)

सौगन्धिक कुरुविन्द स्फटिकेभ्यः पद्मराग संभूतिः । सौगन्धिक जा भ्रमरांजनाब्जजम्बूरसद्युतयः ॥१॥ कुरुविन्दभवाः शबलामन्दद्युतयश्च धातुभिर्विद्धाः । स्फटिकभवा द्युतिमन्तो नानावर्णा विशुद्धाश्च ॥२॥+॥+॥

سوگندھک کُرُبندک اور اسپھٹک اِن تین طرح کے پتھرون سے پدم راگ (لعل) پیدا ہوتے ہین - سوگندھک سے پیدا ہوا پدم راگ بھونرا انجن میگھ یا جامن کے رس کے سمان کانت والا ہوتا ہے - ۲ کُرُبندک سے پیدا ہوا پدم راگ شبل ارتھات اُجلا کالا آدِ انیک رنگ ملے ہوئے مند کانت اور مٹی آدِ دھاتون سے بیدھا ہوا (داغی) ہوتا ہے - اسپھٹک سے پیدا ہوا پدم راگ کانت جکت (روشن) طرح طرح کے رنگ کا اور نرمل (صاف) ہوتا ہے -

स्निग्धः प्रभानुलेपी स्वच्छोऽर्चिष्मान गुरुः सुसंस्थानः । अन्तःप्रभोऽतिरागो मणिरत्न गुणाः समस्तानाम् ॥३॥

۳ - چکنا اپنی پربھا کرکے لیپتا ہوا نرمل پرکاشمان بھاری سُندر آکار کا بھیتر سے کانت جکت اور بہت رنگ والا ایسے پدم راگ مَن اور رتنون کے گُن ہین ارتھات ایسے گُن جس پدم راگ مین ہون وہ اُتّم ہوتا ہے -

कलुषा मन्दद्युतयो लेखाकीर्णाः सधातवः खण्डाः । दुर्विद्धा न मनोज्ञाः सशर्कराश्चेति मणिदोषाः ॥ ४ ॥ ✢ ॥

۴۔ صاف نہو۔ چمک کم ہو۔ لکیرین بنی ہون مٹی آدِ دھاتون سے داغی ہو پھوٹا ہوا ہو اچھی طرح سے نہ چھیدا ہو جی کو خوشی نہ دینے والا ہو اور کنکریلا ہو ایسے دوش (عیب) جس مَن مین ہون وہ اچھا نہین ہوتا۔

भ्रमरशिखिकण्ठवर्णो दीपशिखासप्रभो भुजङ्गानाम् । भवति मणिः किल मूर्धनि योऽनर्घेयः स विज्ञेयः ॥ ५ ॥

۵۔ سانپون کے مستک پر بھونرا یا مور کے گلے کے رنگ کا اور چراغ کی لو کی طرح روشن جو مَن ہوتا ہے اسکو امول (لعل بے بہا) جاننا چاہیے۔

यस्तं बिभर्ति मनुजाधिपतिर्न तस्य दोषा भवन्ति विषरोगकृताः कदाचित् । राष्ट्रे च नित्यमभिवर्षति तस्य देवः शत्रूंश्च नाशयति तस्य मणेः प्रभावात् ॥ ६ ॥ ✢ ॥

۶۔ جو راجا ایسے سانپ کے مَن کو دھارن کرتا ہے اسکو زہر اور بیماری سے کبھی دکھ نہین پہنچتا ہے۔ نیت اس راجا کی راج مین دیو برکھا ہوتی ہے اور اس مَن کے پربھاو سے راجا اپنے دشمنو کو ناش کرتا ہے۔

षड्विंशतिः सहस्राण्येकस्य मणेः पलप्रमाणस्य । कर्षत्रयस्य विंशतिरुपदिष्टः पद्मरागस्य ॥ ७ ॥ अर्धपलस्य द्वादश कर्षस्यैकस्य षट् सहस्राणि । यश्चाष्टमाषकधृतं तस्य सहस्रत्रयं मूल्यम् ॥ ८ ॥ माषकचतुष्टयं दशशततत्रयं द्वौ तु पंचशतमूल्यौ । परिकल्प्यमन्तराले मूल्यं हीनाधिकगुणानाम् ॥ ९ ॥ वर्णन्यूनस्यार्धं तेजोहीनस्य मूल्यमष्टमांशः । अल्पगुणो बहुदोषो मूल्यात्प्राप्नोति विंशांशम् ॥ १० ॥ आधूम्रं व्रणबहुलं स्वल्पगुणं चाप्नुयाद्द्विशतभागम् । इति पद्मरागमूल्यं पूर्वाचार्यैः समुद्दिष्टम् ॥ ११ ॥ ✢ ॥ ✢ ॥ ✢ ॥ ✢ ॥

इति श्रीवराहमिहिराचार्यकृतौ बृहत्संहितायां पद्मरागलक्षणं नाम द्व्यशीतितमोऽध्यायः ॥ ८२ ॥

۷- جو پدم راگ ایک پل ارتھات چار کرکہ تول مین ہو اُسکا مول (قیمت) چھبیس ہزار روپیہ ہوتا ہے - تین کرکہ تول مین پدم راگ ہو تو بیس ہزار روپیہ اُسکا مول کہا ہے - ۸- دو کرکہ کا پدم راگ بارہ ہزار روپیہ کا اور ایک کرکہ کا پدم راگ چھہ ہزار روپیہ کا ہوتا ہے - جو پدم راگ آٹھ ماشہ ارتھات آدھا کرکہ ہو اُسکا دام تین ہزار روپیہ ہوتا ہے - ۹- چار ماشہ کا پدم راگ ایکہزار روپیہ کا اور دو ماشہ کا پدم راگ پانسو روپیہ کا ہوتا ہے اِسکے بیچ مین ترَے راشِک سے مول ٹھہرالینا چاہیے - اور بے عیب اور باعیب کی قیمت زیادہ اور کم تسمجھ لینا چاہیے -

۱۰- جو پدم راگ رنگت مین کم ہو اُسکی قیمت آدھی ہو جاتی ہے اور جسمین چمک کم ہو اُسکی قیمت آٹھوان حصہ رہ جاتی ہے جس پدم راگ مین گن تھوڑے ہون اور دوش بہت ہون اُسکا دام بیسوان حصہ رہ جاتا ہے - ۱۱- جو پدم راگ تھوڑا سا دُھومر برن (دھوین کے رنگ کا) ہو جسمین بہت سے برن ہون وہ اپنے مول کا دوسوان حصہ مول پاتا ہے - اِسطرح پدم راگ کا مول اگلے آچارجون نے کہا ہے -

شری براہ مہراچارج کی بنائی ہوئی برہت سنگھتا مین
پدم راگ لچھن نام ادّھیاے بیاسی سماپت ہوا -

ادّھیاے ۸۳ تراسی

مرکت (پنّا) لچھن

शुकवंशपत्रकदलीशिरीषकुसुमप्रभं गुणोपेतम् । सुर-
पितृकार्ये मरकतमतीव शुभदं नृणां विधृतम् ॥१॥

इतिश्रीवराहमिहिराचार्यकृतौ बृहत्संहितायां
मरकतलक्षणं नामत्र्यशीतितमोऽध्यायः॥ ८३॥

۱- طوطا بانس کا پتّا کیلا یا سرس کا پھول اِنکے سمان جسکی ہری چمک ہو اور گنون سہت ہو اُس مرکت (پنّا) کو منشّہ دیوکارج اور پِتر کارج مین دھارن کرے تو بہت ہی شُبھ پھل کرتا ہے

شری براہ مہراچارج کی بنائی ہوئی برہت سنگھتا مین
مرکت لچھن نام ادّھیاے تراسی سماپت ہوا -

ادھیاے چوراسی

دیپ (چراغ) لچھن

वामावर्तोमलिनकिरणःसस्फुलिङ्गोऽल्पमूर्तिः क्षिप्रंनाशंव्रजति
निर्मलस्नेहवर्त्यन्वितोऽपि । दीपःपापंकथयतिफलंशब्दवान्वेप-
नश्चव्याकीर्णार्चिर्विशलभमरुद्यश्चनाशंप्रयाति ॥१॥ +॥

۱- جو دیپ باماورت ہو یعنی اُسکی لَو (شعلہ) بائیں طرف کو گھومتی ہو کرن میلی ہو چنگاریاں اُس سے جھڑتی ہوں چھوٹی سورت کا ہو یعنی جسکی لَو لمبی نہ اُٹھے صاف تیل اور بتی ہونے پر بھی جلدی بجھ جائے وہ دیپ اشبھ پھل کو کرتا ہے ۔ اور جس چراغ سے آواز نکلتی ہو کانپتا ہو کرن جسکی بکھری ہوں اور بغیر گرنے پتنگے کیڑے اور ہوا کے آپ ہی آپ بجھ جاسے وہ بھی برا ہی پھل کا دینے والا ہوتا ہے ۔

दीपः संहतमूर्तिरायततनुर्निर्वेपनोदीप्तिमान्निःशब्दोरुचिरःप्र-
दक्षिणगतिर्वैदूर्यहेमद्युतिः । लक्ष्मींक्षिप्रमभिव्यनक्तिसुचिरं
यश्चोद्यतंदीप्यतेशेषंलक्षणमग्निलक्षणसमंयोज्यंयथायुक्तितः २॥

इतिश्रीवराहमिहिराचार्यकृतौबृहत्संहितायांदीप-
लक्षणंनामचतुरशीतितमोऽध्यायः ॥ ८४ ॥+॥

۲- جس دیپ کی لَو پھٹے نہیں اور لمبی لَو ہو کانپتا نہو پرکاشمان ہو شبد (آواز) نکرے پردکھنا (روشن) ہو یعنے داہنی طرف کو لَو گھومتی ہو بیدورج من یا سونے کے سمان جسکی چمک ہو اور جو دیپ بہت دیر تک بڑی روشنی کے ساتھ جلتا رہے ایسا دیپک جلدی ہی لچھمی کا پرکاش کرتا ہے اور جو دیپک کا لچھن بشیکھ کرکے بیان نہیں کہا وہ سب اوپر کہے ہوئے اگن لچھن کے سمان جتا سنبھو دیپک میں سمجھ لینا چاہیے ۔

شری براہ مہر آچارج کی بنائی ہوئی برہت سنگتا میں
دیپ لچھن نام ادھیاے چوراسی سماپت ہوا۔

ادھیاے پچاسی

داتون کے لچھن

वल्लीलतागुल्मतरुप्रभेदैः स्युर्दन्तकाष्ठानिसहस्रशोयैः। फ-
लानिवाच्यान्यतितत्प्रसङ्गोमाभूदतोवच्म्यथकामिकानि॥१॥

۱- بلّی لتا گلم اور برچھ انکے بھید کرکے ہزاروں طرح کی داتون (مسواک) ہوتی ہیں اُنکے پھل کہنے چاہئیں پر تِت بہت بِستار (طول) ہو اِسلیئے من مانے پھل کو دینے والی داتون کہتے ہیں

अज्ञातपूर्वाणिनदल्लकाष्ठान्यद्यान्नपत्रैश्चसमन्वितानि। नयु-
ग्मपर्वाणिनपाटितानिनचोर्ध्वशुष्काणिविनात्वचावा॥२॥

۲- جن داتونوں کو پہلے نہ جانتے ہوں اُنکو نکرے پتے لگی ہوئی داتون نکرے دو پرب بہت داتون نکرے پھٹے ہوئے برچھ کے اوپر ہو سوکھی ہو جسمیں بکلا (پوست) نہو ایسی داتون بھی نکرے

वैकङ्कतश्रीफलकाश्मरीषुब्राह्मीद्युतिःक्षेमतरौसुदा-
राः। वृद्धिर्वटेऽर्केप्रचुरंचतेजःपुत्रामधूकेककुभेप्रिय-
त्वम्॥३॥ लक्ष्मीःशिरीषेचतथाकरंजेप्लक्षेऽर्थसि-
द्धिःसमभीप्सितास्यात्। मान्यत्वमायातिजनस्यजा-
त्यांप्राधान्यमश्वत्थतरौवदन्ति॥४॥ आरोग्यमा-
युर्बदरीबृहत्योरैश्वर्यवृद्धिःखदिरेसबिल्वे। द्रव्याणि
चेष्टान्यतिमुक्तकेस्युःप्राप्नोतितान्येवपुनःकदम्बे॥५॥
निम्बेऽर्थाप्तिःकरवीरेऽन्नलब्धिर्भाण्डीरेस्यादिदमेवप्रभू-
तम्। शम्यांशत्रूनपहन्त्यर्जुनेचश्यामायांचद्विषतामे-
वनाशः॥६॥ शालेऽश्वकर्णेचवदन्तिगौरवंसभद्र-
दारावपिचाटरूषके। वाल्लभ्यमायातिजनस्यस-
र्वतःप्रियंग्वपामार्गसजम्बुदाडिमैः॥७॥+॥+॥

۳- بیکنکت سِری پھل اور کاشمری کے کاٹھ کی داتون کرنے سے براہمی کانت برہم تیج ہوتی ہے - چھیم برچھ کے کاٹھ کی داتون کرنے سے سُندر استری ملتی ہے - برکے کاٹھ کی

داتون سے برِدّھ (بڑھتی) ہوتی ہے - ارک برچھ کے کاٹھ کی داتون سے بڑا تیج (نور) ہوتا ہے مہوے کے کاٹھ کی داتون کرنے سے پتّر ہوتے ہین ارجن برچھ کے کاٹھ کی داتون کرنے سے سبکا پیارا ہوتا ہے - ۴ - سِرس اور کرنج برچھ کے کاٹھ کی داتون کرنے سے لچھمی ہوتی ہے - پلچھ کے کاٹھ کی داتون کرنے سے منوکامناسدّھ ہوتی ہے - چمیلی کی داتون کرنے سے دُنیا مین عزت پاتا ہی اور پیپل کے کاٹھ کی داتون کرنے سے آدمی افسری پاتا ہے - ۵ - بیر کے کاٹھ کی داتون کرنے سے تندرستی کٹیلی کی داتون سے عمر کنتھہ او بیل کی داتون کرنے سے ایشورج کی برِدّھ ہوتی ہے - اَتِ مکتک کی داتون سے چاہی ہوئی بستُ ملتی ہے اور کدم کے کاٹھ کی داتون سے بھی چاہی ہوئی چیز ملتی ہے - ۶ - نیم کی داتون سے دھن کی پراپت کربیر کی داتون سے اَنّ کا لابھ اور بھانڈیر برچھ کے کاٹھ کی داتون کرنے سے بھی بہت اَنّ ملتا ہے - شمی برچھ اور ارجن برچھ کے کاٹھ کی داتون کرنے سے دشمنونکو مارتا ہے اور شیاما برچھ کے کاٹھ کی داتون کرنے سے بھی دشمنونکا ناش ہوتا ہے - ۷ - شال برچھ اور اشوکرن برچھ کے کاٹھ کی داتون کرنے سے سنمان (آدر) ہوتا ہی دیو دارو اور بانسا کی داتون سے بھی سنمان ہوتا ہے - پرینگ اپامارگ جامن اور انار اِن برچھون کے کاٹھ کی داتون کرنے سے سب لوگونکا پیارا ہوجاتا ہے -

उदङ्मुखः प्राङ्मुख एव वाऽब्दं कामं यथेष्टं हृदये निवेश्य। अ-
द्यादनिन्द्यं सुखोपविष्टः प्रक्षाल्य जह्याच्च शुचिप्रदेशे ॥ ८ ॥

۸ - اُتر مکھ یا پورب مکھ سکھ سے بیٹھکر اپنی منوکامنا کو ہردے مین کرکے داتون کی نندا نکرتا ہوا برس داتون کرے بعد اسکے داتون کو پانی سے دھوکر پوتّر استھان مین پھینک دے -

अभिमुखपतितं प्रशान्तदिक्स्थं शुभमतिशोभनमूर्ध्वसंस्थितं यत्।
अशुभकरमतोऽन्यथा प्रदिष्टं स्थितपतितं च करोति मिष्टमन्नम् ॥ ९ ॥

इति श्रीवराहमिहिराचार्यकृतौ बृहत्संहितायां दन्तका-
ष्ठलक्षणं नाम पञ्चाशीतितमोऽध्यायः ॥ ८५ ॥

۹ - پھینکی ہوئی داتون سامنے گرے اور شانت دِشا مین گرے تو شبھ ہوتا ہے اور جو پھینکی ہوئی داتون کھڑی ہوکر رہجاے تو بہت ہی شبھ ہوتا ہے اِسکے برخلاف یعنے سامنے نہ گرے شانت دِشا مین نہ گرے کھڑی نہو جاے تو اشبھ پھل کرتی ہے اور جو پھینکی ہوئی داتون کھڑی ہوکر گر جاے تو اُس دن میٹھا بھوجن ملتا ہے -

شری براہ مہراچارج کی بنائی ہوئی برہت سنگھتا مین
دنت کاشٹھ لچھن نام اڈھیاے پچاسی سماپت ہوا۔

اڈھیاے ۸۶ چھیاسی

شگون

यच्छुक्रशक्रवागीशकपिष्ठलगरुत्मताम् । मतेभ्यःप्रा-
हऋषभोभागुरेर्देवलस्यच ॥ १॥ भारद्वाजमतंदृष्ट्वाय-
च्चश्रीद्रव्यवर्धनः । आवन्तिकःप्राहनृपोमहाराजाधि
राजकः ॥२॥ सप्तर्षीणांमतंयच्चसंस्कृतंप्राकृतंचयत्।
यानिचोक्तानिगर्गाद्यैर्यात्राकारैश्चभूरिभिः ॥ ३॥ ता-
निदृष्ट्वाचकारेमंसर्वशाकुनसंग्रहम् । वराहमिहिरः
प्रीत्याशिष्याणांज्ञानमुत्तमम् ॥ ४ ॥ + ॥ + ॥ + ॥

۱۔ شکر اندر برہسپت کپشٹھل گرڑ بھاگر اور دیول رکھ کے متونکو دیکھکر ریکھبھ آچارج نے شگن سنگرہ بنایا ہے اُسکو دیکھکر ۔ ۲ اور بھاردواج مُن کے مت کو اور اُجین کے مہاراجادھراج راجا شری دربیہ بردھن نے شگن سنگرہ بنایا ہے اُسکو دیکھکر ۳۔ اور سپت رکھیونکا مت جو شگن سنگرہ سنسکرت مین ہے اور پراکرت مین جو شگن سنگرہ ہے ان سبکو دیکھکر اور گرگ آدِ جاترا شاستر کے بنانیوالے بہت سے مُن لوگون نے جو شگن کہے ہین ۔ ۴ ۔ اُن سبکو دیکھکر یہ سب شگن سنگرہ نام اُتّم گیان شِکھیون کی پرسنتا کے لیے براہ مہراچارج نے بنایا ہے ۔

अन्यजन्मान्तरकृतंकर्मपुंसांशुभाशुभम् । यत्तस्य
शकुनःपाकंनिवेदयतिगच्छताम् ॥ ५॥ + ॥ + ॥

۵۔ پورب جنم مین آدمیون نے جو اچھے برے کرم کیے ہین اُنکے پھل کو جاترا کے سمے شگن تبلاتا ہے ۔

ग्रामारण्याम्बुभूव्योमद्युनिशोभयचारिणः । रुतयाः
तेक्षितोक्तेषुग्राह्याःस्त्रीपुंनपुंसकाः ॥ ६॥ + ॥ + ॥ + ॥

۶۔ گانون جنگل پانی زمین (بل آدِ) اور آکاش مین رہنے والے جیو دِن مین رات مین اور دن رات دونون مین پھرنے والے جیو شبد گمن ایکشن اور اُکت (باہر کی آواز) ان کر کے استری

پرش اور نپنسک (نامرد) جاننے چاہئین یعنی شگون کے وقت اُس جیو کو جاننے کہ عورت ہے یا مرد ہے یا نامرد ہے اُن جیوون کے رُت آدِ سے جاننے اور اُس شگون کے سمیے استری آدِ کا درشن شبد آدِ ہو اُس سے بھی اُس شگون دینے والے جیو کو استری یا پرش یا نپنسک سمجھے -

पृथग्जात्यनवस्थानादेषां व्यक्तिर्न लक्ष्यते । सामान्य-
लक्षणोद्देशौ श्लोकाभ्यामपि कृताविमौ ॥ ७ ॥ * ॥ * ॥

۷ - پرتھک ذات کے اَنوَستھت ہونے سے اِن جیوون کے سوروپ مین استری پرش آدِ کا بھید نہین سمجھا جاتا سامانیہ لچھن کے اُدیش مین یہ دو اشلوک ہمنون کے بنائے ہوئے ہین -

पीनोन्नतविकृष्टांसाः पृथुग्रीवाः सुवक्षसः । स्वल्प-
गम्भीरविरुताः पुमांसः स्थिरविक्रमाः ॥ ८ ॥ तनूर-
स्कशिरोग्रीवाः सूक्ष्मास्यपदविक्रमाः । प्रसक्तमृदु-
भाषिण्यः स्त्रियोऽतोऽन्यन्नपुंसकम् ॥ ९ ॥ * ॥ * ॥

۸ - موٹے اونچے اور چوڑے جنکے کندھے ہون موٹی گردن ہو سُندر چھاتی ہو تھوڑی اور گروی جنکی بولی ہو اور جنکا پراکرم استھر ہو ایسے جیو پرش ہوتے ہین - ۹ - جنکی چھاتی سر اور گردن چھوٹی ہو جنکے مکھ پانون اور پراکرم چھوٹے ہون ہر وقت میٹھی بولی بولین وے استری ہوتے ہین جن جیوون مین استری اور پرش دونون کے لچھن ملین اُنکو نپنسک جاننا چاہیے -

ग्रामारण्यप्रचाराद्यं लोकादेवोपलक्षयेत् । संचिक्षि-
प्सुरहं वच्मि यात्रामात्रप्रयोजनम् ॥ १० ॥ * ॥ * ॥ * ॥

۱۰ - یے شگون کے جیو کون کون گانون مین رہتے ہین کونسے جنگل مین رہتے ہین آدِ سب باتین لوگ سے جان لیوے کیونکہ ہم تو سنچھیپ سے کہنے کی اِچھا رکھتے ہین اسلیے صرف جاترا مین جنکی ضرورت پائی جاتی ہے اُنھین کو کہتے ہین -

पथ्यात्मानं नृपतिं सैन्ये पुरे चोद्दिश्य देवताम् । सार्थे प्रधा-
नं साम्ये स्याज्जाति[illegible]वयोऽधि[illegible] ॥ ११ ॥ * ॥ * ॥

۱۱ - [illegible] مین اپنے اوپر شگون کا پھل دیکھے سینا (فوج) مین راجا کے اُدیش سے [illegible] پھل [illegible] نگر مین دیوتا (نگر کا مالک) کو شگون کا پھل جاننے بنت سے [illegible] کے ساتھ مین جو پردھان (مکھیا) ہو اُسکو شگون کا پھل جاننے اور جو کوئی بھی اُنمین

یہ وہان نہو سب برابر ہون تو ذات اور ودیا اور عمر مین جو بڑا ہو اُسکو پھل جانے ۔

मुक्तप्राप्तैष्यदर्का सुफलं दिक्षु तथा विधम् । अङ्गारि-
दीप्तधूमिन्यस्ताश्च शान्तास्ततोऽपरम् ॥ १२ ॥ + ॥ + ॥

۱۲ ۔ سورج اُدے سے لیکر پہر دن چڑھے تک ایشانی دشا مُکت سورجا پورب دشا پرایت سورجا اور اگنیئی دشا ایکھیت سورجا ہوتی ہے اسی پرکار آٹھ پہر مین ایک ایک پہر سورج اُدے سے لیکر پورب آدِ دشاؤنین گھومتا ہے جس دشا کو سورج چھوڑکر آیا ہو وہ مُکت سورجا دشا انگارنی کہاتی ہے جسمین استھت ہو وہ پرایت سورجا دشا دیپتا کہاتی ہے اور جسمین سورج جانے والا ہو وہ ایکھیت سورجا دشا دھومتا کہاتی ہے باقی پانچ دشا شانتا ہوتی ہین ۔ مُکت سورجا مین جو اشگن ہو تو اُسکا پھل ہوچکا جانے ۔ پرایت سورجا مین ہو تو اُسکا پھل اُسی دن جانے اور ایکھیت سورجا مین جو اشگن ہو اُسکا پھل آگے ہوگا یہ جانے ۔

तत्पञ्चमदिशां तुल्यं शुभं त्रैकाल्यमादिशेत् । परि-
शेषदिशोर्वाच्यं यथासन्नं शुभाशुभम् ॥ १३ ॥ + ॥

۱۳ ۔ انگارنی آدِ دشاؤن سے پانچوین دشا کا شبھ پھل تینون کال مین برابر کہے ارتھات انگارنی سے پانچوین دشا مین شبھ شگن ہو تو اُسکا پھل ہوچکا جانے ۔ دیپتا سے پانچوین دشا مین شبھ شگن ہو تو اُسکا پھل برتمان جانے اور دھومتا سے پانچوین دشا مین شبھ شگن ہو تو اُسکا پھل آگے ہوگا یہ جانے ۔ باقی دو دشاؤنکا شبھ اشبھ پھل پاس کی دشا کے موافق کہے ۔

शीघ्रमासन्ननिम्नस्थैश्चिरादुन्नतदूरगैः । स्थान-
वृद्ध्युपघाताच्च तद्वद्ब्रूयात्फलं पुनः ॥ १४ ॥ + ॥ + ॥

۱۴ ۔ جو شگن پاس ہو اور نیچے استھان مین ہو اُسکا پھل جلد ہوتا ہے اور جو شگن دور ہو اور اونچے استھان پر ہو اُسکا پھل دیر کو ہوتا ہے استھان کی بردھ اور اُپگھات سے بھی اسیطرح پھل کہے ارتھات جس برچھ آدِ استھان پر وہ شگن ہو جو اُسکی نت بردھ ہوتی ہو تو شگن کا پھل شبھ ہوتا ہے اور جو اُس استھان کی نت ہان ہوتی ہو تو اُس شگن کا پھل اشبھ جانے ۔

क्षणतिथ्युडुवातार्कैर्दैवदीप्तो यथोत्तरम् । क्रियादी-
प्तो गतिस्थानभावस्वरविचेष्टितैः ॥ १५ ॥ + ॥ + ॥

۱۵ ۔ مُہورت دیپت تِتھ دیپت نچھتر دیپت پون دیپت اور سورج دیپت یہ پانچ

کے دیپت شگن دیو دیپت کہلاتے ہین اور یہ پانچون اُتّروتّر بلوان ہین اور گمن استھت بھاو سور (آواز) اور چیشٹھا (قیافہ) اِنکے دیپت ہونے سے کریا دیپت ہوتی ہے یہ دش پرکار دیپت ہین

दशधैवप्रशान्तो ऽपि सौम्यस्तृणफलाशनः । मांसाऽमे-
ध्याशनो रौद्रो विमिश्रो ऽन्नाशनः स्मृतः ॥१६॥ * ॥

۱۶ - اِسی پرکار شانت شگن بھی مہورت تتھ آدِ کے بھید سے دش پرکار کے ہوتے ہین - جو وہ شگن گھاس یا پھل کھانیوالا ہو تو شبھ اور جو مانس اور بِشٹا آدِ اَپوتّر بستُ کھانیوالا ہو تو اشبھ اور جو اَنّ کھانیوالا ہو تو مِلا ہوا پھل ارتھات نہ شبھ اور نہ اشبھ ہوتا ہے -

हर्म्यप्रासादमङ्गल्यमनोज्ञस्थानसंश्रिताः । श्रेष्ठा
मधुरसक्षीरफलपुष्पद्रुमेषु च ॥१७॥ * ॥ * ॥

۱۷ - محل دیوتا آدِ کا پراساد براہمن گئو آدِ کے منگل استھان اور سُندر استھانون مین جو شگن استھت ہون بغیر مٹھائی کے دُودھ سہت اور پھل پھول سہت برچھون پر جو شگن ہون وہ شبھ ہوتے ہین

स्वकाले गिरितोयस्था बलिनो द्युनिशाचराः । क्लीबस्त्री-
पुरुषाश्चैषां बलिनः स्युर्यथोत्तरम् ॥१८॥ * ॥ * ॥

۱۸ - دِن مین پھرنے والے جیو دِن مین اور پربت (اُونچے استھان) پر استھت ہون اور رات مین پھرنے والے جیو رات مین اور جل کے پاس استھت ہون تو بلوان ہوتے ہین اور اِن جیوون مین نپنسک سے استری اور استری سے پُرش بلوان ہوتے ہین -

जवजातिबलस्थानहर्षसत्त्वस्वरान्विताः । स्वभू-
मावनुलोमाश्च तदूनाः स्युर्विवर्जिताः ॥१९॥ * ॥

۱۹ - بیگ جات بل استھان ہرکھ ستّو اور سور اِن کرکے ٹھیک اور اپنی بھوم مین انولوم ہوکر استھت جو شگن دینے والے جیو ہون تو بلوان شگن ہوتا ہے اور جو بیگ آدِ سے رہت ہو تو وہ شگن نربل ہوتا ہے -

कुक्कुटेभपरिल्यश्च शिखिवञ्जुलछिक्कराः । बलि-
नः सिंहनादश्च कूटपूरी च पूर्वतः ॥ २० ॥ * ॥

۲۰ - مُرغا ہاتھی پِرلی (نام پرند) مور بنجُل (کھدر چنچ نام پرند) چھکّر (ایک طرح کا ہرن) سنگھ ناد (ایک طرح کا پرند) کوٹ پوری (کرائکا) یہ سب پورب دِشا مین بلوان ہوتے ہین -

क्रोष्टुकोलूकहारीतकाककोकर्क्षपिङ्गलाः। क-
पोतरुदिताक्रन्दक्रूरशब्दाश्च याम्यतः ॥२१॥

۲۱۔ سرگال (سیار) اُلّو ہاریت (ہریل چڑیا) کوا چکوا (چکوا) ریچھ پنگلا (نام پرند) کبوتر یہ سب جیو اور رونا آکرند بُری آواز دکھن دِشا مین بلوان ہوتے ہین -

गोशशक्रौञ्चलोमाशहंसोत्क्रोशकपिञ्जलाः। वि-
डालोत्सववादित्रगीतहासाश्च वारुणाः ॥२२॥

۲۲۔ گئو خرگوش کرونچ پنچھی لومڑی ہنس کرر پنچھی ابلا تیتر بلّی یہ سب جیو اور اُتسو باجا گیت اور ہنسی (خندہ) پچّھم مین بلوان ہوتے ہین -

शतपत्रकुरङ्गाखुमृगैकशफकोकिलाः। चाष-
शल्यकपुण्याहघण्टाशङ्खरवा उदक् ॥२३॥

۲۳۔ سَتت پتر (داربلگاٹ پنچھی) ہرن چوہا مرگ گھوڑا اور ایک کھُر والے جیو کوکلا چاکھ (نیل کنٹھ پنچھی) شلّیک (سیہہ) یہ سب جیو اور پنیاہ شبد (بید خوانی وغیرہ پاک آواز) گھنٹہ اور سنکھ کی آواز اُتّر مین بلوان ہوتے ہین -

न ग्राम्योऽरण्यगो ग्राह्यो नारण्यो ग्रामसंस्थितः। दि-
वाचरो न शर्वर्यां न च नक्तंचरो दिवा ॥२४॥

۲۴۔ گانون مین رہنے والا شگن جنگل مین ہو تو اُسکو نہ لینا چاہیے اسیطرح جنگل مین رہنے والا شگن گانون مین ہو اور دن مین پھرنے والا رات مین ہو اور رات مین پھرنے والا دن مین ہو تو بھی اُسکو نہ لینا چاہیے -

द्वन्द्वरोगार्दितत्रस्ताः कलहामिषकाङ्क्षिणः। आ-
पगान्तरिता मत्ता न ग्राह्याः शकुनाः क्वचित् ॥२५॥

۲۵۔ جو شگن کے جیو دو اربھاگ استری پُرش کا جوڑا ہون بیماری سے دردمند ہون ڈرے ہوئے ہون لڑائی کرنیکی اچّھا رکھتے ہون ماس کھانیکی اچّھا رکھتے ہون ندی کے دوسرے کنارے پر ہون اور فصل کی خاصیت سے مست ہو رہے ہون تو اُنکے شگن بھی نہ لینا چاہیے -

रोहिताश्वाजबालेयकुरङ्गोष्ट्रमृगाः शशाः। निष्फ-
लाः शिशिरे ज्ञेया वसन्ते काककोकिलौ ॥२६॥

۲۶- روہت (ایک قسم کا ہرن) گھوڑا بکرا گدہا ہرن اونٹ مرگ اور شنک یے سب
شرد رت مین مست ہوتے ہین اس سے ان دنون مین انکا شگن نشپھل ہوتا ہے - اور
ہیمنت رت مین کوا اور کوکلا کا شگن نشپھل ہوتا ہے -

नतुभाद्रपदे ग्राह्याः सूकरश्ववृकादयः । शरद्यब्जा-
दगोक्रौञ्चाः श्रावणे हस्तिचातकौ ॥ २७ ॥ + ॥

۲۷- شوَر کتہ بھیڑیا آدِ کے شگن کو بھادون مین نہ لینا چاہیے - شرد رت مین مل سے
جیونکو کھانے والے بگلا آدِ گئو اور کرونچ پچھی اور ساون مین ہاتھی اور پپیہا انکے شگن کو
نہ لینا چاہیے یعنے انکے شگن کا ان دنون مین کچھ پھل نہین ہوتا -

व्याघ्रर्क्षवानरद्वीपिमहिषाः सबिलेशयाः । हेम-
न्तेनिष्फला ज्ञेया बालाः सर्वे वि मानुषाः ॥ २८ ॥

۲۸- شیر ریچھ بندر چیتا بھینسا بل مین رہنے والے جیو نیولا آدِ اور آدمیون کے بچون
کے سوائے اور سب بچے ہیمنت رت مین نشپھل ہوتے ہین -

ऐन्द्रानलदिशोर्मध्ये त्रिभागेषु व्यवस्थिताः । को-
शाध्यक्षानलाजीवितपोयुक्ताः प्रदक्षिणम् ॥ २९ ॥

۲۹- پورب اور اگن کون کے بیچ کے تین حصّون مین پردچھن کرم سے کوشا دھیکش (خزانچی)
اگن جیوی (سنار لہار آدِ) اور تپسوی یے تین رہتے ہین

शिल्पी भिक्षुर्विवस्त्रा स्त्री याम्यानलदिगन्तरे । परत-
श्चापि मातङ्ग गोपधर्मसमाश्रयाः ॥ ३० ॥ + ॥

۳۰- اگن کون اور دکھن کے بیچ کے تین حصّون مین سلسلہ سے کاریگر بھکھاری اور ننگی استری استھت
ہین - دکھن اور نیرت کون کے بیچ کے تین حصّون مین ہاتھی گوپال اور دھرماتما پرش استھت ہین -

नैर्ऋतीवारुणीमध्ये प्रमदासूतितस्कराः । शौण्डि-
कः शाकुनो हिंस्रो वायव्यापश्चिमान्तरे ॥ ३१ ॥ + ॥

۳۱- نیرت اور پچھم کے بیچ کے تین حصّون مین سلسلہ سے اُتّم استری * پرسوتا (زچّا) استری
اور چور استھت ہین - بایبیہ اور پچھم کے تین حصّون مین کرم سے شونڈک (کلال) شاکن
(پچھی مارنیوالے) اور ہنسا (جان کُشی) کرنیوالے استھت ہین -

विषघातकगोस्वामिकुहकज्ञास्ततः परम् । धन-
वानीक्षणीकश्च मालाकारः परन्ततः ॥ ३२ ॥ * ॥

۳۱ - بایبیہ اور اُتر کے بیچ کے تین حصّون مین کرم سے بکھ سے مارنیوالا گئوونکا سوامی اور اندرجال جاننے والا استھت ہین - اُتر اور ایشان کے بیچ کے تین حصّون مین دھنوان اور دیوگیہ اور مالاکار (مالی) استھت ہین -

वैश्यानश्वरकश्चैव वाजिनांरक्षणेरतः । एवंद्वात्रिं-
शतो भेदाः पूर्वदिग्भिः सहोदिताः ॥ ३३ ॥ * ॥

۳۲ - ایشان اور پُورب کے بیچ کے تین حصّون مین کرم سے بیشنو چرک (بودھ بھید) اور گھوڑونکی رچھا کرنے والا استھت ہین - یہ بتیس بھید تو یے ہوے اور پُورب آد آٹھ دشاؤن کے آٹھ بھید ملاکر سب چالیس بھید کہے ہین -

राजाकुमारोनेताचदूतः श्रेष्ठीचरोद्विजः । ग-
जाध्यक्षश्चपूर्वाद्याः क्षत्रियाद्याश्चतुर्दिशम् ॥ ३४ ॥

۳۳ - راجا راجکمار سیناپت (سپہ سالار) دوت (ایلچی) سریشٹھی (سیٹھ) چر (گپت پرش) براہمن اور ہاتھیونکا ادھیکش (داروغہ) یے پُورب آد آٹھ دشاؤن مین جاننے - اور پُورب آد چارون دشاؤن مین چھتری بیس شودر اور براہمن جانے -

गच्छतस्तिष्ठतो वापि दिशियस्यां व्यवस्थितः । वि-
रौति शकुनो वाच्यस्तद्दिग्जनसमागमः ॥ ३५ ॥

۳۴ - چلتے ہوئے کو اتھوا استھت پرش کو اِن اُوپر کہی ہوئی بتیس دشاؤن کے حصّون مین جس دشا کے حصّے کے بیچ استھت شگن کا جیو شبد کرے اُسدن اُس دشا مین جو پہلے کوشادھیکش (مالک خزانہ) آد کہہ آئے ہین اُنسے سماگم (ملنا) ہوتا ہے -

भिन्नभैरवदीनार्त्तपरुषक्षामजर्जराः । स्वराने-
ष्टाः शुभाः शान्ता हृष्टमकृतिपूरिताः ॥ ३६ ॥

۳۶ - جو جیوون کے شبد (آواز) الگ الگ ڈرانیوالے دکھی پرشت رُوکھے چھام جرجر ہون وے شبھ نہین ہوتے - اور جو شبد شانت ہون اور ہرکھ سہت ہون وے شبھ ہوتے ہین -

श्रिवा श्यामारला छुच्छु: पिङ्गला गृहगोधिका । सूक-
रीपरपुष्टाच पुंनामानश्च वामतः ॥ ३७ ॥ + ॥ + ॥ + ॥

۳۷ ۔ سیرگالی (سیارنی) شیاما (یا نکی) رلا (لراکا) چھچھوندری چھپکلی شوکری (مادہ خوک) کوکلا اور پرش نام جو پچھی ہون (یعنے مذکر) یہ سب جاترا کرنیوالے پرش کے بائین طرف ہون تو شبھ ہوتے ہین یعنے اچھا پھل کرتے ہین ۔

स्त्रीसंज्ञा भास भषक कपि श्रीकर्ण छिक्कराः । शिखि-
श्रीकण्ठ पिप्पीक रुरु श्येनाश्च दक्षिणाः ॥ ३८ + ॥

۳۸ ۔ استری سنگیا والے (مونث) پچھی بھاس پچھی کھلکھ بندر شری کرن پچھی چھکر (ایک قسم کا ہرن) مور شری کنٹھ پچھی پپیک پچھی رورو مرگ اور باز یہ سب داہنی طرف شبھ ہوتی ہین

क्ष्वेडा स्फोटित पुण्याह गीत शङ्खाम्बु निःस्वनाः । स-
तूर्याध्ययनाः पुंवत्स्त्रीवदन्या गिरः शुभाः ॥ ३९ ॥

۳۹ ۔ کشویڈ شبد بجھا کھی کا شبد پنیاہ واچن کا شبد (بید وغیرہ پڑھنے کی آواز) گیت سنکھ کا شبد جل کا شبد تری کا شبد اور بید پاٹھ کا شبد پرش کی بھانت جاننے ارتھات یہ سب بائین طرف ہون تو اچھے ہوتے ہین ۔ اور اور شبد استری کی بھانت یعنے دکھن طرف شبھ ہوتے ہین ۔

ग्रामौ मध्यम षड्जौ तु गान्धारश्चेति शोभनाः । षड्-
जमध्यमगान्धार ऋषभाश्च स्वरा हिताः ॥ ४० ॥ + ॥

۴۰ ۔ جاترا کے سمے مدھم کھرج اور گاندھار یہ تین گرام شبھ ہوتے ہین اور کھرج مدھم گاندھار اور رکھبھ یہ چار سُر شبھ ہین ۔

रुत कीर्तन दृष्टेषु भारद्वाजाज बर्हिणः । धन्यो न-
कुलचाषौ च सरटः पापदोऽग्रतः ॥ ४१ ॥ + ॥

۴۱ ۔ بھاردواج پچھی بکرا مور نکل اور چاکھ پچھی ان کا جاترا کے سمے شبد نام گرہن اور درشن شبھ ہے اور جو گرگٹ جاترا کے سمے آگے آوے تو اشبھ پھل کرتا ہے ۔

जाहकाहि शश क्रोड गोधानां कीर्तनं शुभम् । रुत-
संदर्शनं नेष्टं प्रतीपं वानरर्क्षयोः ॥ ४२ ॥ + ॥ + ॥

۴۲ ۔ جاترا کے سمے جاہک سانپ خرگوش گودھا اور گوہ (نام جانور) انکا نام لینا شبھ ہے

شبد اور درشن انکا شبھ نہین - بندر اور ریچھ کا شبد اور درشن شبھ اور نام لینا اشبھ ہوتا ہے

ओजाः प्रदक्षिणं शस्ता मृगाः सनकुला एडजाः । चा-

षः सनकुलो वामो भृगुराहापराह्नतः ॥ ४३ ॥+॥

۴۳ - مرگ نکل اور پنچھی ایک تین پانچ آدی بکھم (طاق) ہون اور بائین طرف سے آگے ہوکر داہنے طرف کو آوین تو شبھ ہوتے ہین اور نکل کے سمیت چاکھ پنچھی بائین کو آوین تو شبھ ہوتا ہے - بھرگ منی کہتے ہین کہ چاکھ نکل بعد دوپہر دن کے بائین آوین تو شبھ ہوتی ہین دوپہر سے پہلے شبھ نہین ہوتے -

छिक्करः कूटपूरी च पिरली चाह्नि दक्षिणाः । अपस-

व्याः सदा शस्ता दंष्ट्रिणः सबिलेशयाः ॥ ४४ ॥+॥

۴۴ - چھکر کوٹ پوری پرلی دن کے سمئے داہنے آوین تو شبھ ہوتے ہین - داڑھ والے جیو کتہ سیار آدی اور بل مین رہنے والے سانپ نکل آدی بائین طرف شبھ ہوتے ہین -

श्वेष्ठहयसितेभाच्यांशव मांसे च दक्षिणे । कन्यका

दधिनी पश्चादुदग्गो विप्र साधवः ॥ ४५ ॥+॥+॥

۴۵ - گھوڑا اور اجلے رنگ کی چیز پورب مین - مردہ اور مانس دکھن مین - کنیا اور دہی پچھم مین اور گئو براہمن اور سادھو اتر مین شبھ ہوتے ہین -

जालश्वचरणौ नेष्टौ प्राग्याम्यौ शस्त्रघातकौ । प-

श्चादासवषण्ढौ च खलासनहलान्युदक् ॥ ४६ ॥

۴۶ - جال سے جو مچھلی اور پنچھی آدی پکڑین اور کتے سے جو ہرن آدی مارین یہ دونون پرش پورب مین شبھ نہین ہوتے - شستر اور گھاتک پرش دکھن مین - تدا (شراب) اور نپنسک پچھم مین - دشٹ پرش آسن اور ہل اتر مین اشبھ ہوتے ہین -

कर्मसंगमयुद्धेषु प्रवेशे नष्टमार्गणे । यानव्यस्त

गता ग्राह्या विशेषश्चात्र वक्ष्यते ॥ ४७ ॥+॥+॥

۴۷ - کرم کسی بھائی بندھ آدی سے ملنا جدھ گرہ پرویش کھوئی ہوئی چیز کا ڈھونڈھنا - ان سب باتون مین جاترا سے الٹے شگن لینا چاہیے یعنے جاترا مین جو شگن بائین شبھ کہا ہے وہ ان کامون مین داہنے طرف شبھ ہوتے ہین آدی - اسمین جو کچھ وشیش ہے وہ بھی کہتے ہین -

दिवाप्रस्थानवद्ग्राह्याः कुरङ्गरुरुवानराः । अह्नश्च प्रथमेभागे चाषवंजुलकुक्कुटाः ॥ ४८ ॥ शार्वरीपश्चिमेभागेनप्तृकोलूकपिङ्गलाः । सर्वएवविपर्यस्ता ग्राह्याः सार्थेषु योषिताम् ॥ ४९ ॥+॥+॥+॥+॥

۴۸ - دن کے سمے ہرن رورو مرگ اور بندر انکا شگن جاترا کی طرح ہی لینا چاہیے ارتھات الٹا (برخلاف) لیوے دن کے پہلے حصے مین چاکھ نجل اور مرغا کا شگن جاترا ہی کیطرح لیوے -
۴۹ - رات کے پچھلے حصے مین نپتر کا الّو اور پنگلا کا شگن جاترا ہی کی طرح دیکھے اور جو عورتون ہی کا ساتھ ہو تو سب شگن الٹے ہی دیکھنے چاہئین -

नृपसंदर्शने ग्राह्याः प्रवेशेपिप्रयाणवत् । गिर्यरण्यप्रवेशे च नदीनां चावगाहने ॥ ५० ॥ वामदक्षिणगौ शस्तौ यौ ततावग्रपृष्ठगौ । क्रियादीप्तौ विनाशाय यातुः परिघसंज्ञितौ ॥ ५१ ॥ नावेवतु यथाभागंप्रशान्तरुतचेष्टितौ । शकुनौशकुनद्वारसंज्ञितावर्थसिद्धये ॥ ५२ ॥

۵۰ - راجا کے درشن کے لیئے راجا کے گھر جانے کے سمے جاترا ہی کے برابر شگن دیکھنے چاہئین پہاڑ اور جنگل مین جانے کے سمے اور ندی اترنے کے سمے - ۵۱ - جاترا مین جو شگن بائین اور داہنے کہے ہین وے آگے اور پیچھے کی طرف ہون تو شبھ ہوتے ہین - جاترا کرنے والے پرش کے دو شگن پرگھ سنگیا ہون ارتھات دونون طرف اشبھ ہون اور اوپر کہی ہوئی ریت سے کریا دیپت ہون تو جاترا کرنیوالے کا ناش کرنیوالے ہوتے ہین - ۵۲ - اور وہی دونون شگن جتھا بھاگ ارتھات بائین طرف والا بائین طرف اور داہنے طرف والا داہنی طرف مین ہون اور شانت شبد اور چیشٹا سہت ہون تو وے شگن دوار سنگیک شگن جاترا کرنیوالے پرش کا کام سدھ کرتے ہیں

केचित्तुशकुनद्वारमिच्छन्त्युभयतः स्थितैः । शकुनैरेकजातीयैः शान्तचेष्टाविराविभिः ॥ ५३ ॥ + ॥

۵۳ - کوئی آچارج کہتے ہین کہ ایک ذات کے دو شگن شانت شبد اور چیشٹا کرکے جگت ہو کر جاترا کرنیوالے کے دونون طرف اشبھ ہون تو شگن دوار ہوتے ہین -

विसर्जयति यद्येक एकश्च प्रतिषेधति । सविरो-

घोः शुभो यातुर्ग्राह्यो वा बलवत्तरः ॥ ५४ ॥

۵۴- ایک شگن تو جاترا کی آگیا دیوے ارتھات شبھ ہو اور دوسرا شگن جاترا سے روکے ارتھات اشبھ ہو تو وہ جاترا کرنے والے کے لیے برودھ سنگیا نام شگن اشبھ ہوتا ہے اتھوا ان دونون مین جو بلوان ہو اسکو لینا چاہیے -

पूर्वं प्रावेशिको भूत्वा पुनः प्रास्थानिको भवेत् । सु-

खेन सिद्धिमाचष्टे प्रवेशे तद्विपर्ययः ॥ ५५ ॥ + ॥

۵۵- پہلے شگن پراویشک ہو ارتھات پرویش کے سمے جیسا شبھ شگن کہا ہے ویسا ہو اور پیچھے وہی شگن پرستھانک ہو ارتھات جاترا کے سمے جیسا شبھ شگن کہا ہے ویسا ہو جاوے تو جاترا کرنیوالونکو سکھ سے کام سدھ ہوتا ہے پرویش کے سمے اس سے الٹا ہو تو کام سدھ ہوتا ہے -

विसर्ज्य शकुनः पूर्वं स एव निरुणद्धि चेत् । आह

यातुररेर्मृत्युं डमरं रोगमेव वा ॥ ५६ ॥ + ॥ + ॥

۵۶- جاترا کرنے کے سمے پہلے جو شبھ شگن ہو اور وہی شگن پھر اشبھ ہو جاوے تو جاترا کرنیوالے پرش کی موت دشمن کے ہاتھ سے ہو شستر کلہ ہو روگ ہو یہ بات وہ شگن کہتا ہے -

अपसव्यास्तु शकुना दीप्ता भयनिवेदिनः । आर-

म्भे शकुनो दीप्तो वर्षान्तस्तद्भयङ्करः ॥ ५७ ॥ ॥

۵۷- اپردچھن شگن ہون اور دیپت ہون تو بھے کو تبلاتے ہین - جس کام کے شروع مین دیپت شگن ہون تو برس کے بھیتر اس کام مین بھے (خوف) کرتے ہین -

तिथिवायवर्कभस्थानचेष्टादीप्ता यथाक्रमम् । धन-

सैन्यबलाङ्गेष्ट कर्मणां स्युर्भयंकराः ॥ ५८ ॥ + ॥

۵۸- تتھ دیپت شگن دھن کو بھے کرتا ہے - بایو دیپت سینا کو ارک دیپت بل کو نچھتر دیپت انگ کو استھان دیپت اشٹ کو اور چیشٹا دیپت شگن کرم کو بھے کرتا ہے -

जीमूतध्वनिदीप्तेषु भयं भवति मारुतात् । उभयोः

संध्ययोर्दीप्ताः शस्त्रोद्भवभयंकराः ॥ ५९ ॥ + ॥ + ॥

۵۹- میگھون کے شبد کرکے دیپت شگن ہون تو پون (ہوا) سے ڈر ہوتا ہے اور جو دونون سندھیاؤن مین دیپت شگن ہون تو ہتھیار سے بھے کرتے ہین -

चिति केश कपालेषु मृत्यु बन्ध वधप्रदाः । कण्टकी काष्ठ भस्मस्थाः कलहायास दुःखदाः ॥ ६० ॥

अप्रसिद्धिं भयं वापि निःसाराश्मव्यवस्थिताः । कुर्वन्ति शकुनादीप्ताः शान्तायाप्यफलास्तु ते ॥ ६१ ॥

۶۰- چِتا کیش کپال کے اوپر اسقت شگن ہو تو کرم سے مرت بندھن بدھ کرتا ہے - کانٹون والا برچھ کاٹھ اور بھسم کے اوپر اسقت شگن ہو تو کرم سے کلھہ پرشرم اور دکھ کرتا ہے

۶۱- نِسار پاکھان کے اوپر اسقت شگن ہو تو اپرسدھ اتھوا بھے کرتا ہے - یہ پھل دیپت شگنونکا کہا جو ان استھانون مین اسقت شانت شگن ہون تو تھوڑا پھل دینے والے ہوتے ہین -

असिद्धिसिद्धिदौ ज्ञेयौ निर्हारहारकारिणौ । स्थानादुत्वनब्रजेद्यावांशंसते त्वन्यथागमम् ॥ ६२ ॥

۶۲- جیشٹا کرتا ہوا شگن کام سدھ نہین کرتا اور بھوجن کرتا ہوا شگن کام سدھ کرتا ہے - جہان بیٹھا ہو وہان سے شبد کرتا ہوا شگن جو چلا جائے تو جاترا کو کہتا ہے اور لوٹ کر پھر اسی استھان پر آجائے تو کسی کا آنا بتلاتا ہے -

कलहः स्वरदीप्तेषु स्थान दीप्तेषु विग्रहः । उच्चमादौ स्वरं कृत्वा नीचं पश्चाच्च मोषकृत् ॥ ६३ ॥

۶۳- سور (آواز) کرکے دیپت شگن ہو تو کلھہ اور استھان کرکے دیپت شگن ہو تو بگرہ ہوتا ہے پہلے اونچے آواز سے بول کر پھر نیچی آواز سے شگن بولے تو جاترا کرنیوالے کے چوری ہوتی ہے

एकस्थाने रुवन्दीप्तः सप्ताहाद्ग्रामघातकृत् । पुरदेशनरेन्द्राणामृत्वर्धायनवत्सरात् ॥ ६४ ॥+॥+॥

۶۴- دیپت شگن سب دن ایک استھان مین بولتا رہے تو سات دن مین گانون کا ناش کرتا ہے - دو مہینے مین نگر کا تین مہینے مین دیش کا اور بارہ مہینے مین راجا کا ناش کرتا ہے -

सर्वे दुर्भिक्षकर्तारः स्वजाति पिशिताशनाः । सर्पमूषकमार्जारपृथुरोमविवर्जिताः ॥ ६५ ॥ + ॥ + ॥

۶۵- سانپ چوہا بلی اور مچھلیون کو چھوڑ کر اور سب جیو جو اپنی ذات کے جیو کا مانس (گوشت) کھانے لگین تو دربھچھ (قحط سالی) کرتے ہین -

परयोनिषु गच्छन्तो मैथुने देशनाशनाः । अन्यत्र वे-
सरोत्पत्तेर्नृणां चाजातिमैथुनात् ॥ ६६ ॥ * ॥ * ॥

۶۶۔ سب جیو دوسری ذات کی جُون (فرج) مین میتھن (جماع) کرین تو دیش کا ناش کرتے ہین خچر کی پیدایش کو چھوڑکر اور آدمیون کے اور جانورون کے ساتھ جماع کو چھوڑکر۔ (یعنی خچر پیدا ہونے کے واسطے گھوڑی سے گدہے کا جماع ہوتا ہے اور آدمی بھی کامدیو سے پیڑت ہوکر گھوڑی وغیرہ سے کبھی کبھی جماع کرتا ہے) یے اُتپات نہین ہین۔

बन्धघातभयानि स्युः पादोरूमस्तकातिगैः । अपशा-
ष्यपिशितान्नादैर्वर्षमोपस्तनग्रहाः ॥ ६७ ॥ * ॥ * ॥

۶۷۔ پیرون کے پاس شگن آجاے تو بندھن۔ اُرکے پاس شگن آجاے تو گھات اور ماتھے کو شگن چھو جاے تو بھے ہوتا ہے۔ پانی پیتا ہوا شگن دیکھ پڑے تو پانی برساتا ہے گھاس کھاتا ہوا شگن ہو تو چوری کراتا ہے مانس کھاتا ہوا شگن ہو تو شریر مین گھاو کراتا ہے اور انّ کھاتا ہوا شگن ہو تو گرہ ارتھات کسی بندھو سے سماگم (ملاقات) کراتا ہے۔

क्रूरोग्रदोषदुष्टैश्च प्रधाननृपदूतकैः । चिरकालैश्च
दीप्ताद्यास्वागमो दिक्षु तन्नृणाम् ॥ ६८ ॥ * ॥ * ॥

۶۸۔ دیپت دشا مین شگن استھت ہو تو کسی دُشٹ کے ساتھ آدمی کا آنا ہو۔ دھومتا دشا مین شگن استھت ہو تو بہت بڑے دوش سے دُشٹ پُرش کے سہت آنا ہو۔ شانت دشا مین شگن استھت ہو تو پردھان راجا کا برت کہنے والے کے سہت پُرش کا آنا ہو۔ اور جو انگارتا دشا مین شگن استھت ہو تو بہت دیر کے ساتھ پُرش کا آگمن ہو۔

सद्रव्यो बलवांश्च स्यात्सद्रव्यस्यागमो भवेत् । द्युतिमा-
न्विनतप्रेक्षी सौम्यो दारुणवृत्तकृत् ॥ ६९ ॥ * ॥ * ॥

۶۹۔ جو شگن کسی کھانیوالی چیز کے ساتھ ہو اور بلوان ہو تو اُسدن کچھ چیز لیکر مُنگھ کا آنا ہوتا ہے۔ سَومیہ شگن بھی جو پیچھے کو دیکھتا ہو تو دارُن برتانت کرتا ہے ارتھات جو آوے وہ اُپدرو کرے۔

विदिक्स्थः शकुनो दीप्तो वामस्थेनानुवाशितः । स्त्रि-
याः संग्रहणं प्राह तद्दिगाख्यातयोनितः ॥ ७० ॥ * ॥

۷۰۔ دیپت شگن بدشا مین استھت ہو اور بایین طرف مین دوسرا شگن اُسکے پیچھے شبد کرے

تو اُس دِشا مین پرسنّد ہ جسکا جنم ہے ایسے پرش سے استری کو پاتا ہے -

शान्तः पंचमदीप्तेन विरुतो विजयावहः । दिङ्नराग-

गमकारी वा दोषकृत्तद्विपर्यये ॥ ७१ ॥ + ॥ + ॥ + ॥

۷۱ - شانت شگن ہو اور اُس سے پانچوین دِشا مین اَستھت دِیپت شگن اُسکے پیچھے شبد کرتا ہو تو بجے کرتا ہی یا اُس دِشا کے آدمی کا آنا ہوتا ہی اور اِسکے بپریت (برخلاف) ہو تو دوش کرتا ہے -

वामसव्यरुतो मध्यः प्राह स्वपरयोर्भयम् । मरणं क-

थयन्त्येते सर्वे समविरावेणः ॥ ७२ ॥ + ॥ + ॥ + ॥

۷۲ - مدّھ کا شگن بائین طرف اَستھت شگن کرکے برت ہو اور تھات بائین طرف کا شگن اُسکے پیچھے بولے تو اپنے پچّھ سے بھے ہوتا ہے اور مدّھ کا شگن دکھن طرف کے شگن کرکے برت ہو تو شترو سے بھے ہوتا ہے جو یے تینون ایک ہی سمے مین بولین تو مرنے کو تبلاتے ہین -

वृक्षाग्रमध्यमूलेषु गजाश्वरथिकागमः । दीर्घोत्त-

मुषितागेषु नरनौ शिविकागमः ॥ ७३ ॥ +

۷۳ - برچھ کے سرے بیچ اور جڑ مین شگن اَستھت ہو تو کرم سے ہاتھی گھوڑے رتھ پر چڑھے ہوئے شنکھ کا آنا ہوتا ہے اور جو لمبی چیز پر شگن ہو تو آدمی پر چڑھے ہوئے آدمی کا آنا ہوتا ہے - کمل آدِ پر شگن ہو تو ناو پر چڑھے ہوئے آدمی کا آنا ہوتا ہے - اور لوک کئی ہوئی چیز پر شگن بیٹھا ہو تو پالکی پر چڑھے ہوئے آدمی کا آنا ہوتا ہے -

शाकटेनोन्नतस्थे च छायास्थे छत्रसंयुतः । एकत्रि-

पंचसप्ताहात् पूर्वाद्यास्वन्तरासु च ॥ ७४ ॥ + ॥ + ॥

۷۴ اونچے استھان پر شگن اَستھت ہو تو گاڑی پر چڑھا ہوا آدمی آتا ہے - سایہ مین شگن بیٹھا ہو تو چھتر لگائے ہوئے آدمی کا آنا ہوتا ہے پورب دِشا مین شگن اَستھت ہونے سے جو شبھ اشبھ پھل کسی کا آنا یا کسی سے مِلنا کہا یہ سب ایک دن مین ہوتا ہے - دکھن مین شگن اَستھت ہو تو اُسکا پھل تین دِن مین - پچھم مین ہو تو پانچ دن مین - اُتر مین شگن ہو تو سات دِن مین اُسکا پھل ہوتا ہے اسیطرح اگنیے آدِ چارون کونون مین اَستھت شگن کا پھل بھی کرم (بترتیب سلسلہ) سے ایک تین پانچ اور سات دِن مین ہوتا ہے -

सुरपतिहुतवहयमनिर्ऋतिवरुणपवनेन्दुशंकराः ।

प्राच्यादीनां पतयोदिशः पुमांसोऽङ्गनाविदिशः ॥७५॥

۷۵- پورب آد آٹھوں دشاؤں کے کرم سے اِندر، اگنی، جم، نرترت، برن، بایو، سوم اور شیو یے آٹھ مالک ہین پورب آد چار دشا پرش ہین اور اگنیہ آد چار بدشا استری ہین -

तरुतालीविदलाम्बरसलिलजशरचर्मपट्टलेखाः स्युः ।

द्वात्रिंशत्प्रविभक्ते दिक्चक्रे तेषु कार्याणि ॥ ७६ ॥

۷۶- بتیس بھاگ مین بٹے ہوئے دگ چکر مین شگن ہون تو کرم سے تر آد کے اوپر کا مونکا لیکھ ہوتا ہے - ارتھات پورب کے بھاگون مین شگن ہو تو برچھ کی توچا (پوست) پر اتھوا پتون پر شبھ اشبھ کام لکھا ہو - اگنی کون مین شگن ہو تو تال پتر پر - دکھن مین شگن ہو تو بانس کے چھلکے آد پر - نیرت مین ہو تو کپڑے پر - پچھم مین ہو تو پانی سے پیدا کمل آد کے پتے پر - بایبیہ مین ہو تو سرکانڈ کے اوپر - اُتر مین چمڑے کے اوپر - ایشان کون مین شگن سمھت ہو تو پٹ (ریشمی) بستر (کپڑا) پر کام لکھا ہوا ہوتا ہے

यायामशिखिनिकूजितकलहाम्भोनिगडमन्त्रगोशब्दाः ॥

वर्णाश्च रक्तपीतककृष्णासिताः कोणगा मिश्राः ॥७७॥

۷۷- پورب مین جو شگن ہو اسکا شبھ اشبھ پھل کسرت کے استھان مین ہوتا ہے - اگنی کون کے شگن کا پھل آگ کے پاس - دکھن کے شگن کا پھل نکوجت ارتھات کسی کا شبد سننے اسکے پاس ہوتا ہے - نیرت کے شگن کا پھل جھگڑے کے استھان مین - پچھم کے شگن کا پھل پانی کے پاس - بایبیہ کے شگن کا پھل نگڑ (جیلخانہ کی بیڑی آد) کے پاس - اُتر کے شگن کا پھل بید پاٹھ کے استھان مین اور ایشان کونے کے شگن کا پھل گؤوین جہان بولتی ہون اُس استھان مین ہوتا ہے - لال پیلا کالا اُجلا یے پورب آد چار دشاؤن کے رنگ ہین اور لال پیلا پیلا کالا کالا اُجلا اور اُجلا لال ملکر اگنیہ آد چارون بدشاؤن کے رنگ ہین -

चिह्नध्वजीर्ध्वमथश्मशानदरीजलपर्वतयज्ञघोषाः । एतेषु

संयोगभयानिविद्यादन्यानिवास्थानविकल्पितानि ॥७८॥

۷۸- دھوج اگنی سے جلا استھان گپھا جل پربت جگیہ استھان اور گھوگھ (اہیرونکا محلہ) یے آٹھ پورب آد دشاؤن کے چنھ ہین پورب آد دشاؤن مین شگن ہونے سے ان استھانون مین سنجوگ اتھوا بھے ہوتا ہے اور بھی استھان بدھی سے جان لیوے ارتھات شبھ شگن کا پھل شبھ استھانون اور اشبھ کا پھل اشبھ استھانون ہوتا ہے یہ جانے -

स्त्रीणां विकल्पाद्बृहतीकुमारीव्यङ्गाविगन्धात्वथनीलवस्त्रा ।
कुब्जीमदीर्घाविधवाचनाश्चसंयोग चिन्तापरिवेदिकाःस्युः॥७९॥

۷۹ - استریون کے یہ استھان ہین کہ ایشان کون مین بڑی استری اور کماری اگن کون مین انگ ہین استری اور دُرگندھ والی استری نیرت کون مین نیلے بستر والی استری اور کُبری استری بائیبیہ کون مین لبی استری اور بدھوا استری ہین جس دشا مین شگن ہو اُس دشا کی استری سے سنجوگ (ملنا) ہوتا ہے اتھوا وہ استری چنتا (فکر) اتپن کرتی ہے -

ऐच्छास्तुरूप्य कनकातुरभामिनीनांपेयाद्ययानमरख-
गोकुलसंश्रयाश्च । न्यग्रोधरक्तनरुरोध्रककीचका-
ख्याश्चूतद्रुमाः खदिरविल्वनगार्जुनाश्च ॥८०॥ + ॥

अतिसर्वशाकुनेभिश्रकाध्यायः प्रथमः ॥ १ ॥

इतिश्रीवराहमिहिराचार्यकृतौबृहत्संहिता-
यांषडशीतितमोऽध्यायः ॥८६॥ + ॥

۸۰ - پرشن کے سمے پورب آدی دشاؤن مین شگن استھت ہو تو کرم سے چاندی سونا روئی استری کھانیکی چیز باہن یگ اور گئووون کے جھنڈ کی چنتا پرشن کرنیوالے پرش کو ہوتی ہے اور بڑ برچھ لال رنگ کا برچھ لودھ کا برچھ نولا بانس آم کا برچھ کتھہ کا برچھ بیل کا برچھ اور ارجن برچھ یہ آٹھ برچھ آٹھ دشاؤن کے ہین ارتھات جس دشا مین شگن ہو اُس دشا کے برچھ کے نیچے سونے چاندی آدی کا لابھ اتھوا تان شگون کے موافق ہوتا ہے -

(سب شگونون مین مشر ادھیاے نام پہلا ادھیاے سماپت ہوا -)

شری براہ مہراچارج کی بنائی ہوئی برہت سنگھتا مین ادھیاے چھیاسی سماپت ہوا -

ادھیاے ستاسی

شگن انترچکر

ऐन्द्र्यांदिशिशान्तायांविरुवन्नृपसंश्रितागमंवक्ति ।
शकुनःपूजालाभंमणिरत्नद्रव्यसंप्राप्तिम् ॥१॥ + ॥

۱- شانت پورب دِشا مین شبد کرتا ہوا شگن راجا کے آسرے والے پرش کا آنا کہتا ہے - اور پوجا کی پراپت اور من رتن اور سُبرن آرد درَبیہ کی پراپت کہتا ہے - شُبھ شگن ہو تو پورا پھل مَدّھم ہو تو مدّھم پھل اور اشُبھ ہو تو کچھ پھل کرتا ہے -

तदनन्तरदिग्भिकनकागमोभवेद्वांछितार्थसिद्धिश्च।

क्ष्मायुधधनपूगफलागमस्तृतीयेभवेद्भागे ॥ २ ॥

۲- پورب دِشا کے تین بھاگون مین پرتھم بھاگ کا پھل پہلے کہا دوسرے بھاگ مین شگن ہو تو سونا ملتا ہے اور چاہا ہوا کام سِدّھ ہوتا ہے اور جو تیسرے بھاگ مین شگن ہو تو شستر یعنے ہتھیار اور دھن (دولت) اور پُنگی پھل (سُپاری) کی پراپت ہوتی ہے -

स्निग्धद्विजस्यसंदर्शनंचतुर्थेतथाहिताग्नेश्च। को-

णेऽनुजीविभिक्षुप्रदर्शनंकनकलोहाप्तिः ॥ ३ ॥

۳- چوتھے بھاگ مین شگن ہو تو اپنے پیارے براہمن کا درشن ہو اور اگن ہوتری کا درشن ہو - اگن کون مین شگن ہو تو اپنا انُجیوی (پالا ہوا) سیوک آدِ اور بھچھک (بھیکھ مانگنے والا فقیر) دیکھ پڑے اور سُبرن (سونا) اور لوہے کی پراپت ہو -

याम्येनाद्येनृपपुत्रदर्शनंसिद्धिरविमतस्याप्तिः। पर-

तः स्त्रीधर्माप्तिः सर्षपयवलब्धिरप्युक्ता ॥ ४ ॥ + ॥

۴- دکھن دِشا کے پہلے بھاگ مین شگن ہو تو راج پُتر کا درشن ہوتا ہے کام سِدّھ اور اِشٹ بستُ کی پراپت ہوتی ہے دوسرے بھاگ مین شگن ہو تو استری اور دھرم کی پراپت ہوتی ہے اور سرشون اور جَو کا لابھ بھی ہوتا ہے -

कोणाच्चतुर्थखण्डेलब्धिर्द्रव्यस्यपूर्वनष्टस्य। यद्वा

तद्वाफलमपियाचायाँ प्राप्नुयाद्याता ॥ ५ ॥ + ॥

۵- کونے سے چوتھے کھنڈ مین شگن ہو تو پہلے کی گئی ہوئی چیز ملتی ہے اور جاترا کرنے والے پرش کو تھوڑا بہت پھل ہوتا ہے -

यात्रासिद्धिः समदक्षिणेनशिखिमहिषकुक्कुटाप्तिश्च।

याम्याद्वितीयभागेचारणसंगः शुभंप्रीतिः ॥ ६ ॥

۶- سَم دکھن بھاگ مین شگن ہو تو جاترا سِدّھ ہوتی ہے مور بھینسا اور مُرغا کا لابھ ہوتا ہے - دکھن سے دوسرے بھاگ مین شگن ہو تو چارنون (نٹ ناچنے والے آدِ) کا سنگ ہو شُبھ ہو اور پریت ہو -

ऊर्ध्वे सिद्धिः कैवर्तसंगमो मीनतित्तिराद्याप्तिः । प्रव्रजितदर्शनं तत्परे च पक्वान्नफललब्धिः ॥ ७ ॥ + ॥

۷ - تیسرے بھاگ مین شگن ہو تو کام سدھ ہو کیورت (ملّاح) سے ملنا ہو اور مچھلی تیتر آدی کی پراپت ہو - چوتھے بھاگ مین شگن ہو تو سنیاسی کا درشن ہو اور پکوان اور پھل کا لابھ ہو -

नैर्ऋत्यां स्त्रीलाभस्तुरगालंकारदूतलेखाप्तिः । परतोऽस्य चर्म तच्छिल्पिदर्शनं चर्ममयलब्धिः ॥ ८ ॥ + ॥

۸ - نیرت کون مین شگن ہو تو استری کا لابھ ہو گھوڑا بھوکھن دوت اور لکھا ہوا انکی پراپت ہو - نیرت کے اگلے بھاگ مین شگن ہو تو چمڑا اور چمار کا درشن ہو اور چمڑے سے بنی ہوئی وستُ کا لابھ ہو -

वानरभिक्षुश्रवणावलोकनं नैर्ऋताचृतीयांशे । फलकुसुमदन्तघटितागमश्च कोणाच्चतुर्थांशे ॥ ९ ॥ + ॥

۹ - نیرت سے تیسرے بھاگ مین شگن ہو تو بندر بھکھاری اور شرمن (گونگے فقیر) کا درشن ہو - نیرت کون سے چوتھے بھاگ مین شگن ہو تو پھل پھول اور ہاتھی دانت کی بنی ہوئی چیز کی پراپت ہو -

वारुण्यामर्णवजातरत्नवैदूर्यमणिमयप्राप्तिः । परतोऽतः शबरव्याधचौरसंगः पिशितलब्धिः ॥ १० ॥

۱۰ - پچھم مین شگن ہو تو سمدر سے پیدا رتن بیدوریج (پنّا) اور منی جٹت پدارتھ کا لابھ ہو - پچھم سے اگلے بھاگ مین شگن ہو تو بھیل بیادھ اور چور کا سنگ ہو اور مانس (گوشت) کا لابھ ہو -

परतोऽपि दर्शनं वा नरोगिणां चन्दनागुरुप्राप्तिः । रुपायुधपुस्तकलब्धिस्तद्वृत्तिसमागमश्चोर्ध्वम् ॥ ११ ॥

۱۱ - اس سے اگلے بھاگ مین شگن ہو تو بائی (روگ) کے بیمار سے دیدار ہو اور چندن اور اگر کا لابھ ہو - اس سے بھی اگلے بھاگ مین شگن ہو تو ہتھیار اور پوتھی کا لابھ ہو اور ہتھیار اور پستک برتّ کرنیوالو نسے ملنا ہو -

वायव्ये फेनकचामरौर्णिकाप्तिः समेति कायस्थः । मृन्मयलाभोऽन्यस्मिन्वैतालिकडिण्डिभाण्डानाम् ॥ १२ ॥

۱۲ - بایبیہ مین شگن ہو تو سمندر پھین مرچھل اور اونی کپڑون کی پراپت ہو اور کایستھ کا درشن ہو - اگلے بھاگ مین شگن ہو تو مٹی سے بنی ہوئی چیز ملے اور بیتالک (راجاؤنکی استت پڑھنے والے) اور ڈنڈ بھانڈ کا درشن ہو - جسمین پٹہ مردنگ اور کرار نام باجے اکٹھا بجائے جاوین اسکو ڈنڈ بھانڈ کہتے ہین -

वायव्याच्च तृतीये मित्रेण समागमो धनप्राप्तिः । वस्त्रा-
श्वाप्तिरतः परमिष्टसुहृत्संप्रयोगश्च ॥ २३ ॥ ॥ ॥

۱۳۔ بایبیہ کون سے تیسرے بھاگ مین شگن ہو تو متر سے ملنا ہو اور دھن بھی پراپت ہو۔ اس سے اگلے بھاگ مین شگن ہو تو گھوڑا اور کپڑے کی پراپت ہو اور اشٹ متر سے ملنا ہو۔

दधितन्दुललाजानां लब्धिरुदग्दर्शनं च वि-
प्रस्य । अर्थावाप्तिरनन्तरमुपगच्छति सार्थ-
वाहश्च ॥ २४ ॥ ॥ ॥ ॥ ॥ ॥ ॥

۱۴۔ اُتر دشا مین شگن ہو تو دہی چاول اور دھان کی کھیل ملے اور براہمن کا درشن ہو۔ اُتر کے پہلے بھاگ مین شگن ہو تو دھن کی پراپت ہو اور بیاپاری کا درشن ہو۔

वेश्यावटुदाससमागमः परे शुष्कपुष्पफललब्धिः ।
अत ऊर्ध्वं चित्रकरस्य दर्शनं चित्रवस्त्राप्तिः ॥ २५ ॥

۱۵۔ اس سے اگلے بھاگ مین شگن ہو تو بیسوا یا بالک اور داس سے ملنا ہو اور سوکھے ہوئے پھول اور پھل ملین اس سے اگلے بھاگ مین شگن ہو تو تصویر بنانیوالے کا درشن ہو اور رنگین کپڑا (چھینٹ آدِ) کا لابھ ہو۔

ऐशान्यां देवलकोपसंगमो धान्यरत्नपशुलब्धिः । प्रा-
क्प्रथमे वस्त्राप्तिः समागमश्चापि बन्धक्या ॥ २६ ॥ ॥

۱۶۔ ایشان کون مین شگن ہو تو دیوتا کے پوجاری سے ملنا ہو اناج رتن اور پشو کا لابھ ہو۔ پورب دشا کے پہلے بھاگ مین شگن ہو تو کپڑا ملے اور بیبھچارنی (زناکار) استری سے ملنا ہو۔

रजकेन समायोगो जलजद्रव्यागमश्च परतोऽतः । ह-
स्त्युपजीविसमाजश्चास्माद्धस्त्यश्वलब्धिश्च ॥ २७ ॥

۱۷۔ اس سے اگلے بھاگ (حصہ) مین شگن ہو تو رجک (دھوبی) سے سماگم (ملاقات) ہو اور پانی سے پیدا ہوئی چیز کا لابھ ہو۔ اس سے اگلے بھاگ مین شگن ہو تو ہاتھی سے جیوکا (رزق) کرنے والے سے ملنا ہو اور ہاتھی اور گھوڑے کا لابھ ہو۔

द्वात्रिंशत्प्रविभक्तं दिक्चक्रं वास्तुबन्धनेऽप्युक्तम् । अन्त-
र्नाभिस्थैरन्तःफलानि नवधा विकल्प्यानि ॥ २८ ॥ ॥

۱۸۔ دِگ چکر کے بتیس ۳۲ بھاگ کیے بھاگ باسُت کے ادھیاے مین بھی کہے ہین اسکے بیچ مین

آٹھ ار اور ایک نابھ مان کر انکھینچ ہوئے شگن کے پھل نو پرکار سے بچارنے چاہئین اب وہی پھل کہتے ہین۔

नाभिस्थे बन्धुसुहृत्समागमस्तुष्टिरुत्तमा भवति । प्रा-
ग्रक्तपट्टवस्त्रागमस्त्वरे नृपतिसंयोगः ॥ १९ ॥ + ॥

۱۹- نابھ مین سمت شگن ہو تو بندھ اور مترون سے ملنا ہوتا ہی اور اُتم تشٹ ہو پورب بھاگ کے ار کے اوپر شگن سمت ہو تو لال ریشم کا کپڑا ملتا ہی اور راجا سے ملنا ہوتا ہے -

आग्नेये कौलिकतक्षपारिकर्माश्वसूतसंयोगः । ल-
ब्धिश्च तत्कृतानां द्रव्याणामश्वलब्धिर्वा ॥ २० ॥ + ॥

۲۰- اگن کون کے ار کے اوپر شگن ہو تو جولاہہ کھاتی کاریگر گھوڑا اور سارتھی انکا ملنا ہوتا ہی اور جولاہے آدکے بنائے ہوئے کپڑے کا لابھ ہوتا ہے اتوا گھوڑے کا لابھ ہوتا ہے -

नेमीभागं बुद्ध्वा नाभीभागं च दक्षिणे योऽरः । धार्मि-
कजनसंयोगस्तत्र भवेद्धर्मलाभश्च ॥ २१ ॥ + ॥ + ॥

۲۱- نیم بھاگ (چکر کی پردھ) اور نابھ بھاگ (چکر کا بیچ) کو جانکر دکھن مین جو ار ہے اُسکے اوپر شگن ہو تو دھرماتما لوگون سے ملنا ہو اور دھرم کا لابھ ہو -

उस्राक्रीडककापालिकागमो नैर्ऋते समुद्दिष्टः । वृ-
षभस्य चात्र लब्धिर्माषकुलत्थाद्यशनं च ॥ २२ ॥

۲۲- نیرت مین شگن ہو تو گئو تماشا کرنیوالا کاپالک اِنسے ملنا ہوتا ہے - بیل کا لابھ ہوتا ہی اور اُرد اور کلتھی کا بھوجن ملتا ہے -

अपरस्यां दिशि योऽरस्तत्रासक्तिः कृषीवलैर्भवति ।
सामुद्रद्रव्यमसारकाश्च फलमद्यलब्धिश्च ॥ २३ ॥

۲۳- پچھم دشا کے ار کے اوپر شگن ہو تو کھیتی کرنیوالون سے سنگم ہو اور سمندر سے پیدا ہوئے رتن مسار (ایک پرکار کا منِ) کانچ پھل اور مد (شراب) کا لابھ ہو -

भारवहतक्षभिक्षुकसंदर्शनमपि च वायुदिक्संस्थे ।
तिलककुसुमस्य लब्धिः सनागपुन्नागकुसुमस्य ॥ २४ ॥

۲۴- بایبیہ کون کے ار کے اوپر شگن ہو تو بوجھ اُٹھانے والا کھاتی اور بھکھاری انکا ملنا ہو اور تِلک برچھ کے پشپ ناگ پشپ اور پناگ پشپ کا لابھ ہو -

कौवेर्यां दिशि शकुनः शान्तायां वित्तलाभमाख्याति ।
भागवतेन समागममाचष्टे पीतवस्त्रैश्च ॥ २५ ॥

۲۵ - شانت اُتر دِشا کے ارسے اُوپر شگن ہو تو دھن کے لابھ کو کہتا ہے اور بیشنو کے ساتھ ملنا اور پیلے رنگ کے کپڑون کے ساتھ ملنا ہوتا ہے -

ऐशाने व्रतयुक्तावनितासंदर्शनं समुपयाति । लब्धि-
श्च परिज्ञेया कृष्णाऽयोवस्त्र घण्टानाम् ॥ २६ ॥

۲۶ - ایشان کون کے ارکے اُوپر شگن ہو تو برتی استری دیکھ پڑتی ہے اور لوہا کالا کپڑا اور بجانیکا گھنٹہ ملتا ہے -

याम्ये ऽंशे पश्चाद् द्विषट्त्रिसप्ताष्टमेषु मध्यफ-
ला । सौम्ये न च द्वितीये शेषेष्वतिशोभना यात्रा ॥ २७ ॥
अभ्यन्तरे तु नाभ्यां शुभफलदा भवति षट्सु चारेषु । वा-
यव्यानैर्ऋतयोरुभयोः क्लेशावहा यात्रा ॥ २८ ॥

۲۷ - دکھن دِشا کے اشٹم انش مین پچھم مین نیرت کون سے لیکر دوسرے چھٹے تیسرے ساتوین اور آٹھوین اشٹم انش مین اور اُتر مین دوسرے اشٹم انش مین شانت شگن ہو تو جاترا مدھ پھل کہاتی ہے اُترھات نہ شبھ اور نہ اشبھ جاترا ہوتی ہے اور باقی کے بھاگون مین شگن ہو تو بہت شبھ جاترا ہوتی ہے - ۲۸ - بیچ مین نابھ کے چھ ارون پر شگن ہو تو شبھ پھل دینے والی جاترا ہوتی ہے اور بایبیہ اور نیرت کون مین ارکے اُوپر شگن ہو تو کلیش دینے والی جاترا ہوتی ہے -

शान्तासु दिक्षु फलमिदमुक्तं दीप्तास्वतोऽभिधास्यामि ।
ऐन्द्र्यां भयं नरेन्द्रात् समागमश्चैव शत्रूणाम् ॥ २९ ॥

۲۹ - یہ پھل شانت دِشاؤنکا کہا اب دیپتا دِشا کا پھل کہتے ہین - پورب دِشا مین شگن ہو تو راجا سے بھے (خوف) ہو اور شترؤن سے سماگم (ملاقات) ہو -

तदनन्तरदिग्विनाशः कनकस्य भयं सुवर्णकाराणाम् ।
अर्थक्षयस्तृतीये कलहः शस्त्रप्रकोपश्च ॥ ३० ॥

۳۰ - پورب کے اگلے بھاگ مین شگن ہو تو سُبرن (سونا) کا ناش ہو اور سناروں سے بھے ہو تیسرے بھاگ مین شگن ہو تو دھن کا چھے کلہ (لڑائی) اور ششتر کوپ (جدّھ) ہو -

अग्निभयं च चतुर्थे भयमाग्नेये च भवति चौरेभ्यः ।

कोणादपि द्वितीये धनक्षयो नृप सुत विनाशः ॥ ३१ ॥

۳۱ - پورب کے چوتھے بھاگ مین شگن ہو تو آگ کا ڈر ہوتا ہے - اگن کون مین شگن ہو تو چور سے ڈر ہوتا ہے اور اگن کون سے دوسرے بھاگ مین شگن ہو تو دھن کا چھے اور راج پتر کا مرنا ہوتا ہے -

प्रमदागर्भ विनाशस्तृतीय भागे भवेच्चतुर्थे च । हैरण्य-

कका रुकयोः प्रध्वंसः शास्त्र कोपश्च ॥ ३२ ॥

۳۲ - اگن کون سے تیسرے بھاگ مین شگن ہوت ہو تو استری کے گربھ کا ناش ہو - اور چوتھے بھاگ مین شگن ہو تو سنار آد کاریگرون کا ناش ہو اور شستر کوپ (ارتھات جدھ) ہو -

अथ पंचमे नृप भयं मारी मृत दर्शनं च वक्तव्यम् । ष-

ष्ठे तु भयं ज्ञेयं गान्धर्वाणां सडोम्बानाम् ॥ ३३ ॥

۳۳ - پانچوین بھاگ مین شگن ہو تو راجا سے ڈر ہو اور مری سے مرے ہوئے پرش کا درشن ہو - چھٹھے بھاگ مین شگن ہو تو گانے والے اور ڈوم سے ڈر ہوتا ہے -

धीवरशाकुनिकानां सप्तम भागे भयं भवति दीप्ते । भो-

जन विघात उक्तो निर्ग्रन्थ भयं च तत्परतः ॥ ३४ ॥

۳۴ - ساتوین بھاگ مین دیپت شگن ہو تو مچھلی مار اور پنچھی مارنیوالے سے ڈر ہو - آٹھوین بھاگ مین شگن ہو تو بھوجن کا ناش کہا ہے اور نرگرنتھ (جاہل) سے ڈر ہوتا ہے -

कलहो नैर्ऋतभागे रक्तस्रावो ऽथ शास्त्र कोपश्च । अ-

पराधे चर्मकृतं विनश्यते चर्मकार भयम् ॥ ३५ ॥

۳۵ - نیرت کون مین شگن ہو تو لڑائی ہو لہو بہے اور سنگرام ہو - پچھم کے پہلے بھاگ مین شگن ہو تو چمڑے سے بنی ہوئی چیز کا ناش ہو اور چمار سے ڈر ہو -

तदनन्तरे परिव्राट् क्षमण भयं तत्परे त्वनशनभयम् ।

वृष्टिभयं वारुण्यां श्वतस्कराणां भयं परतः ॥ ३६ ॥

۳۶ - پچھم کے دوسرے بھاگ مین شگن ہو تو سنیاسی اور شرمن (بودھ مت کے فقیر) سے ڈر ہو - اس سے اگلے بھاگ مین شگن ہو تو اپباس سے ڈر ہو - پچھم مین شگن ہو تو برکھا کا ڈر ہو - اس سے اگلے بھاگ مین شگن ہو تو کتے اور چورون سے ڈر ہو -

वायुग्रस्त विनाशः परे परे शास्त्र पूल्ल वार्ता नाम् ।

कोणेपुस्तकनाशः परेविषस्तेन वायुभयम् ॥३७॥

۳۷ - اُس سے اگلے بھاگ مین شگن ہو تو بائی کی بیماری سے دُکھی پُرش کی موت ہو - اُس سے اگلے بھاگ مین شگن ہو تو ہتھیار اور پُستک سے جیوکا (رازقہ) کرنے والون سے ڈر ہو - بایبئیہ کون مین شگن ہو تو پُستک کا ناش ہو - دوسرے بھاگ مین شگن ہو تو بکھ اور اُس سے بایو کا ڈر ہو -

परतो वित्तविनाशो मित्रैः सहविग्रहश्चविज्ञेयः । त-
स्यासन्ने ऽश्ववधोभयमपिचपुरोधसः प्रोक्तम् ॥३८॥

۳۸ - اُس سے اگلے بھاگ مین شگن ہو تو دھن کا ناش ہو اور مِترون سے لڑائی ہو - اُس سے دوسرے بھاگ مین شگن ہو تو گھوڑا مر جاے اور پُروہت کو ڈر ہو -

गोहरणशस्त्रघातावुदक्परेसार्थघातधननाशौ । त्वा-
सन्नेचश्वभयं व्रात्यद्विजदासगणिकानाम् ॥३९॥

۳۹ اُتر مین شگن ہو تو گئوونکا ہرن (گُم ہو جانا) ہو اور ہتھیار لگے - اُس سے دوسرے بھاگ مین شگن ہو تو سارتھ کا ناش ہو اور دھن کا بھی ناش ہو - اُسکے پاس کے بھاگ مین شگن ہو تو کتّونکا ڈر ہو اور براتیہ (برّوا جبکا جنیؤ نہوا ہو) دوج (براہمن چھتری بیش) اور بیشیا (رنڈیان) سے بھے (خوف) ہو - جس براہمن کا اُپنین آدِ سنسکار نہون اُسکو براتیہ کہتے ہین -

ऐशानस्यासन्ने चित्राम्बरचित्रकृद्भयं प्रोक्तम् । ऐ-
शानेत्वग्निभयं दूषणमप्युत्तमस्त्रीणाम् ॥४०॥+॥

۴۰ - ایشان کون کے پاس شگن ہو تو چِتر (بیل بوٹہ دار) بستر اور چِتر بنانے والے سے ڈر ہو - ایشان کون مین شگن ہو تو آگ کا ڈر ہو اور اُتم استری لوگونکو دوش لگے -

प्रोक्तस्यैवासन्ने दुःखोत्पत्तिः स्त्रियाविनाशश्च । भय-
मूर्ध्वरजकानां विज्ञेयं काच्छिकानांच ॥४१॥+॥

۴۱ - پورب دشا کے ایشان کون کے پاس شگن ہو تو دُکھ پیدا ہو اور استری مر جا - اُس سے اگلے بھاگ مین شگن ہو تو دھوبی اور کاچھی سے ڈر ہو -

हस्त्यारोहभयंस्याद्दिरदविनाशश्चमण्डलसमाप्तौ ।
ऽभ्यन्तरेतुदीप्ते पत्नीमरणंध्रुवंपूर्वे ॥४२॥+॥+॥

۴۲ - بتّیس بھاگون مین بٹے ہوئے دِگ چکر کی سماپت پر شگن ہو تو ہاتھی وان سے ڈر ہو

اور ہاتھی مر جاے - بیچ مین پوُرب کے ارکے اوُپر شگُن ہو تو بھاریا (زوجہ) مر جاے -

शस्त्रानलप्रकोपावाग्नेयेवाजिमरणंशिल्पिभयम। या-
म्येधर्मविनाशः परेऽन्यवस्कन्दचौरधूर्तवधः ॥ ४३ ॥
अपरेतु कर्मिणांभयमथकोणेचानिले खरोष्ट्रवधः। अत्रै-
वमनुष्याणांविशूचिकाविषभयंभवति ॥ ४४ ॥ उदगर्थ-
विप्रपीडादिश्यैशान्यान्तुचित्तसंतापः। ग्रामीणगोप-
पीडाचतत्रनाभ्यांतथात्मवधः ॥ ४५ ॥ + ॥ + ॥ + ॥

इतिसर्वशाकुनेऽन्तरचक्रंनामद्वितीयोऽध्यायः २॥

इतिश्रीवराहमिहिरकृतौवृहत्संहितायांस-
प्ताशीतितमोऽध्यायः ॥ ८७ ॥ + ॥ + ॥ + ॥

۴۳ - اگن کون کے ارکے اوُپر دیپت شگن ہو تو شستر کوُپ (جھگڑہ) اور اگن کوپ ہو -
گھوڑا مرجاے اور کاریگروں سے ڈر ہو - دکھن مین شگن ہو تو دھرم کا ناش ہو - نیرت کون مین
شگن ہو تو اگن اوسکند (قزاق) چور اور دھورت (فریبی) انسے مارا جاے - ۴۴ پچھم
بھاگ مین ارکے اوپر دیپت شگن ہو تو کام کرنیوالون سے ڈر ہو - بایبیہ کون کے ارکے اوپر شگن
ہو تو گدہے اور اونٹ مرجاین اور اسی کون مین شگن ہونے سے بشوچکا (ہیضہ) اور زہر سے
